صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤ھ-٢٦١ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد سیزدہم (13)

نور فاؤنڈیشن

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

نام کتاب : صحیح مسلم جلد سیزدہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)

ایڈیشن اوّل : قادیان انڈیا 2012

تعداد : 1000

ناشر : نظارت نشر و اشاعت صدر انجمن احمدیہ قادیان
ضلع گورداسپور، پنجاب 143516

مطبع : فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN : 978-81-7912-195-X

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر:۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللّٰہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷، ۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستّہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دیئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکر الدین لقب تھا۔ آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔ اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔ امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔ لیکن بعض علماء اور مؤرخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔ آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔ جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔ اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔ اس میں 7563 روایات ہیں۔ مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''**مثلہ**'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔ جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔ اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔ بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23، 24 دار ابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔ کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جا رہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی تیرہویں جلد **کتاب فضائل الصحابة** اور **کتاب البر والصلة والآداب** پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد سیزدہم میں ابواب کی ترقیم **دار الکتاب العربی بیروت الطبعة الاولیٰ** کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر ''**المعجم المفهرس**'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر ''**تحفة الاشراف للمزی**'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر ''**المعجم المفهرس للاحادیث**'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہفتم حدیث نمبر 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہشتم حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد نہم حدیث نمبر 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دہم حدیث نمبر 3375 سے 3645 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور جلد یازدہم حدیث نمبر 3646 سے 3959 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوازدہم حدیث نمبر 3960 سے 4374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور جلد سیزدہم حدیث نمبر 4375 سے 4766 تک کی احادیث پر مشتمل ہے اور جلد چہاردہم انشاء اللہ حدیث نمبر 4767 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعه دار الکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد سیزدہم میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد

یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کردی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس نمبر،عنوان اور کتاب کے تحت آرہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد سیزدہم کتاب فضائل الصحابة کی روایت نمبر 4377 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب فضائل الصحابة میں روایت نمبر 4378 باب من فضائل ابی بکر الصدیق رضی الله عنه میں بھی موجود ہے جس کا ذکر اطراف میں کردیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب فضائل الصحابة کی حدیث نمبر 4375 بخاری میں کتاب فضائل اصحاب النبیؐ روایت نمبر 3653 باب مناقب المهاجرین وفضلهم میں بھی موجود ہے،جس کا ذکر تخریج میں کردیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ابوداؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابوغدة کی ترقیم کے مطابق ہیں اور سنن ابن ماجه کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین

كتاب فضائل الصحابة رضى الله عنهم

		صفحہ
باب من فضائل ابى بكر الصديق رضى الله عنه	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	1
باب من فضائل عمر رضى الله عنه	حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا ذکر	9
باب من فضائل عثمان بن عفان رضى الله عنه	حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	20
باب من فضائل على بن ابى طالب رضى الله عنه	حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	27
باب فى فضل سعد بن ابى وقاص رضى الله عنه	حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا بیان	37
باب من فضائل طلحة والزبير رضى الله عنهما	حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	45
باب من فضائل ابى عبيدة بن الجراح رضى الله تعالى عنه	حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	49
باب من فضائل الحسن والحسين رضى الله عنهما	حضرت حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	51
باب من فضائل اهل بيت النبى ﷺ	نبی ﷺ کے اہلِ بیت کے کچھ فضائل کا بیان	53
باب من فضائل زيد بن حارثة واُسامة بن زيد رضى الله عنهما	حضرت زید بن حارثہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	54
باب من فضائل عبدالله بن جعفر رضى الله عنهما	حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	56

باب من فضائل خديجة أُم المؤمنين رضى الله تعالى عنها	باب: حضرت ام المؤمنین حضرت خدیجة رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان	58
باب فى فضل عائشة رضى الله تعالى عنها	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کا بیان	64
باب ذكر حديث أُم زرع	ام زرع کے قصّہ کا بیان	75
باب فضائل فاطمةبنت النبى عليهاالصلاة والسلام	نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ علیہا الصلاۃ والسلام کے فضائل کا بیان	78
باب من فضائل ام سلمة ام المؤمنين رضى الله عنها	ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان	86
باب من فضائل زينب ام المؤمنين رضى الله عنها	ام المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان	87
باب من فضائل ام ايمن رضى الله عنها	حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان	87
باب من فضائل ام سليم ام انس بن مالك و بلال رضى الله عنهما	حضرت انسؓ بن مالک کی والدہ حضرت اُمّ سلیمؓ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	88
باب من فضائل أبى طلحة الانصارى رضى الله تعالى عنه	حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالی عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	90
باب من فضائل بلال رضى الله عنه	حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	93
باب من فضائل عبدالله بن مسعود وامه رضى الله تعالى عنهما	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور آپ کی والدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	93
باب من فضائل أُبَى بن كعب وجماعة من الانصار رضى الله تعالى عنهم	حضرت اُبی بن کعبؓ اور انصار رضی اللہ عنہم کے بعض لوگوں کے کچھ فضائل کا بیان	100
باب من فضائل سعد بن معاذ رضى الله عنه	حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	102
باب من فضائل ابى دجانة سماك بن خرشة رضى الله تعالىٰ عنه	حضرت ابودجانہ سماک بن خرشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	105

باب من فضائل عبدالله بن عمرو بن حرام والد جابر رضی الله تعالی عنهما	حضرت جابرؓ کے والد حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بعض فضائل کا بیان	105
باب من فضائل جُلَیبیب رضی الله عنه	حضرت جلیبیب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	107
باب من فضائل اَبی ذر رضی الله عنه	حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	108
باب من فضائل جریر بن عبدالله رضی الله تعالیٰ عنه	حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	118
باب من فضائل عبدالله بن عباس رضی الله عنهما	حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	121
باب من فضائل عبدالله بن عمر رضی الله عنهما	حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان	121
باب من فضائل انس بن مالک رضی الله عنه	حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	124
باب من فضائل عبدالله بن سلام رضی الله عنه	حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	127
باب من فضائل حسان بن ثابت رضی الله عنه	حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان	132
باب من فضائل ابي هريره الدوسی رضی الله عنه	حضرت ابو ہریرہ دوسی رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	139
باب من فضائل اهل بدر رضی الله عنهم وقصة حاطب بن ابی بلتعة	اصحاب بدر رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل اور حاطبؓ بن ابی بلتعہ کے واقعہ کا بیان	144
باب من فضائل اصحاب الشجرة اهلِ بيعة الرضوان رضی الله عنهم	درخت والوں یعنی بیعت رضوان والوں کے کچھ فضائل کا بیان	147
باب من فضائل ابی موسَی و ابی عامر الاشعريين رضی الله عنهما	حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت ابو عامر اشعری رضی اللہ عنہما کے فضائل میں سے کچھ کا بیان	148
باب من فضائل الاشعريين رضی الله عنهم	اشعریین رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان	151
باب من فضائل ابی سفيان بن حرب رضی الله عنه	ابوسفیان بن ابی حرب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	152

باب من فضائل جعفر بن ابی طالب واسماء بنتِ عمیس واهل سفینتهم رضی الله عنهم	حضرت جعفر بن ابو طالبؓ اور اسماء بنتِ عمیسؓ اور ان کی کشتی والوں رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان	153
باب من فضائل سلمان و صهیب و بلال رضی الله تعالی عنهم	حضرت سلمان اور حضرت صہیب اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان	156
باب من فضائل الانصار رضی الله تعالی عنهم	انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان	157
باب فی خیر دور الانصار رضی الله عنهم	انصار رضی اللہ عنہم کے گھروں کی بھلائی کا بیان	160
باب فی حسنِ صحبة الانصار رضی الله عنهم	انصار رضی اللہ عنہم کے ساتھ حسنِ مصاحبت کا بیان	164
باب دعا النبی ﷺ لغفار و اسلم	نبی ﷺ کی (قبیلہ) غفار اور اسلم کے لئے دعا کا بیان	165
باب من فضائل غفار واسلم وجهینة واشجع ومزینة وتمیم و دوس و طیء	قبیلہ غفار اور اسلم اور جہینہ اور اشجع اور مزینہ اور تمیم اور دوس اور طیء کے کچھ فضائل کا بیان	169
باب خیار الناس	لوگوں میں سے بہترین کا بیان	175
باب من فضائل نساء قریش	قریش کی عورتوں کے کچھ فضائل کا بیان	176
باب مؤاخاة النبی ﷺ بین اصحابه رضی الله تعالی عنهم	نبی ﷺ کا اپنے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان مؤاخات کا بیان	179
باب بیان ان بقاء النبی ﷺ أمان لاصحابه وبقاء اصحابه أمان للامة	اس کا بیان کہ نبی ﷺ کی بقاء آپؐ کے صحابہؓ کے لئے باعثِ امن ہے اور صحابہؓ کی بقاء امت کے لئے باعثِ امن ہے۔	180
باب فضل الصحابة ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم	صحابہؓ کی فضیلت پھر وہ جو ان کے قریب ہیں پھر وہ جو اُن کے قریب ہیں۔	181
باب قوله صلی الله علیه وسلم لا تاتی مائة سنة وعلی الارض نفسٌ منفوسة الیوم	حضور ﷺ کے اس ارشاد کا بیان کہ آج زمین پر سانس لینے والے وجود پہ سو سال نہیں آئیں گے	189
باب تحریم سبِ الصحابة رضی الله عنهم	صحابہ رضی اللہ عنہم پر سب وشتم کی حرمت کا بیان	192
باب من فضائل اویس قرنی رضی الله عنه	حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان	193

باب وصية النبی ﷺ باهلِ مصر	اہلِ مصر کے لئے نبی ﷺ کی وصیت کا بیان	197
باب فضل اهل عمان	اہل عمان کے فضائل کا بیان	198
باب ذکر کذاب ثقیف ومبیرها	ثقیف میں سے کذاب اور اس (ثقیف) میں سے ہلاکت برپا کرنے والے کا بیان	199
باب فضل فارس	اہل فارس کی فضیلت کا بیان	201
باب قوله ﷺ الناس کابل مائة لا تجد فیها راحلة	باب نبی ﷺ کا یہ فرمانا کہ لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں جن میں تو سواری نہیں پاتا۔	202

کتاب البر والصلة والآداب

باب برالوالدین وانهما احق به	والدین سے حسنِ سلوک کا بیان اور یہ کہ دونوں اس بات کے سب سے بڑھ کر حق دار ہیں	203
باب تقدیم بر الوالدین علی التطوع بالصلاة وغیرها	والدین سے حسنِ سلوک کو نفل نماز اور دوسرے (نفل کاموں) سے پہلے کرنے کا بیان	206
باب رغم انف من ادرک ابویه او احدهما عند الکبر فلم یدخل الجنة	باب: اس شخص کی ناک خاک آلود ہوئی جس نے اپنے والدین یا دونوں میں سے ایک کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا	211
باب فضل صلة أصدقاء الاب والأم ونحوهما	ماں باپ وغیرہ کے دوستوں سے صلہ رحمی کی فضیلت	212
باب تفسیر البر والاثم	نیکی اور گناہ کی تشریح کا بیان	214
باب صلة الرحم وتحریم قطیعتها	صلہ رحمی کرنے کا بیان اور قطع رحمی کی ممانعت	215
باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر	ایک دوسرے سے حسد کرنے، بغض رکھنے اور بے رُخی کرنے کی حرمت کا بیان	219
باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عُذرٍ شرعيٍ	بغیر کسی شرعی عذر کے تین دن سے زائد قطع تعلقی کی ممانعت کا بیان	221

باب تحريم الظَنِّ والتجسس والتنافس والتناجُش و نحوهَا	بدظنّی ،تجسس،دنیا داری میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش اور دھوکہ دینے کے لئے قیمت بڑھانے کی ممانعت کا بیان	223
باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله	مسلمان پرظلم کرنے،اسے بے یارو مددگار چھوڑنے اس کوحقیر جاننے ،اس کے خون،اس کی جان اوراس کے مال کی حرمت کا بیان	225
باب النهي عن الشحناء والتهاجرِ	بغض وکینہ اورایک دوسرے سے قطع تعلقی کی ممانعت کا بیان	227
باب فی فضل الحُب فی الله تعالی	اللہ کی خاطر محبت کرنے کی فضیلت کا بیان	229
باب فضل عيادة المريض	مریض کی عیادت کی فضیلت کا بیان	230
باب ثواب المؤمن فيما يُصيبه من مرض أؤ حُزن أو نحو ذلک حتى الشوكة يشاكُها	مومن کوکسی بیماری یاغم وغیرہ پہنچنے حتّٰی کہ کانٹا چبھنے پر بھی ثواب ملنے کا بیان	233
باب تحريم الظلم	ظلم کے حرام ہونے کا بیان	240
باب نصر الأخ ظالمًا أو مظلومًا	بھائی کی مدد کرنے کا بیان خواہ ظالم ہو یا مظلوم	245
باب تراحم المؤمنين وتعاطفهم و تعاضدهم	مومنوں کا ایک دوسرے پر رحم کرنے ایک دوسرے پر شفقت اورایک دوسرے کی مدد کرنے کا بیان	247
باب النهي عن السباب	گالی گلوچ کی ممانعت کا بیان	249
باب استحباب العفو والتواضع	عفواورانکساری کے پسندیدہ ہونے کا بیان	249
باب تحريم الغيبة	غیبت کے حرام ہونے کا بیان	250
باب بشارة من ستر الله تعالى عيبه فى الدنيا بِأن يستر عليه فى الآخرة	باب :اللہ تعالیٰ جس کے عیب کی پردہ پوشی دنیا میں کرے اس کے لئے بشارت کہ آخرت میں بھی وہ اس کی پردہ پوشی فرمائے گا	250
باب مدراة من يُتقى فحشه	باب: جس کی بدخلقی سے بچا جاتا ہے اس سے بھی نرمی کا برتاؤ کرنا	251
باب فضل الرفق	نرمی کی فضیلت کا بیان	252
باب النهي عن لعن الدّواب وغيرها	جانوروں وغیرہ پرلعنت کرنے کی ممانعت کا بیان	254

باب من لعنه النبيُّ صلى الله عليه وسلم أو سبه أو دعا عليه و ليس هو أهلًا لذلک كان له زكاة و أجرًا ورحمة	اس بات کا بیان کہ نبی ﷺ نے جس پر لعنت کی یا جسے برا بھلا کہا یا جس کے خلاف دعا کی اور وہ اس کا اہل نہیں تھا تو یہ اس کے لئے پاکیزگی، اجر اور رحمت کا موجب ہے	258
باب ذم ذي الوجهين وتحريم فعله	دورنگی کرنے والے کی مذمت اور اس کے فعل کے حرام ہونے کا بیان	265
باب تحريم الكذب و بيان المُباح منه	جھوٹ کا حرام ہونا اور اس میں سے جو جائز ہے اس کا بیان	266
باب تحريم النميمة	چغلی کی حرمت کا بیان	267
باب قبح الكذب وحسن الصدق وفضله	جھوٹ کی قباحت اور سچائی کا حسن اور اس کی فضیلت کا بیان	268
باب فضل من يملک نفسه عند الغضب و بأى شيءٍ يذهب الغضب	اس کی فضیلت کا بیان جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر ضبط رکھتا ہے اور یہ کہ کس چیز سے غصہ دور ہو جاتا ہے	270
باب خلق الانسان خلقًا لَا يتمالک	اس بات کا بیان کہ انسان کی بناوٹ ایسی ہے کہ وہ (اپنے پر) قابو نہیں رکھ سکتا	273
باب النهي عن ضرب الوَجهِ	چہرے پر مارنے کی ممانعت کا بیان	274
باب الوعيد الشديد لمن عذب الناس بغير حق	باب: جو لوگوں کو ناحق اذیت دے اس کے لئے سخت وعید ہے	276
باب أمر من مر بسلاحٍ فى مسجد أو سوق أو غيرهما من المواضع الجامعة للناس أن يمسک بنصالها	اس بات کا بیان کہ جو شخص مسجد یا بازار یا ان کے علاوہ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہوں میں اسلحہ لے کر گزرے تو ان کو ان کے پھل سے پکڑے	278
باب النهي عن الاشارة بالسلاح الى مسلم	ہتھیار سے کسی مسلمان کی طرف اشارہ کرنے کی ممانعت کا بیان	280
باب فضل ازالة الأذى عن الطريق	رستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانے کی فضیلت کا بیان	281

باب تحريم تعذيب الهرة ونحوها من الحيوان الّذى لَا يُؤذِي	بلی اور اس جیسے دوسرے جانور جو ایذاء نہیں دیتے کو تکلیف دینے کی ممانعت کا بیان	284
باب تحريم الكبر	تکبر کے حرام ہونے کا بیان	286
باب النهي عن تقنيط الانسان من رحمة الله	کسی انسان کو رحمت الٰہی سے مایوس کرنے کی ممانعت کا بیان	286
باب فضل الضعفاء والخاملين	کمزور اور گوشہ نشیں لوگوں کی فضیلت کا بیان	287
باب النهي عن قول هلك النّاس	یہ کہنے کی ممانعت کہ لوگ ہلاک ہو گئے	287
باب الوصية بالجار والاحسان اليه	پڑوسی کے بارہ میں تاکیدی ارشاد اور اس سے حسن سلوک کا بیان	288
باب استحباب طلاقة الوجه عند اللقاءِ	ملاقات کے وقت خندہ پیشانی کے پسندیدہ ہونے کا بیان	290
باب استحباب الشفاعة فيما ليس بحرام	ان باتوں میں جو حرام نہیں سفارش کرنے کے پسندیدہ ہونے کا بیان	290
باب استحباب مجالسة الصالحين ومجانبة قرناء السوءِ	نیک لوگوں کے ہم نشین ہونے اور برے ساتھیوں سے بچنے کی پسندیدگی کا بیان	291
باب فضل الاحسان اِلى البنات	بیٹیوں سے حسنِ سلوک کی فضیلت کا بیان	292
باب فضل من يموت له ولدٌ فيحتسبه	اس کی فضیلت کا بیان جس کا بچہ مر جائے اور وہ راضی برضا رہے	294
باب اذا أحب اللهُ عبدًا حببه اِلَى عباده	باب: جب اللہ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اسے اپنے بندوں کا بھی محبوب بنا دیتا ہے	298
باب الارواح جنودٌ مُجنّدةٌ	باب: ارواح لشکر ہیں جو باہمی ربط رکھتے ہیں	300
باب المرء مع من أحبّ	باب: آدمی اس کے ساتھ ہے جس سے اس نے محبت کی	301
باب اذا أثني على الصالح فهي بُشرى ولا تضره	باب: اگر نیک شخص کی تعریف کی جائے تو یہ خوشخبری ہے اور وہ اسے نقصان نہ دے گی۔	305

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل کی کتاب

[1]47: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4375{1}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ حَدَّثَهُ قَالَ نَظَرْتُ إِلَى أَقْدَامِ الْمُشْرِكِينَ عَلَى رُءُوسِنَا وَنَحْنُ فِي الْغَارِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ نَظَرَ إِلَى قَدَمَيْهِ أَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمَيْهِ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللَّهُ ثَالِثُهُمَا[6169]

4375: حضرت انسؓ بن مالک نے بیان کیا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے انہیں بتایا کہ ہم غار میں تھے تو میں نے اپنے سروں پر مشرکوں کے قدم دیکھے میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اگر ان میں سے کسی نے اپنے قدموں کی طرف دیکھ لیا تو ہمیں اپنے قدموں کے نیچے سے دیکھ لے گا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اے ابوبکرؓ! تمہارا ان دو کے بارہ میں کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ ہے۔

4376{2}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِي

4376: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے کہ آپؐ نے فرمایا ایک بندہ ہے اللہ نے اس کو دنیوی زیبائش

4375 : تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب المهاجرين وفضلهم... 3653 کتاب مناقب الانصار باب هجرة النبی ﷺ واصحابه الى المدينة 3922 کتاب التفسير باب قوله ثانی اثنين اذهما فی الغار.... 4663 **ترمذی** کتاب تفسير القرآن باب ومن سورة التوبة 3096

4376 : تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب الخوخة والممّر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ 3654 باب قول النبی ﷺ لو كنت متخذًا خليلًا 3656، 3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بكر .... 3655، 3659، 3660، 3661 کتاب مناقب الانصار باب هجرة النبی واصحابه الى المدينة 3904

سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ عَبْدٌ خَيَّرَهُ اللَّهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ زَهْرَةَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ فَاخْتَارَ مَا عِنْدَهُ فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ وَبَكَى فَقَالَ فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا قَالَ فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْمُخَيَّرُ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ أَعْلَمَنَا بِهِ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي مَالِهِ وَصُحْبَتِهِ أَبُو بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا وَلَكِنْ أُخُوَّةُ الْإِسْلَامِ لَا تُبْقِيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةَ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ وَبُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يَوْمًا بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكٍ [6171,6170]

اور جو اس کے پاس ہے کے مابین اختیار دیا تو اس نے اسے اختیار کر لیا جو اس (اللہ) کے پاس ہے۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ بہت روئے اور عرض کیا ہم آپؐ پر اپنے باپ دادا اور اپنی ماؤں کے ساتھ فدا ہیں۔ راوی کہتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ ہی تھے جن کو اختیار دیا گیا تھا اور حضرت ابوبکرؓ ہم میں سے سب سے زیادہ اس بات کو جانتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں میں سے مال اور ساتھ دینے کے لحاظ سے ابوبکرؓ کا مجھ سے سب سے زیادہ حسنِ سلوک ہے۔ اگر میں کوئی خلیل بناتا تو ابوبکرؓ کو خلیل بناتا لیکن اسلام کی اخوت ہے اور مسجد میں کھڑکی باقی نہ رہے سوائے ابوبکرؓ کی۔

ایک اور روایت میں (أَنَّ رَسُوْلَ اللَّهِ ﷺ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ کی بجائے) خَطَبَ رَسُوْلُ اللَّهِ ﷺ النَّاسَ يَوْمًا کے الفاظ ہیں۔

4377{3} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي الْهُذَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ

4377: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکرؓ کو خلیل بناتا لیکن ہاں وہ میرا بھائی اور میرا ساتھی ہے اور اللہ عزّ وجلّ نے تمہارے صاحب

4377 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بکر الصدیق 4378، 4379، 4380، 4381
تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار 3904 کتاب الصلاة باب الخوخة والممر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذًا خلیلًا 3656، 3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر... 3655 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 93

قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا وَلَكِنَّهُ أَخِي وَصَاحِبِي وَقَدِ اتَّخَذَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلًا[6172]

(یعنی رسول اللہ ﷺ) کو خلیل بنایا ہے۔

4378{4}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ أُمَّتِي أَحَدًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ[6173]

4378: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں اپنی امت میں سے کسی ایک کو خلیل بناتا تو ضرور ابوبکرؓ کو بناتا۔

4379{5}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنِي سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ

4379: حضرت عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ضرور ابوقحافہ کے بیٹے کو خلیل بناتا۔

4378 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بکر الصدیق 4377 ، 4379 ، 4380 ، 4381
تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار 3904 کتاب الصلاة باب الخوخة والممر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذًا خلیلًا 3656،3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر...3655 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 93

4379 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بکر الصدیق 4377 ، 4378 ، 4380 ، 4381
تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار 3904 کتاب الصلاة باب الخوخة والممر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذًا خلیلًا 3656،3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر...3655 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 93

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا[6174]

4380{6} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا وَلَكِنْ صَاحِبُكُمْ خَلِيلُ اللَّهِ [6175]

4380: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں اہل زمین میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ضرور ابو قحافہ کے بیٹے کو خلیل بناتا لیکن تمہارا صاحب (یعنی رسول اللہ ﷺ) اللہ کا خلیل ہے۔

4381{7} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ وَاللَّفْظُ لَهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ

4381: حضرت عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو میں ہر خلیل کے خلیل ہونے سے بری ہوں۔ اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ضرور ابو بکرؓ کو خلیل بناتا۔ تمہارا صاحب (یعنی رسول اللہ ﷺ) اللہ کا خلیل ہے۔

4380 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بکر الصدیق 4377، 4378، 4379، 4381
تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار 3904 کتاب الصلاة باب الخوخة والممر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذًا خلیلًا 3656، 3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر...3655 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 93

4381 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بکر الصدیق 4377، 4378، 4379، 4380
تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار 3904 کتاب الصلاة باب الخوخة والممر فی المسجد 466 کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذًا خلیلًا 3656، 3657، 3658 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر...3655 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 93

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنِّي أَبْرَأُ إِلَى كُلِّ خِلٍّ مِنْ خِلِّهِ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا إِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللَّهِ[6176]

4382{8}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قُلْتُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ أَبُوهَا قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ عُمَرُ فَعَدَّ رِجَالًا[6177]

4383{9} و حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ أَبِي عُمَيْسٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ وَسُئِلَتْ مَنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَخْلِفًا لَوِ اسْتَخْلَفَهُ قَالَتْ أَبُو بَكْرٍ فَقِيلَ لَهَا ثُمَّ مَنْ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ عُمَرُ ثُمَّ قِيلَ

4382: حضرت عمرو بن عاصؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ذَاتَ السَّلَاسِل کے لشکر پر سردار بنا کر بھیجا۔ میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ لوگوں میں سے آپؐ کو سب سے زیادہ کون محبوب ہے؟ آپؐ نے فرمایا عائشہؓ۔ میں نے عرض کیا مَردوں میں سے؟ آپؐ نے فرمایا اس کا باپ۔ میں نے عرض کیا پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا عمرؓ پھر آپؐ نے کئی آدمیوں کو شمار کیا۔

4383: ابن ابی مُلَیْکہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے سنا جب ان سے پوچھا گیا کہ اگر رسول اللہ ﷺ کسی کو خلیفہ مقرر فرماتے تو کسے مقرر فرماتے؟ آپؓ نے کہا ابوبکرؓ کو۔ پھر آپؓ سے پوچھا گیا کہ ابوبکرؓ کے بعد کسے؟ انہوں نے کہا عمرؓ کو۔ پھر آپؓ سے کہا گیا عمرؓ کے بعد کسے؟ آپؓ نے کہا ابوعبیدہؓ بن الجراح پھر آپؓ (یعنی حضرت عائشہؓ) یہاں پر ٹھہر گئیں۔

4382 : تخریج : **بخاری** کتاب المغازی باب غزوة ذات السلاسل 4358 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3662 **ترمذی** کتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3885 ، 3886

لَهَا مَنْ بَعْدَ عُمَرَ قَالَتْ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ ثُمَّ انْتَهَتْ إِلَى هَذَا[6178]

4384{10}حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْهِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ جِئْتُ فَلَمْ أَجِدْكَ قَالَ أَبِي كَأَنَّهَا تَعْنِي الْمَوْتَ قَالَ فَإِنْ لَمْ تَجِدِينِي فَأْتِي أَبَا بَكْرٍ و حَدَّثَنِيهِ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ أَبِيهِ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَنَّ أَبَاهُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَتْهُ فِي شَيْءٍ فَأَمَرَهَا بِأَمْرٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ عَبَّادِ بْنِ مُوسَى [6180,6179]

4384: محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ مانگا۔ آپؐ نے اسے پھر آنے کا فرمایا۔ اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ بتائیں کہ اگر میں آئی اور آپؐ کو نہ پایا۔ میرے والد نے کہا گویا اس کی مراد وفات سے تھی۔ آپؐ نے فرمایا اگر تو مجھے نہ پائے تو ابو بکرؓ کے پاس جانا۔

ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی۔ کسی بارہ میں آپؐ سے بات کی اور آپؐ نے اس کو کوئی ارشاد فرمایا۔ باقی روایت پہلی روایت کے مطابق ہے۔

4385{11}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ ادْعِي لِي أَبَا

4385: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیماری میں مجھ سے فرمایا کہ ابو بکرؓ اور اپنے بھائی کو میرے پاس بلاؤ تا کہ میں ایک تحریر لکھ دوں۔ مجھے ڈر ہے کہ کوئی خواہش کرنے والا خواہش کرے یا کوئی کہنے والا کہے کہ میں زیادہ

4384 : **تخریج** : **بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3659 کتاب الاحکام باب الاستخلاف 7220 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب الاحکام التی تعرف بالدلائل وکیف معنی الدلالة 7360 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکر و عمر...3676

4385 : **تخریج** : **بخاری** کتاب المرضی باب ما رخص للمریض 5666

بَكْرٍ وَأَخَاكِ حَتَّى أَكْتُبَ كِتَابًا فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَتَمَنَّى مُتَمَنٍّ وَيَقُولُ قَائِلٌ أَنَا أَوْلَى وَيَأْبَى اللَّهُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَّا أَبَا بَكْرٍ[6181]

حق دار ہوں لیکن اللہ اور مومن تو سوائے ابو بکرؓ کے (کسی اور کا) انکار کریں گے۔

4386{12}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ أَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِينًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيضًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اجْتَمَعْنَ فِي امْرِئٍ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ[6182]

4386: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے آج کون روزہ دار ہے؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا میں۔ آپؐ (ﷺ) نے فرمایا کون تم میں سے آج جنازہ کے ساتھ گیا؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا میں۔ حضورؐ نے فرمایا تم میں سے کس نے آج کسی مسکین کو کھانا کھلایا؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا میں نے۔ حضورؐ نے فرمایا تم میں سے کس نے آج کسی مریض کی عیادت کی؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا میں نے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس آدمی میں یہ سب باتیں جمع ہوگئیں وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

4387{13}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهُمَا سَمِعَا

4387: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی اپنی ایک گائے ہانک رہا تھا۔ جس پر اس نے سامان لادا ہوا تھا۔ گائے اس کی طرف مڑی اور کہا کہ مجھے اس لئے پیدا نہیں کیا گیا مجھے تو صرف کھیتی کے لئے پیدا کیا گیا

4386 : اطراف : **مسلم** کتاب الزکاۃ باب فضل من ضم الی الصدقة غیرها من اعمال البر 1693

4387 : تخریج : **بخاری** کتاب الحرث والمزارعة باب استعمال البقر للحراثة 2324 کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث الغار 3471 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3663 باب مناقب عمر بن الخطاب 3690 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکر و عمر.... 3677 باب فی مناقب عمر بن الخطاب 3695

أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَقَرَةً لَهُ قَدْ حَمَلَ عَلَيْهَا الْتَفَتَتْ إِلَيْهِ الْبَقَرَةُ فَقَالَتْ إِنِّي لَمْ أُخْلَقْ لِهَذَا وَلَكِنِّي إِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ فَقَالَ النَّاسُ سُبْحَانَ اللَّهِ تَعَجُّبًا وَفَزَعًا أَبَقَرَةٌ تَكَلَّمُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أُومِنُ بِهِ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا رَاعٍ فِي غَنَمِهِ عَدَا عَلَيْهِ الذِّئْبُ فَأَخَذَ مِنْهَا شَاةً فَطَلَبَهُ الرَّاعِي حَتَّى اسْتَنْقَذَهَا مِنْهُ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ الذِّئْبُ فَقَالَ لَهُ مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ يَوْمَ لَيْسَ لَهَا رَاعٍ غَيْرِي فَقَالَ النَّاسُ سُبْحَانَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أُومِنُ بِذَلِكَ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قِصَّةَ الشَّاةِ وَالذِّئْبِ وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ الْبَقَرَةِ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

ہے اس پر لوگوں نے تعجب اور حیرت سے کہا سبحان اللہ کیا گائے بھی بولتی ہے؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تو اس پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی اس پر ایمان لاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک چرواہا اپنی بکریوں میں تھا کہ ایک بھیڑیئے نے اس پر حملہ کیا اور اس میں سے ایک بکری لے گیا۔ چرواہے نے اس (بھیڑیئے) کا پیچھا کیا یہانتک کہ اسے اس سے چھڑوالیا، اس پر بھیڑیا اس (چرواہے) کی طرف مڑا اور کہا کے درندوں والے دن اس کا محافظ کون ہوگا؟ جس دن میرے سوا کوئی چرواہا نہ ہوگا۔ اس پر لوگوں نے کہا سبحان اللہ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تو اس پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکر اور عمرؓ بھی۔

ایک روایت میں بکری اور بھیڑیئے کا ذکر ہے مگر گائے کا ذکر نہیں اور ایک روایت میں گائے اور بکری دونوں کا ذکر ہے اور اس روایت میں یہ بھی مزید ہے کہ وہ دونوں (یعنی حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ) اس وقت وہاں موجود نہیں تھے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَفِي حَدِيثِهِمَا ذِكْرُ الْبَقَرَةِ وَالشَّاةِ مَعًا وَقَالَا فِي حَدِيثِهِمَا فَإِنِّي أُومِنُ بِهِ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا هُمَا ثَمَّ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مِسْعَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6186,6185,6184,6183]

[2]48:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا ذکر

4388{14} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ وَأَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ وُضِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى سَرِيرِهِ فَتَكَنَّفَهُ النَّاسُ يَدْعُونَ وَيُثْنُونَ وَيُصَلُّونَ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ وَأَنَا فِيهِمْ قَالَ

4388 : حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ بن خطاب کو (وفات کے بعد) ان کی چارپائی پر رکھا گیا تو قبل اس کے انہیں اٹھایا جاتا لوگ دعا دیتے ہوئے ان کی تعریف کرتے ہوئے اور ان پر رحمت کی دعائیں بھیجتے ہوئے ان کے گرد اکٹھے ہوگئے اور میں بھی ان میں تھا۔(ابن عباسؓ) کہتے ہیں کسی شخص نے مجھے چونکا دیا کہ اس نے میرے پیچھے سے میرا کندھا پکڑا۔میں اس کی طرف متوجہ ہوا تو وہ حضرت علیؓ تھے۔انہوں نے بھی حضرت عمرؓ پر

4388 : **تخریج** : **بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی لو کنت متخذا خلیلا 3677 باب مناقب عمر 3685 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ 98

فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا بِرَجُلٍ قَدْ أَخَذَ بِمَنْكِبِي مِنْ وَرَائِي فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ عَلِيٌّ فَتَرَحَّمَ عَلَى عُمَرَ وَقَالَ مَا خَلَّفْتَ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللَّهَ بِمِثْلِ عَمَلِهِ مِنْكَ وَايْمُ اللَّهِ إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ أَنْ يَجْعَلَكَ اللَّهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ وَذَاكَ أَنِّي كُنْتُ أُكَثِّرُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ جِئْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَإِنْ كُنْتُ لَأَرْجُو أَوْ لَأَظُنُّ أَنْ يَجْعَلَكَ اللَّهُ مَعَهُمَا و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ[6188,6187]

رحمت کی دعا کی اور کہا کہ اے عمرؓ! آپؓ نے اپنے پیچھے کوئی آدمی نہ چھوڑا جس کے اعمال ایسے ہوں کہ ویسے اعمال پر مجھے اللہ سے ملنا پسند ہو اور اللہ کی قسم مجھے یقین تھا کہ اللہ ضرور آپؓ کو آپؓ کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ رکھے گا کیونکہ میں کثرت سے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کرتا تھا میں، ابوبکرؓ اور عمرؓ آئے، میں ابوبکرؓ اور عمرؓ داخل ہوئے، میں ابوبکرؓ اور عمرؓ باہر گئے۔ پس میں امید کرتا تھا یا (کہا) میں خیال کرتا تھا کہ اللہ آپؓ کو ان دونوں کے ساتھ رکھے گا۔

4389{15} حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لَهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ

4389: حضرت ابو سعیدؓ خدری بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں سویا ہوا تھا کہ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ [میرے سامنے] وہ پیش کئے جا رہے ہیں اور ان پر قمیصیں ہیں۔ ان میں سے بعض سینہ تک پہنچتی ہیں اور ان میں سے بعض اس سے (بھی) چھوٹی ہیں۔ عمرؓ بن خطاب گذرے تو وہ ایسی قمیص پہنے ہوئے تھے جسے وہ گھسیٹتے جا رہے تھے۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی؟ آپؐ نے فرمایا دین۔

4389 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الایمان باب تفاضل اهل الایمان فی الاعمال 23 مناقب باب مناقب عمر بن الخطاب 3691 کتاب التعبیر باب القمیص فی المنام 7008، 7009 **ترمذی** کتاب الرؤیا باب فی رؤیا النبی ﷺ اللبن والقمص 2285

يُعْرَضُونَ [عَلَيَّ] وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُونَ ذَلِكَ وَمَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوا مَاذَا أَوَّلْتَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الدِّينَ [6189]

4390{16} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ رَأَيْتُ قَدَحًا أُتِيتُ بِهِ فِيهِ لَبَنٌ فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَجْرِي فِي أَظْفَارِي ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوا فَمَا أَوَّلْتَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْعِلْمَ و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ ح و حَدَّثَنَا الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ بِإِسْنَادِ يُونُسَ نَحْوَ حَدِيثِهِ [6191,6190]

4390: حمزہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں سویا ہوا تھا کہ میں نے دیکھا ایک پیالہ مجھے پیش کیا گیا ہے جس میں دودھ تھا میں نے اس میں سے پیا یہاں تک کہ میں نے محسوس کیا کہ سیرابی میرے ناخنوں تک آ گئی۔ پھر میں نے اپنا بچا ہوا دودھ عمرؓ بن خطاب کو دے دیا۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی ہے؟ حضورؐ نے فرمایا علم۔

4391{17} حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

4391: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں سو رہا تھا کہ میں نے

4390 : تخریج : بخاری کتاب العلم باب فضل العلم 82 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن الخطاب ...3681 ترمذی کتاب الرؤیا باب فی رؤیا النبی ﷺ اللبن والقمص 2284 کتاب المناقب باب فی مناقب ابی حفص عمر بن الخطاب 3687

4391 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمر 4392، 4393 =

أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي عَلَى قَلِيبٍ عَلَيْهَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَا شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ بِهَا ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ وَفِي نَزْعِهِ وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَهُ ضَعْفٌ ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَأَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ بِإِسْنَادِ يُونُسَ نَحْوَ حَدِيثِهِ حَدَّثَنَا الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ قَالَ قَالَ الْأَعْرَجُ وَغَيْرُهُ إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ يَنْزِعُ بِنَحْوِ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ[6194,6193,6192]

اپنے آپ کو ایک کنویں کے پاس دیکھا جس پر ایک ڈول تھا تو جتنا اللہ نے چاہا میں نے اس میں سے پانی نکالا۔ پھر ابوقحافہ کے بیٹے نے اسے لے لیا اور اس میں سے ایک یا دو ڈول پانی کے نکالے۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے گا، ان کے نکالنے میں کچھ کمزوری تھی پھر وہ ڈول بڑے ڈول میں بدل گیا اور اسے ابن الخطابؓ نے لے لیا اور میں نے لوگوں میں سے عمرؓ بن الخطاب کی طرح پانی نکالنے والا کوئی قوی انسان نہیں دیکھا یہاں تک کہ لوگ اونٹوں کو (پانی پلا کر) باڑوں میں لے گئے۔ حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے ابوقحافہ کے بیٹے کو پانی نکالتے دیکھا۔

=تخریج : بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3633 باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3664 کتاب التعبیر باب نزع الذنوب والذنوبین من البئر بضعف 7020،7021 باب الاستراحة فی المنام 7022 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء ....7475 ترمذی کتاب الرؤیا باب ما جاء فی رؤیا النبی ﷺ المیزان والدلو 2289

4392{18} حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا يُونُسَ مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُرِيتُ أَنِّي أَنْزِعُ عَلَى حَوْضِي أَسْقِي النَّاسَ فَجَاءَنِي أَبُو بَكْرٍ فَأَخَذَ الدَّلْوَ مِنْ يَدِي لِيُرَوِّحَنِي فَنَزَعَ دَلْوَيْنِ وَفِي نَزْعِهِ ضَعْفٌ وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَهُ فَجَاءَ ابْنُ الْخَطَّابِ فَأَخَذَ مِنْهُ فَلَمْ أَرَ نَزْعَ رَجُلٍ قَطُّ أَقْوَى مِنْهُ حَتَّى تَوَلَّى النَّاسُ وَالْحَوْضُ مَلْآنُ يَتَفَجَّرُ [6195]

4392: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں سو رہا تھا کہ مجھے دکھایا گیا کہ میں اپنے حوض سے پانی نکال کر لوگوں کو پلا رہا ہوں کہ ابوبکرؓ میرے پاس آئے۔ انہوں نے ڈول میرے ہاتھ سے لے لیا تاکہ مجھے آرام دیں۔ پھر انہوں نے دو ڈول نکالے۔ ان کے نکالنے میں کچھ کمزوری تھی، اللہ ان کی مغفرت فرمائے گا۔ پھر ابن الخطابؓ آئے اور ان سے (ڈول) لے لیا اور میں نے ان سے زیادہ مضبوطی سے کبھی کسی آدمی کو (ڈول) نکالتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ لوگ چلے گئے اور حوض بھرا ہوا بہہ رہا تھا۔

4393{19} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ سَالِمٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ

4393: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے دکھایا گیا کہ گویا میں ایک چرخی والے کنویں میں ایک ڈول سے پانی نکال رہا ہوں۔ پھر ابوبکرؓ آئے اور ایک یا دو ڈول نکالے اور قدرے کمزوری سے نکالے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ

4392 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمر 4391، 4393

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3633 باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3664 کتاب التعبیر باب نزع الذنوب والذنوبین من البئر بضعف 7020، 7021 باب الاستراحة فی المنام 7022 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء ....7475 **ترمذی** کتاب الرؤیا باب ما جاء فی رؤیا النبی ﷺ المیزان والدلو 2289

4393 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمر 4391، 4392

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3633 باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3664 کتاب التعبیر باب نزع الذنوب والذنوبین من البئر بضعف 7020، 7021 باب الاستراحة فی المنام 7022 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء ....7475 **ترمذی** کتاب الرؤیا باب ما جاء فی رؤیا النبی ﷺ المیزان والدلو 2289

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُرِيتُ كَأَنِّي أَنْزِعُ بِدَلْوِ بَكْرَةٍ عَلَى قَلِيبٍ فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ فَنَزَعَ نَزْعًا ضَعِيفًا وَاللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَغْفِرُ لَهُ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَاسْتَقَى فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِي فَرْيَهُ حَتَّى رَوِيَ النَّاسُ وَضَرَبُوا الْعَطَنَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رُؤْيَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [6197,6196]

ان کی مغفرت فرمائے گا، پھر عمرؓ آئے اور پانی نکالنے لگے تو وہ (ڈول) بڑے ڈول میں تبدیل ہو گیا۔ میں نے کسی زبردست پہلوان کو اس عمدگی سے کام کرتے نہیں دیکھا یہاں تک کہ لوگ سیر ہو گئے اور وہ آرام کی جگہوں کو چلے گئے۔

4394{20}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو وَابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَا جَابِرًا يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ وَعَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتُ فِيهَا دَارًا أَوْ قَصْرًا فَقُلْتُ لِمَنْ هَذَا فَقَالُوا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ

4394: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اس میں ایک گھر یا فرمایا ایک محل دیکھا میں نے پوچھا کہ یہ کس کا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ یہ عمر بن خطابؓ کا ہے۔ پھر میں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا تو مجھے تمہاری غیرت کا خیال آیا۔ اس پر حضرت عمرؓ رو پڑے اور عرض کیا یا رسول اللہؐ! کیا آپؐ پر بھی غیرت کی جا سکتی ہے؟

4394 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمر بن خطاب 4395

تخریج : **بخاری** کتاب بدء الخلق باب ماجاء فی صفة الجنة.... 3242 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن الخطاب .... 3679 کتاب النکاح باب الغیرة 5226 ، 5227 کتاب التعبیر باب القصر فی المنام 7023 ، 7024 باب الوضوء فی المنام 7025 **ابن ماجه** المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 107

فَذَكَرْتُ غَيْرَتَكَ فَبَكَى عُمَرُ وَقَالَ أَيْ رَسُولَ اللَّهِ أَوَ عَلَيْكَ يُغَارُ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو وَابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا ح و حَدَّثَنَاه عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعْتُ جَابِرًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرٍ [6199,6198]

4395 {21} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ فَإِذَا امْرَأَةٌ تَوَضَّأُ إِلَى جَانِبِ قَصْرٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هَذَا فَقَالُوا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَذَكَرْتُ غَيْرَةَ عُمَرَ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَبَكَى عُمَرُ وَنَحْنُ جَمِيعًا فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ بِأَبِي أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَعَلَيْكَ أَغَارُ و حَدَّثَنِيهِ عَمْرٌو النَّاقِدُ

4395: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں سو رہا تھا کہ میں نے اپنے آپ کو جنت میں دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ محل کی ایک جانب ایک عورت وضوء کر رہی ہیں میں نے پوچھا کہ یہ کس کا (محل) ہے؟ انہوں نے کہا کہ عمرؓ بن خطاب کا۔ پھر مجھے عمرؓ کی غیرت کا خیال آیا تو میں واپس آ گیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ اس پر حضرت عمرؓ رو پڑے اور ہم سب اس مجلس میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرا باپ آپؐ پر قربان ہو، کیا میں آپؐ پر (بھی) غیرت کروں گا؟

4395 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمر بن خطاب 4394

تخریج : **بخاری** کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة .... 3242 کتاب المناقب باب مناقب عمر بن الخطاب....3679 کتاب النکاح باب الغیرة 5226 ، 5227 کتاب التعبیر باب القصر فی المنام 7023 ، 7024 باب الوضوء فی المنام 7025 **ابن ماجه** المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ 107

وَحَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[6201,6200]

4396{22}حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي و قَالَ حَسَنٌ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ سَعْدًا قَالَ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ فَأَذِنَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ أَضْحَكَ اللَّهُ سِنَّكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِبْتُ مِنْ هَؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ قَالَ عُمَرُ فَأَنْتَ

4396 : حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کی اجازت مانگی۔اس وقت آپؐ کے پاس قریش کی کچھ عورتیں تھیں جو آپؐ سے باتیں کر رہی تھیں اور آپؐ سے اور مانگ رہی تھیں اور ان کی آوازیں بلند تھیں۔جب حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو وہ جلدی سے پردہ میں چلی گئیں۔رسول اللہ ﷺ نے ان کو اجازت دی اور رسول اللہ ﷺ ہنس رہے تھے۔اس پر حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اللہ آپؐ کو خوش رکھے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ان عورتوں پر تعجب ہوا جو میرے پاس تھیں جب انہوں نے تمہاری آواز سنی تو فوراً پردہ میں چلی گئیں۔حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ وہ (آپؐ سے) ڈریں۔پھر حضرت عمرؓ نے کہا اے اپنے نفس کی دشمنو! کیا تم مجھ سے ڈرتی ہو اور رسول اللہ ﷺ سے نہیں ڈرتیں ؟ انہوں نے کہا ہاں کیونکہ آپؓ رسول اللہ ﷺ کے مقابلہ میں سخت اور غصہ والے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ

4396 : تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابلیس و جنوده 3294 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن الخطاب.....3683 کتاب الادب باب التبسم والضحک 6085

يَا رَسُولَ اللَّهِ أَحَقُّ أَنْ يَهَبْنَ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ أَيْ عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ أَتَهَبْنَنِي وَلَا تَهَبْنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ نَعَمْ أَنْتَ أَغْلَظُ وَأَفَظُّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنِي سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسْوَةٌ قَدْ رَفَعْنَ أَصْوَاتَهُنَّ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ [6203,6202]

نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ شیطان کبھی تجھے کسی رستہ میں چلتے ہوئے نہیں ملا مگر اس نے تیرے رستہ کے علاوہ کوئی دوسرا رستہ اختیار کرلیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ بن خطاب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔اس وقت آپؐ کے پاس کچھ عورتیں تھیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنی آوازیں بلند کی ہوئی تھیں۔ جب حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو وہ جلدی سے پردہ میں چلی گئیں۔

4397{23} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ قَدْ كَانَ يَكُونُ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ مُحَدَّثُونَ فَإِنْ يَكُنْ فِي أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ فَإِنَّ عُمَرَ بْنَ

4397: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ تم سے پہلی امتوں میں مُحَدَّث ہوا کرتے تھے پس اگر میری امت میں سے ان میں سے کوئی ہے تو یقیناً عمرؓ بن خطاب ان میں ہے۔ ابن وہب کہتے ہیں کہ مُحَدَّثُوْنَ کی تفسیر مُلْهَمُوْنَ ہے یعنی وہ جن کو الہام ہوتا ہے۔

4397 : تخریج : ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب ابی حفص عمر بن الخطاب 3693

الْخَطَّابِ مِنْهُمْ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ تَفْسِيرُ مُحَدَّثُونَ مُلْهَمُونَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[6205,6204]

4398{24} حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ أَخْبَرَنَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلَاثٍ فِي مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ وَفِي الْحِجَابِ وَفِي أُسَارَى بَدْرٍ[6206]

4398: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تین مواقع پر میں نے اپنے رب سے موافقت کی۔ مقامِ ابراہیمؑ کے بارہ میں اور پردہ کے بارہ میں اور بدر کے قیدیوں کے بارہ میں۔

4399{25}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4399: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ جب عبداللہ بن اُبَی بن سلول مرا تو اس کا بیٹا عبداللہؓ بن عبداللہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضورؐ سے درخواست کی کہ آپؐ اس کو اپنی قمیص عطا فرمائیں تاکہ وہ اس میں اپنے باپ کو کفنائے۔

4398 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الصلاة باب ماجاء فی القبلة ... 402 کتاب التفسیر باب قوله والتخذوا من مقام ابراهیم مصلی 4483 کتاب التفسیر باب قوله لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یؤذن لکم 4790 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة البقرة 2959، 2960 **ابن ماجه** کتاب اقامة الصلاة والسنة فیها باب القبلة 1008، 1009

4399 : **اطراف** : **مسلم** کتاب صفات المنافقین واحکامهم 4964

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب الکفن فی القمیص الذی یکف..... 1269 کتاب التفسیر باب قوله استغفرلهم او لا تستغفرلهم ....4670، 4671 باب قوله ولا تصل علی احد منهم .....4672 کتاب اللباس باب لبس القمیص 5796 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة التوبة 3097، 3098 **نسائی** کتاب الجنائز القمیص فی الکفن 1900 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب فی الصلاة علی اهل القبلة 1523، 1524

فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ قَمِيصَهُ أَنْ يُكَفِّنَ فِيهِ أَبَاهُ فَأَعْطَاهُ ثُمَّ سَأَلَهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِثَوْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُصَلِّي عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ اللَّهُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللَّهُ فَقَالَ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً وَسَأَزِيدُ عَلَى سَبْعِينَ قَالَ إِنَّهُ مُنَافِقٌ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فِي مَعْنَى حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ وَزَادَ قَالَ فَتَرَكَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِمْ [6208,6207]

چنانچہ آپؐ نے اسے (قمیص) عطا فرمائی پھر اس نے آپؐ سے درخواست کی آپؐ اس کی نمازِ جنازہ پڑھائیں تو رسول اللہ ﷺ گئے تاکہ اس کی نماز جنازہ پڑھائیں۔ اس پر حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے کپڑے کو پکڑ لیا اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! کیا آپؐ اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے لگے ہیں حالانکہ اللہ نے آپؐ کو اس پر نماز پڑھنے سے منع کیا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ... تو ان کے لئے استغفار کر یا نہ کر، اگر تو ان کے لئے ستر مرتبہ بھی استغفار کرے گا"۔[1] میں ستر سے زیادہ دفعہ استغفار کر لوں گا۔ انہوں (حضرت عمرؓ) نے کہا کہ وہ منافق ہے مگر رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی۔ تب اللہ عزوجل نے یہ آیت اُتاری۔ وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا... "اور تو ان میں سے کسی مرنے والے کی کبھی (جنازہ کی) نماز نہ پڑھ اور کبھی اس کی قبر پر (دعا کے لئے) کھڑا نہ ہو۔"[2]

ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ پھر آپؐ نے ان (منافقین) کی نمازِ (جنازہ) پڑھنا ترک فرمادی۔

1: سورة التوبة : 80

2: سورة التوبة : 84

[3]49: بَاب مِنْ فَضَائِلِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4400{26} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ عَطَاءٍ وَسُلَيْمَانَ ابْنَيْ يَسَارٍ وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِي بَيْتِي كَاشِفًا عَنْ فَخِذَيْهِ أَوْ سَاقَيْهِ فَاسْتَأْذَنَ أَبُو بَكْرٍ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ كَذَلِكَ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ فَجَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَوَّى ثِيَابَهُ قَالَ مُحَمَّدٌ وَلَا أَقُولُ ذَلِكَ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ فَدَخَلَ فَتَحَدَّثَ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَتْ عَائِشَةُ دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ فَجَلَسْتَ وَسَوَّيْتَ ثِيَابَكَ فَقَالَ أَلَا أَسْتَحِي مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِي مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ[6209]

4400: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے گھر میں اپنی رانوں یا پنڈلیوں سے کپڑا ہٹائے ہوئے لیٹے تھے کہ حضرت ابو بکرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے اسی حالت میں انہیں اجازت دی۔ پھر آپؐ باتیں کرنے لگے پھر حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے اسی حالت میں انہیں بھی اجازت دے دی۔ پھر آپؐ باتیں کرتے رہے۔ پھر جب حضرت عثمانؓ نے اجازت مانگی تو رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور اپنے کپڑوں کو ٹھیک کیا— راوی محمد کہتے ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ یہ سب ایک دن میں ہوا— وہ آئے باتیں کیں اور جب وہ چلے گئے تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ ابو بکرؓ آئے لیکن ان کے لئے آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا۔ پھر عمرؓ آئے تو ان کے لئے بھی آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا لیکن جب عثمانؓ اندر آئے تو آپؐ بیٹھ گئے اور اپنے کپڑے ٹھیک کرنے لگے! اس پر آپؐ نے فرمایا کیا میں اس شخص کا لحاظ نہ کروں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔

4400 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4401

تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب مناقبِ عثمان 3695

4401{27}حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعُثْمَانَ حَدَّثَاهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشِهِ لَابِسٌ مِرْطَ عَائِشَةَ فَأَذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ وَهُوَ كَذَلِكَ فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ قَالَ عُثْمَانُ ثُمَّ اسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَجَلَسَ وَقَالَ لِعَائِشَةَ اجْمَعِي عَلَيْكِ ثِيَابَكِ فَقَضَيْتُ إِلَيْهِ حَاجَتِي ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَالِي لَمْ أَرَكَ فَزِعْتَ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَمَا فَزِعْتَ لِعُثْمَانَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ وَإِنِّي خَشِيتُ إِنْ أَذِنْتُ لَهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ أَنْ لَا يَبْلُغَ إِلَيَّ فِي حَاجَتِهِ و حَدَّثَنَاه عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كُلُّهُمْ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ

4401: حضرت عائشہؓ اور حضرت عثمانؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابوبکرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی۔ اس وقت آپؐ حضرت عائشہؓ کی چادر لئے ہوئے اپنے بستر پر لیٹے ہوئے تھے۔ آپؐ نے حضرت ابوبکرؓ کو اجازت دی اور آپؐ اسی حال میں رہے۔ انہیں آپؐ سے جو کام تھا وہ کیا اور چلے گئے۔ پھر حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے ان کو اجازت دی اور آپؐ اسی حال میں رہے حضرت عمرؓ کو حضورؐ سے جو کام تھا اس سے فارغ ہوئے اور چلے گئے۔ حضرت عثمانؓ کہتے ہیں پھر میں نے آپؐ سے اجازت مانگی تو آپؐ بیٹھ گئے اور آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ اپنے کپڑے کو اپنے اوپر سمیٹ لو۔ حضرت عثمانؓ کہتے ہیں پھر مجھے آپؐ سے جو کام تھا اس سے فارغ ہوا تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا ارسولؐ اللہ! کیا بات ہے کہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کی دفعہ آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا جس طرح آپؐ نے عثمانؓ کے لئے خیال کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عثمانؓ حیادار طبیعت رکھتا ہے اس لئے میں ڈرا کہ اس حالت میں اگر اسے اجازت دیتا تو شاید وہ اپنا مقصد بیان نہ کر پاتا۔

4401 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4400
تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب مناقبِ عثمان 3695

إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُثْمَانَ وَعَائِشَةَ حَدَّثَاهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ [6211,6210]

4402{28} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ مِنْ حَائِطِ الْمَدِينَةِ وَهُوَ مُتَّكِئٌ يَرْكُزُ بِعُودٍ مَعَهُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّينِ إِذَا اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُمَرُ فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ افْتَحْ

4402: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ کے دیوار والے باغوں میں سے ایک باغ میں ٹیک لگائے ہوئے تشریف فرما تھے اور چھڑی جو آپؐ کے پاس تھی سے پانی اور مٹی میں سہارا لئے ہوئے تھے کہ ایک شخص نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دو۔ راوی کہتے ہیں وہ حضرت ابوبکرؓ تھے پس میں نے ان کے لئے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی۔ راوی کہتے ہیں پھر کسی آدمی نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دو۔ راوی کہتے ہیں وہ حضرت عمرؓ تھے پس میں نے ان کیلئے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی۔ راوی کہتے ہیں پھر کسی آدمی

4402 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4403

تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخزا خلیلا 3674 باب مناقب عمر بن الخطاب.....3693 باب مناقب عثمان بن عفان.....3695 کتاب الادب باب نکت العود فی الماء والطین 6216 کتاب الفتن باب الفتنة التی تموج کموج البحر 7097 کتاب اخبار الآحاد باب قول اللہ تعالیٰ لا تدخلوا بیوت النبی ﷺ.....7262 ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان بن عفان.....3710

وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تَكُونُ قَالَ فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَالَ فَفَتَحْتُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ وَقُلْتُ الَّذِي قَالَ فَقَالَ اللَّهُمَّ صَبْرًا أَوِ اللَّهُ الْمُسْتَعَانُ حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حَائِطًا وَأَمَرَنِي أَنْ أَحْفَظَ الْبَابَ بِمَعْنَى حَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ[6213,6212]

نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ راوی کہتے ہیں (اس وقت) نبی ﷺ بیٹھ گئے اور فرمایا کھول دو اور اس کو جنت کی بشارت دو اس مصیبت کے ساتھ جو واقع ہوگی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں گیا تو وہ حضرت عثمانؓ بن عفان تھے۔ راوی کہتے ہیں میں نے (دروازہ) کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی اور جو آپؐ نے فرمایا میں نے آپؓ سے کہہ دیا۔ وہ کہتے ہیں اس پر حضرت عثمانؓ نے کہا اے اللہ! صبر کی توفیق دے یا کہا اللہ ہی ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک باغ میں داخل ہوئے اور مجھے دروازہ کی حفاظت پر مامور فرمایا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

4403{29} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ أَنَّهُ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ لَأَلْزَمَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأَكُونَنَّ مَعَهُ يَوْمِي هَذَا قَالَ فَجَاءَ

4403: سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے گھر میں وضوء کیا اور پھر باہر نکلے اور کہا کہ میں ضرور رسول اللہ ﷺ کی معیت میں رہوں گا اور آج سارا دن آپؐ کے ساتھ رہوں گا۔ وہ (سعیدؒ) کہتے ہیں پھر وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) مسجد میں آئے اور نبی ﷺ کے بارہ میں پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ آپؐ باہر

4403: اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4402

تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3674 باب مناقب عمر بن الخطاب.....3693 باب مناقب عثمان بن عفان.....3695 کتاب الادب باب نکت العود فی الماء والطین 6216 کتاب الفتن باب الفتنة التی تموج کموج البحر 7097 کتاب اخبار الآحاد باب قول اللہ تعالیٰ لا تدخلوا بیوت النبی ﷺ.....7262 ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان بن عفان...3710

الْمَسْجِدَ فَسَأَلَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا خَرَجَ وَجَّهَ هَاهُنَا قَالَ فَخَرَجْتُ عَلَى إِثْرِهِ أَسْأَلُ عَنْهُ حَتَّى دَخَلَ بِئْرَ أَرِيسٍ قَالَ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ وَبَابُهَا مِنْ جَرِيدٍ حَتَّى قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ وَتَوَضَّأَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ جَلَسَ عَلَى بِئْرِ أَرِيسٍ وَتَوَسَّطَ قُفَّهَا وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ قَالَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ فَقُلْتُ لَأَكُونَنَّ بَوَّابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمَ فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَدَفَعَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ قَالَ ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَأَقْبَلْتُ حَتَّى قُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ ادْخُلْ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُكَ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَجَلَسَ عَنْ يَمِينِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ فِي الْقُفِّ وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ كَمَا صَنَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ وَقَدْ تَرَكْتُ أَخِي يَتَوَضَّأُ

تشریف لے گئے ہیں اوراس طرف گئے ہیں۔وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) کہتے ہیں تو میں آپؐ کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا آپؐ کے بارہ میں پوچھتا ہوا نکلا یہانتک کہ آپؐ بئر اریس پر تشریف لے گئے۔وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) کہتے ہیں میں دروازہ کے پاس بیٹھ گیا اس کا دروازہ کھجور کی شاخوں کا تھا یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے اور وضوء کیا تو میں آپؐ کے پاس گیا۔آپؐ بِئْرِ اَرِیْس پر بیٹھے ہوئے تھے اوراس کی منڈیر کے وسط میں تھے۔آپؐ نے اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹایا اور انہیں کنویں میں لٹکا دیا۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں پھر میں نے آپؐ کی خدمت میں سلام عرض کیا پھر واپس مڑا اور دروازے کے پاس بیٹھ گیا اور میں نے کہا کہ آج میں ضرور رسول اللہ ﷺ کا دربان بنوں گا۔اس دوران حضرت ابوبکرؓ آئے اور انہوں نے دروازہ کو دھکا دیا۔میں نے کہا کون ہے؟ انہوں نے کہا ابوبکرؓ۔میں نے کہا ٹھہریئے۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں میں گیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ابوبکرؓ اجازت مانگتے ہیں۔آپؐ نے فرمایا انہیں اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں میں گیا اور میں نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا کہ اندر آجائیں،رسول اللہ ﷺ آپؓ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں پھر حضرت ابوبکرؓ

وَيَلْحَقُنِي فَقُلْتُ إِنْ يُرِدِ اللَّهُ بِفُلَانٍ يُرِيدُ أَخَاهُ خَيْرًا يَأْتِ بِهِ فَإِذَا إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ ثُمَّ جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ هَذَا عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَجِئْتُ عُمَرَ فَقُلْتُ أَذِنَ وَيُبَشِّرُكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَدَخَلَ فَجَلَسَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقُفِّ عَنْ يَسَارِهِ وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ فَقُلْتُ إِنْ يُرِدِ اللَّهُ بِفُلَانٍ خَيْرًا يَعْنِي أَخَاهُ يَأْتِ بِهِ فَجَاءَ إِنْسَانٌ فَحَرَّكَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ قَالَ وَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ مَعَ بَلْوَى تُصِيبُهُ قَالَ فَجِئْتُ فَقُلْتُ ادْخُلْ وَيُبَشِّرُكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ مَعَ بَلْوَى تُصِيبُكَ قَالَ فَدَخَلَ فَوَجَدَ الْقُفَّ قَدْ مُلِئَ فَجَلَسَ وِجَاهَهُمْ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ قَالَ شَرِيكٌ فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ

اندر آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپؐ کے دائیں طرف کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا دیئے جیسے نبی ﷺ نے کیا تھا اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹالیا پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا میں اپنے بھائی کو وضوء کرتے چھوڑ آیا تھا وہ مجھ سے آملنے والا تھا۔ پھر میں نے کہا کہ اگر اللہ نے فلاں کے لئے بھلائی کا ارادہ کیا تو اسے لے آئے گا۔ اس سے ان کی مراد اُن کا بھائی تھا۔ اس دوران کوئی آدمی دروازہ کو حرکت دینے لگا تو میں نے پوچھا کہ کون ہے؟ انہوں نے کہا عمرؓ بن خطابؓ۔ میں نے کہا ٹھہریئے۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا۔ آپؐ کو سلام عرض کیا اور کہا کہ عمرؓ اجازت طلب کرتے ہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اسے اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دو۔ پھر میں حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی ہے اور آپؓ کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ وہؓ اندر آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپؐ کے بائیں طرف کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا دیئے۔ پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا اور میں نے کہا کہ اگر اللہ نے فلاں کی بہتری چاہی تو اسے لے آئے گا یعنی ان کا بھائی۔ اس دوران کوئی آدمی آیا اور دروازہ کو حرکت دی۔ میں نے کہا کون ہے؟ انہوں نے کہا

الْمُسَيَّبِ فَأَوَّلْتُهَا قُبُورَهُمْ و حَدَّثَنِيهِ أَبُوبَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ هَاهُنَا وَأَشَارَ لِي سُلَيْمَانُ إِلَى مَجْلِسِ سَعِيدٍ نَاحِيَةَ الْمَقْصُورَةِ قَالَ أَبُو مُوسَى خَرَجْتُ أُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَلَكَ فِي الْأَمْوَالِ فَتَبِعْتُهُ فَوَجَدْتُهُ قَدْ دَخَلَ مَالًا فَجَلَسَ فِي الْقُفِّ وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ حَسَّانَ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ سَعِيدٍ فَأَوَّلْتُهَا قُبُورَهُمْ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا إِلَى حَائِطٍ بِالْمَدِينَةِ

عثمانؓ بن عفان۔ میں نے کہا ٹھہریں۔ راوی کہتے ہیں میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو ان کے بارہ میں بتایا تو آپؐ نے فرمایا کہ اسے اجازت دے دو۔ ایک مصیبت کے ساتھ جو اسے پہنچے گی اس کو جنت کی خوشخبری دے دو۔ راوی کہتے ہیں میں آیا اور کہا کہ اندر آجائیں اور رسول اللہ ﷺ آپؓ کو ایک مصیبت کے ساتھ جو آپؓ کو پہنچے گی جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت عثمانؓ اندر آئے اور کنویں کی منڈیر کو بھرا ہوا پایا۔ اس لئے ان کے سامنے دوسرے حصہ پر بیٹھ گئے۔ شریک کہتے ہیں کہ سعید بن مسیّب نے کہا کہ میں نے اس سے ان کی قبروں کی تاویل کی۔ ایک اور روایت میں سعید بن مسیّب کہتے ہیں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بتایا کہ اس طرف اور (راوی) سلیمان نے میرے لئے مقصورہ کی سمت میں سعید کے بیٹھنے کی جگہ کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی تلاش میں نکلا۔ میں نے آپؐ کو کھیتوں میں سے گذرتے ہوئے پایا چنانچہ میں آپؐ کے پیچھے ہولیا۔ پھر میں نے آپؐ کو ایک باغ میں داخل ہوتے ہوئے پایا۔ پھر آپؐ کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹالیا اور انہیں کنویں میں لٹکایا۔ حضرت ابوموسیٰؓ اشعری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن اپنی ضرورت کے لئے

لِحَاجَتِهِ فَخَرَجْتُ فِي إِثْرِهِ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ وَذَكَرَ فِي الْحَدِيثِ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَتَأَوَّلْتُ ذَلِكَ قُبُورَهُمُ اجْتَمَعَتْ هَاهُنَا وَانْفَرَدَ عُثْمَانُ[6216,6215,6214]

مدینہ کے کسی باغ میں تشریف لائے میں بھی آپؐ کے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے اور روایت میں یہ ذکر بھی ہے کہ ابن مسیّب نے کہا کہ میں نے اس (واقعہ) سے ان کی قبروں کی تاویل کی ان سب کی قبریں اکٹھی بنیں لیکن حضرت عثمانؓ کی قبر الگ بنی۔

[4]50: بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4404{30} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَعُبَيْدُ اللَّهِ الْقَوَارِيرِيُّ وَسُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْمَاجِشُونِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ أَبُو سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ

4404: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ☆۔ سعید کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ میں حضرت سعدؓ سے بالمشافہ یہ بات سنوں۔ پس میں حضرت سعدؓ سے ملا اور ان کو وہ بات بتائی جو عامر نے مجھے بتائی تھی انہوں نے کہا کہ میں نے خود آپؐ سے (یہ بات) سنی ہے۔ میں نے کہا کیا آپؐ نے

4404: اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4405، 4406، 4407، 4408، 4409، 4410
تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

☆ یہ مدنظر رہے کہ حضور ﷺ نے عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کی بشارت دی ہے اور ان کو نبی اللہ کے لفظ سے ذکر کیا ہے۔
(مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته وما معه)

بَعْدِي قَالَ سَعِيدٌ فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُشَافِهَ بِهَا سَعْدًا فَلَقِيتُ سَعْدًا فَحَدَّثْتُهُ بِمَا حَدَّثَنِي [بِهِ] عَامِرٌ فَقَالَ أَنَا سَمِعْتُهُ فَقُلْتُ آنْتَ سَمِعْتَهُ فَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ عَلَى أُذُنَيْهِ فَقَالَ نَعَمْ وَإِلَّا فَاسْتَكَّتَا [6217]

خود حضور ﷺ سے سنا ہے؟ تو انہوں نے اپنی دونوں انگلیوں کو اپنے کانوں پر رکھا اور کہا ہاں، اگر ایسا نہیں ہے تو یہ دونوں کان بہرے ہو جائیں۔

4405{31} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ خَلَّفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ تُخَلِّفُنِي فِي النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ [6219,6218]

4405: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کو غزوۂ تبوک میں پیچھے چھوڑا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑے جاتے ہیں؟ اس پر آپؐ نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

4405 : **اطراف: مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4406 ، 4407، 4408 ، 4409 4410

تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسیرباب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب...3701 ، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209 ، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب.... 3724 ، 3730 ، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4406{32}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَمَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ سَعْدًا فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسُبَّ أَبَا التُّرَابِ فَقَالَ أَمَّا مَا ذَكَرْتُ ثَلَاثًا قَالَهُنَّ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَنْ أَسُبَّهُ لَأَنْ تَكُونَ لِي وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهُ خَلَّفَهُ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَلَّفْتَنِي مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِي وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَتَطَاوَلْنَا لَهَا فَقَالَ ادْعُوا لِي

4406: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ معاویہ بن ابی سفیان نے حضرت سعدؓ کو حکم دیا اور کہا کہ تمہیں ابو تراب کو برا بھلا کہنے سے کس چیز نے روکے رکھا؟ اس پر حضرت سعدؓ نے کہا بات یہ ہے کہ جو تین باتیں مجھے یاد ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے ان کو کہیں تھیں۔ اس لئے میں ان کو کبھی برا بھلا نہیں کہوں گا۔ اگر ان میں سے ایک بات بھی مجھے نصیب ہو جائے تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پیاری ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان سے فرماتے ہوئے سنا جب کہ آپؐ نے انہیں ایک غزوہ میں پیچھے چھوڑا تو حضرت علیؓ نے آپؐ کی خدمت میں عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ رہے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں کہ تم میرے لئے ایسے ہی ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد نبوت نہیں ہے اور میں نے خیبر کے دن آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آج میں ضرور اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت رکھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں پس ہم اس (جھنڈے) کے لئے

4406 :اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4405 ، 4407، 4408 ، 4409، 4410
تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب...3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب.... 3724 ، 3730 ، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

عَلِيًّا فَأُتِيَ بِهِ أَرْمَدَ فَبَصَقَ فِي عَيْنِهِ وَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اللَّهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلِي [6220]

گردنیں اٹھا اٹھا کر دیکھنے لگے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا علیؓ کو میرے پاس بلاؤ چنانچہ حضرت علیؓ کو لایا گیا انہیں آشوب چشم کی تکلیف تھی۔ حضورؐ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور جھنڈا ان کو دے دیا۔ اور اللہ نے ان کے ذریعہ فتح دی اور جب یہ آیت نازل ہوئی فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَاءَ نَا وَاَبْنَاءَ كُمْ تو کہہ دے کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ۔☆ تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو بلایا اور فرمایا اے اللہ! یہ میرے اہل ہیں۔

4407 {...} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى [6221]

4407: حضرت سعدؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ۔

☆(آل عمران :62)

4407 :اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4405 ، 4406، 4408 ، 4409، 4410
تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب..... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4408{33}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا أَحْبَبْتُ الْإِمَارَةَ إِلَّا يَوْمَئِذٍ قَالَ فَتَسَاوَرْتُ لَهَا رَجَاءَ أَنْ أُدْعَى لَهَا قَالَ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا وَقَالَ امْشِ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتَّى يَفْتَحَ اللَّهُ عَلَيْكَ قَالَ فَسَارَ عَلِيٌّ شَيْئًا ثُمَّ وَقَفَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ فَصَرَخَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عَلَى مَاذَا أُقَاتِلُ النَّاسَ قَالَ قَاتِلْهُمْ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ فَقَدْ مَنَعُوا مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ [6222]

4408: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا کہ میں یہ جھنڈا ضرور اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے، اللہ اس کے ہاتھوں پر فتح دے گا۔ حضرت عمرؓ بن خطاب کہتے ہیں میں نے اس دن کے علاوہ کبھی امارت کی خواہش نہیں کی۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے آپؐ کو اونچا کیا اس اُمید پر کہ مجھے اس عَلَم کے لئے بلایا جائے گا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کو بلایا اور انہیں وہ عطا فرمایا اور فرمایا چلو اور ادھر ادھر توجہ نہ کرنا یہانتک کہ اللہ تمہیں فتح دے دے۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت علیؓ کچھ چلے پھر رک گئے اور (ادھر ادھر) توجہ نہ کی پھر بآواز بلند عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں لوگوں سے کس بات پر لڑوں؟ آپؐ نے فرمایا ان سے لڑو یہانتک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ پس اگر وہ ایسا کریں تو انہوں نے اپنے خون اور اموال کو —سوائے کسی حق کے— تجھ سے محفوظ کر لیا اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

4408: **اطراف**: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404، 4405، 4406، 4407، 4409، 4410
تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب..... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4409{34}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيزِيَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ هَذَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوكُونَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا قَالَ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَرْجُونَ أَنْ يُعْطَاهَا فَقَالَ أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالُوا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ قَالَ فَأَرْسِلُوا إِلَيْهِ فَأُتِيَ بِهِ فَبَصَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ فَبَرَأَ حَتَّى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا فَقَالَ انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ

4409: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا میں ضرور یہ جھنڈا اس شخص کو دوں گا جس کے ہاتھوں پر اللہ فتح دے گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگوں نے اپنی رات یہ سوچتے اور باتیں کرتے گذاری کہ وہ ان میں سے کس کو دیا جائے گا۔ وہ کہتے ہیں جب صبح ہوئی تو لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہر ایک امید لگائے بیٹھا تھا کہ (وہ علَم) اسے دیا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا علیؓ بن ابی طالب کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! اُن کی آنکھیں دُکھتی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اسے بلا بھیجو۔ چنانچہ اُن (حضرت علیؓ) کو لایا گیا اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب لگایا اور ان کے لئے دعا کی تو وہ ٹھیک ہوگئے گویا کہ انہیں کوئی تکلیف ہی نہیں تھی۔ پھر آپؐ نے انہیں جھنڈا عطا فرمایا۔ حضرت علیؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! میں ان سے لڑوں کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں۔ آپؐ نے فرمایا تم اپنی رفتار پر چلتے جاؤ یہاں تک کہ تم ان کے

4409: اطراف: مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404، 4405، 4406، 4407، 4408، 4410
تخریج: بخاری کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللَّهِ فِيهِ فَوَاللَّهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللَّهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ [6223]

صحن میں اترو۔ پھر انہیں اسلام کی طرف بلاؤ اور انہیں بتاؤ جو اللہ کے حق میں سے ان پر واجب ہیں کیونکہ اللہ کی قسم اگر اللہ تمہارے ذریعہ سے ایک آدمی کو (بھی) ہدایت دے دے۔ وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔

4410{35}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ قَدْ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَيْبَرَ وَكَانَ رَمِدًا فَقَالَ أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَلَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّيْلَةِ الَّتِي فَتَحَهَا اللَّهُ فِي صَبَاحِهَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ لَيَأْخُذَنَّ بِالرَّايَةِ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَوْ قَالَ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ وَمَا نَرْجُوهُ فَقَالُوا هَذَا عَلِيٌّ فَأَعْطَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ[6224]

4410: حضرت سلمہ بن اکوع ؓ بیان کرتے ہیں کہ خیبر کے موقعہ پر حضرت علی ؓ نبی ﷺ سے پیچھے رہ گئے اور ان کی آنکھوں میں تکلیف تھی۔ پھر حضرت علی ؓ نے کہا کیا میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہ جاؤں! تو حضرت علی ؓ نکلے اور نبی ﷺ سے جا ملے۔ پھر جب اس رات کی شام آئی جس کی صبح کو اللہ نے فتح دی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جھنڈا دوں گا یا فرمایا کل جھنڈا وہ شخص لے گا جس سے اللہ اور اس کا رسول ؐ محبت کرتے ہیں یا فرمایا جو اللہ اور اس کے رسول ؐ سے محبت کرتا ہے۔ اللہ اس کے ذریعہ فتح دے گا تو کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت علی ؓ ہیں اور ہمیں امید نہیں تھی ان کے متعلق لوگوں نے کہا کہ یہ علی ؓ ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں وہ جھنڈا عطا فرمایا اور اللہ نے ان کے ذریعہ فتح عطا فرمائی۔

4410: **اطراف**: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404، 4405، 4406، 4407، 4408، 4410
تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب..... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4411{36} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَشُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي أَبُو حَيَّانَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَحُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ وَعُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ إِلَى زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ فَلَمَّا جَلَسْنَا إِلَيْهِ قَالَ لَهُ حُصَيْنٌ لَقَدْ لَقِيتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا رَأَيْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتَ حَدِيثَهُ وَغَزَوْتَ مَعَهُ وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ لَقَدْ لَقِيتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا حَدِّثْنَا يَا زَيْدُ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا ابْنَ أَخِي وَاللَّهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّي وَقَدُمَ عَهْدِي وَنَسِيتُ بَعْضَ الَّذِي كُنْتُ أَعِي مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا حَدَّثْتُكُمْ فَاقْبَلُوا وَمَا لَا فَلَا تُكَلِّفُونِيهِ ثُمَّ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِينَا خَطِيبًا بِمَاءٍ يُدْعَى خُمًّا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَلَا أَيُّهَا النَّاسُ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُولُ رَبِّي فَأُجِيبَ وَأَنَا تَارِكٌ فِيكُمْ ثَقَلَيْنِ أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللَّهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ فَخُذُوا بِكِتَابِ اللَّهِ وَاسْتَمْسِكُوا بِهِ فَحَثَّ عَلَى

4411: یزید بن حیان کہتے ہیں کہ میں اور حصین بن سبرہ اور عمر بن مسلم حضرت زید بن ارقمؓ کے پاس گئے جب ہم ان کے پاس بیٹھے تو حصین نے ان سے کہا کہ اے زیدؓ! آپؓ نے بہت خیر پائی۔ آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ کی باتیں سنیں اور آپؐ کی معیت میں غزوات کئے اور آپؐ کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔ زیدؓ! آپؓ نے بہت خیر پائی ہے۔ اے زیدؓ! جو رسول اللہ ﷺ سے آپؓ نے سنا ہے ہمیں بتائیں۔ انہوں نے کہا اے میرے بھتیجے! اللہ کی قسم میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور مجھ پر ایک عرصہ گذر گیا ہے اور میں بعض باتیں بھول چکا ہوں جو رسول اللہ ﷺ سے مجھے یاد تھیں۔ پس جو بات میں تمہیں بتاؤں اسے قبول کرلو اور جو نہ بتاؤں اس پر مجھے مجبور نہ کرو۔ وہ کہنے لگے ایک روز رسول اللہ ﷺ مکہ اور مدینہ کے مابین ایک چشمہ کے پاس جسے خُم کہا جاتا تھا ہمارے درمیان خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپؐ نے اللہ کی حمد وثنا کی اور وعظ و نصیحت فرمائی پھر فرمایا اما بعد! سنو اے لوگو! میں تو محض ایک انسان ہوں قریب ہے کہ میرے رب کا پیغام لانے والا آئے اور میں اس کے بلاوے پر ہاں کہوں۔ میں تم میں دو اہم چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ پس اللہ کی کتاب کو لو اور اس کو

كِتَابِ اللَّهِ وَرَغَّبَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ وَأَهْلُ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي فَقَالَ لَهُ حُصَيْنٌ وَمَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ يَا زَيْدُ أَلَيْسَ نِسَاؤُهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ قَالَ نِسَاؤُهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ وَلَكِنْ أَهْلُ بَيْتِهِ مَنْ حُرِمَ الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ قَالَ وَمَنْ هُمْ قَالَ هُمْ آلُ عَلِيٍّ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَبَّاسٍ قَالَ كُلُّ هَؤُلَاءِ حُرِمَ الصَّدَقَةَ قَالَ نَعَمْ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ حَدَّثَنَا حَسَّانُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ بِمَعْنَى حَدِيثِ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي حَيَّانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ إِسْمَعِيلَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ كِتَابُ اللَّهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ مَنِ اسْتَمْسَكَ بِهِ وَأَخَذَ بِهِ كَانَ عَلَى الْهُدَى وَمَنْ أَخْطَأَهُ ضَلَّ {37} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ حَدَّثَنَا حَسَّانُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سَعِيدٍ وَهُوَ ابْنُ مَسْرُوقٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ

مضبوطی سے پکڑ لو۔ پھر آپؐ نے کتاب اللہ کے بارہ میں بہت ترغیب وتحریض دلائی پھر فرمایا اور میرے اہل بیت، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ حصین نے انہیں کہا اے زیدؓ! آپؐ کے اہل بیت کون ہیں؟ کیا آپؐ کی ازواج مطہرات آپؐ کے اہل بیت میں شامل نہیں؟ زید نے کہا آپ کی ازواج آپؐ کے اہل بیت میں ہیں لیکن آپؐ کے اہل بیت وہ ہیں جن پر آپؐ کے بعد صدقہ حرام قرار دے دیا گیا ہے انہوں (حضرت زیدؓ نے) کہا وہ کون ہیں؟ انہوں (حضرت زیدؓ) نے کہا وہ حضرت علیؓ کی آل، حضرت عقیلؓ کی آل، حضرت جعفرؓ کی آل اور حضرت عباسؓ کی آل ہے۔ اس نے کہا کیا ان سب پر صدقہ حرام قرار دیا گیا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ کی کتاب میں ہدایت اور نور ہے جس نے اسے مضبوطی سے پکڑا اور اسے لے لیا وہ ہدایت پر قائم ہے اور جس نے اس کے بارہ میں کوتاہی کی تو وہ گمراہ ہو گیا۔ یزید بن حیان حضرت زید بن ارقمؓ کے بارہ میں روایت کرتے ہیں کہ ہم ان کے پاس گئے تو ہم نے ان سے کہا کہ آپؓ نے بڑی خیر دیکھی ہے۔ آپؓ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہے اور آپؐ کے پیچھے آپؓ نے نمازیں

زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ دَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْنَا لَهُ لَقَدْ رَأَيْتَ خَيْرًا لَقَدْ صَاحَبْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ أَبِي حَيَّانَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ أَلَا وَإِنِّي تَارِكٌ فِيكُمْ ثَقَلَيْنِ أَحَدُهُمَا كِتَابُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ حَبْلُ اللَّهِ مَنِ اتَّبَعَهُ كَانَ عَلَى الْهُدَى وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى ضَلَالَةٍ وَفِيهِ فَقُلْنَا مَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ نِسَاؤُهُ قَالَ لَا وَايْمُ اللَّهِ إِنَّ الْمَرْأَةَ تَكُونُ مَعَ الرَّجُلِ الْعَصْرَ مِنَ الدَّهْرِ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتَرْجِعُ إِلَى أَبِيهَا وَقَوْمِهَا أَهْلُ بَيْتِهِ أَصْلُهُ وَعَصَبَتُهُ الَّذِينَ حُرِمُوا الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ

[6228,6227,6226,6225]

ادا کیں ہیں۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے انہوں نے کہا سنو! میں تم میں دو اہم چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ان میں سے ایک تو اللہ عزوّجل کی کتاب ہے، وہ اللہ کی رسی ہے جس نے اس کی پیروی کی وہ ہدایت پر ہے اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ گمراہی پر ہے۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ پھر ہم نے کہا آپؐ کے اہل بیت کون ہیں؟ آپؐ کی ازواج؟ انہوں نے کہا نہیں اللہ کی قسم! یقیناً عورت مرد کے ساتھ دیر تک ہوتی ہے۔ پھر وہ اسے طلاق دے دیتا ہے تو وہ اپنے باپ اور اپنی قوم کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ آپؐ کے اہل بیت تو آپؐ کی اصل ہیں اور آپؐ کا قبیلہ ہیں جن پر آپؐ کے بعد صدقہ حرام قرار دے دیا گیا ہے۔

4412{38}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اسْتُعْمِلَ عَلَى الْمَدِينَةِ رَجُلٌ مِنْ آلِ مَرْوَانَ قَالَ فَدَعَا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ فَأَمَرَهُ أَنْ يَشْتِمَ عَلِيًّا قَالَ فَأَبَى سَهْلٌ فَقَالَ لَهُ أَمَّا إِذْ أَبَيْتَ فَقُلْ لَعَنَ اللَّهُ أَبَا التُّرَابِ فَقَالَ سَهْلٌ مَا كَانَ لِعَلِيٍّ اسْمٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَبِي التُّرَابِ وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ إِذَا

4412: ابوحازم سے روایت ہے کہ حضرت سہلؓ بن سعد نے بیان کیا کہ آل مروان میں سے ایک شخص کو مدینہ پر عامل مقرر کیا گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ اس نے حضرت سہل بن سعدؓ کو بلایا اور انہیں حکم دیا کہ وہ حضرت علیؓ پر سبّ وشتم کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سہلؓ نے اس کا انکار کیا اور اس عامل نے ان (حضرت سہلؓ) سے کہا اگر تو نے اس کا انکار کرنا ہے تو پھر یہ کہو کہ ابوتراب پر اللہ کی لعنت ہو۔ حضرت سہلؓ نے کہا کہ حضرت علیؓ کے لئے ابوتراب سے بڑھ کر

4412 : تخریج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب ... 3703 کتاب الصلاۃ باب نوم الرجال فی المسجد 441 کتاب الادب باب التکنی بابی تراب 6204 کتاب لاستئذان باب القائلة فی المسجد 6280

دُعِيَ بِهَا فَقَالَ لَهُ أَخْبِرْنَا عَنْ قِصَّتِهِ لِمَ سُمِّيَ أَبَا تُرَابٍ قَالَ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ فَلَمْ يَجِدْ عَلِيًّا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ فَقَالَتْ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ شَيْءٌ فَغَاضَبَنِي فَخَرَجَ فَلَمْ يَقِلْ عِنْدِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ انْظُرْ أَيْنَ هُوَ فَجَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هُوَ فِي الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ فَجَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ قَدْ سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ شِقِّهِ فَأَصَابَهُ تُرَابٌ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُهُ عَنْهُ وَيَقُولُ قُمْ أَبَا التُّرَابِ قُمْ أَبَا التُّرَابِ [6229]

4447{72} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ إِسْمَعِيلَ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى أَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَّرَ خَدِيجَةَ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ قَالَ نَعَمْ بَشَّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَجَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [6275,6274]

4447: اسماعیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ سے کہا کیا رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کو جنت میں گھر کی بشارت دی تھی؟ انہوں نے کہا ہاں آپؐ نے حضرت خدیجہؓ کو جنت میں ایک ایسے گھر کی بشارت دی تھی جو خولدار موتی کا ہوگا اور نہ اس میں کوئی شور ہوگا اور نہ کوئی تھکان۔

4447:اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4448، 4449، 4450، 4451، 4452، 4453

تخريج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب تزويج النبی ﷺ خديجة .....3816، 3817، 3819، 3821 کتاب النكاح باب غيرة النساء 5229 کتاب الادب باب حسن العهد من الايمان 6004 کتاب التوحيد باب قول الله تعالى ولا تنفع الشفاعة عنده ... 7484 باب قول الله تعالى يريدون ان يبدلوا كلام الله 7497 **ابن ماجه** کتاب النكاح باب الغيرة 1997

4448{73} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ بَشَّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ بِنْتَ خُوَيْلِدٍ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ [6276]

4448: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ بنت خویلد کو جنت میں گھر کی بشارت دی۔

4449{74} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ وَلَقَدْ هَلَكَتْ قَبْلَ أَنْ يَتَزَوَّجَنِي بِثَلَاثِ سِنِينَ لِمَا كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا وَلَقَدْ أَمَرَهُ رَبُّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ فِي الْجَنَّةِ وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ ثُمَّ يُهْدِيهَا إِلَى خَلَائِلِهَا [6277]

4449: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ مجھے کسی عورت پر رشک نہیں آیا سوائے حضرت خدیجہؓ کے۔ وہ آپ ﷺ کے مجھ سے شادی کرنے سے تین سال قبل وفات پا چکی تھیں۔ کیونکہ میں آپؐ کو اُن کا کثرت سے ذکر کرتے سُنا کرتی تھی اور یقیناً آپؐ کے رب عزوجل نے آپؐ کو ارشاد فرمایا تھا کہ آپؐ انہیں (حضرت خدیجہؓ کو) جنت میں خولدار موتی کے گھر کی بشارت دیں اور آپؐ بکری ذبح کرتے تو اس (کا گوشت) اُن (حضرت خدیجہؓ) کی سہیلیوں کو بطور ہدیہ بھجوا دیتے۔

4450{75} حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ

4450: حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ مجھے نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ میں سے کسی پر رشک نہیں آیا

4448:اطراف: مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4447 ، 4449 ، 4450، 4451 ، 4452، 4453
تخريج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب تزويج النبی ﷺ خديجة .....3816 ، 3817، 3819، 3821 کتاب النكاح باب غيرة النساء 5229 کتاب الادب باب حسن العهد من الايمان 6004 کتاب التوحيد باب قول الله تعالى ولا تنفع الشفاعة عنده ...7484 باب قول الله تعالى يريون ان يبدلوا كلام الله 7497 **ابن ماجه** کتاب النكاح باب الغيرة 1997

4449:اطراف: مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4447 ، 4448 ، 4450، 4451 ، 4452، 4453
تخريج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب تزويج النبی ﷺ خديجة ..... 3816 ، 3817 ،3819، 3821 کتاب النكاح باب غيرة النساء 5229 کتاب الادب باب حسن العهد من الايمان 6004 کتاب التوحيد باب قول الله تعالى ولا تنفع الشفاعة عنده ...7484 باب قول الله تعالى يريون ان يبدلوا كلام الله 7497 **ابن ماجه** کتاب النكاح باب الغيرة 1997

4450:اطراف: مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4447 ، 4448 ،4449، 4451، 4452 ، 4453 =

أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا عَلَى خَدِيجَةَ وَإِنِّي لَمْ أُدْرِكْهَا قَالَتْ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَبَحَ الشَّاةَ فَيَقُولُ أَرْسِلُوا بِهَا إِلَى أَصْدِقَاءِ خَدِيجَةَ قَالَتْ فَأَغْضَبْتُهُ يَوْمًا فَقُلْتُ خَدِيجَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي قَدْ رُزِقْتُ حُبَّهَا حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ جَمِيعًا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ إِلَى قِصَّةِ الشَّاةِ وَلَمْ يَذْكُرِ الزِّيَادَةَ بَعْدَهَا[6279,6278]

سوائے حضرت خدیجہؓ کے حالانکہ میں نے ان کا زمانہ نہیں پایا۔ آپؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب (بھی) بکری ذبح کرتے تو فرماتے کہ یہ خدیجہؓ کی سہیلیوں کو بھیجو۔ ایک روز میں نے آپ ﷺ کو ناراض کردیا کہ میں نے کہا خدیجہ! اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے دل میں اس کی محبت دی گئی ہے۔

ایک اور روایت میں صرف بکری (کے گوشت بھیجنے تک) کا ذکر ہے اس کے بعد مزید کوئی ذکر نہیں۔

4451{76} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ لِكَثْرَةِ ذِكْرِهِ إِيَّاهَا وَمَا رَأَيْتُهَا قَطُّ [6280]

4451: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ مجھے نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ میں سے کسی زوجہ مطہرہ پر اتنا رشک نہ آیا جتنا آپؐ کے کثرت سے ذکر کرنے کی وجہ سے حضرت خدیجہؓ پر رشک آیا حالانکہ میں نے انہیں کبھی نہیں دیکھا تھا۔

= **تخریج: بخاری** کتاب المناقب باب تزویج النبی ﷺ خدیجة .... 3816، 3817 ، 3818 ،3821 کتاب النکاح باب غیرة النساء 5229 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی حسن العهد 2017 کتاب المناقب باب فضل خدیجةؓ 3875 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1997

4451: اطراف: مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خدیجة 4446، 4447 ، 4448 ، 4449، 4450، 4452، 4453

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب تزویج النبی ﷺ خدیجة ....3816، 3817 ، 3818 ،3821 کتاب النکاح باب غیرة النساء 5229 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی حسن العهد 2017 کتاب المناقب باب فضل خدیجةؓ 3875 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1997

4452{77}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَتَزَوَّجِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَدِيجَةَ حَتَّى مَاتَتْ [6281]

4452: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کی موجودگی میں اور شادی نہیں کی یہانتک کہ آپؓ وفات پا گئیں۔

4453{78} حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ أُخْتُ خَدِيجَةَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيجَةَ فَارْتَاحَ لِذَلِكَ فَقَالَ اللَّهُمَّ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ فَغِرْتُ فَقُلْتُ وَمَا تَذْكُرُ مِنْ عَجُوزٍ مِنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ حَمْرَاءِ الشِّدْقَيْنِ هَلَكَتْ فِي الدَّهْرِ فَأَبْدَلَكَ اللَّهُ خَيْرًا مِنْهَا [6282]

4453: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضرت خدیجہؓ کی بہن ہالہؓ بنت خویلد نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کی تو آپؐ کو حضرت خدیجہؓ کا اجازت طلب کرنا یاد آ گیا تو آپؐ نے بشاشت محسوس کی اور فرمایا اے اللہ! ہالہؓ بنت خویلد ہے! اس پر مجھے رشک آ گیا اور میں نے عرض کیا آپؐ کیا قریش کی بوڑھیوں میں سے ایک بوڑھی سرخ باچھوں والی کا ذکر کرتے ہیں جو ایک زمانہ ہوا فوت ہو گئی اور اللہ نے آپؐ کو اس کے بدلہ میں اس سے بہتر دیں۔

4452: اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4447 ، 4448 ، 4449، 4450، 4451 ، 4453
تخريج: **بخاری** کتاب المناقب باب تزويج النبی ﷺ خديجة..... 3816، 3817 ، 3818 ،3821 کتاب النكاح باب غيرة النساء 5229 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی حسن العهد 2017 کتاب المناقب باب فضل خديجةؓ 3875 **ابن ماجه** کتاب النكاح باب الغيرة 1997

4453: اطراف: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل خديجة 4446، 4447 ، 4448 ، 4449، 4450، 4451، 4452
تخريج: **بخاری** کتاب المناقب باب تزويج النبی ﷺ خديجة..... 3816، 3817 ، 3818 ،3821 کتاب النكاح باب غيرة النساء 5229 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی حسن العهد 2017 کتاب المناقب باب فضل خديجةؓ 3875 **ابن ماجه** کتاب النكاح باب الغيرة 1997

[13]59:بَاب فِي فَضْلِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کا بیان

4454{79} حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرِيتُكِ فِي الْمَنَامِ ثَلَاثَ لَيَالٍ جَاءَنِي بِكِ الْمَلَكُ فِي سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيرٍ فَيَقُولُ هَذِهِ امْرَأَتُكَ فَأَكْشِفُ عَنْ وَجْهِكِ فَإِذَا أَنْتِ هِيَ فَأَقُولُ إِنْ يَكُ هَذَا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ يُمْضِهِ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ جَمِيعًا عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [6284,6283]

4454: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے تم تین راتیں خواب میں دکھائی گئیں۔ ایک فرشتہ تمہیں میرے پاس ریشم کے اعلیٰ کپڑے میں لایا وہ کہنے لگا یہ آپؐ کی بیوی ہیں۔ میں تمہارے چہرے سے پردہ ہٹاتا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ تم ہو۔ تب میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے ہے تو وہ اسے پورا کر دے گا۔

4455{80} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ وَجَدْتُ فِي كِتَابِي عَنْ أَبِي أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ

4455: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا مجھے معلوم ہو جاتا ہے جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو اور جب تم مجھ سے روٹھی ہوتی ہو۔ میں نے عرض کیا آپؐ کو یہ کیسے پتہ لگتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو کہتی ہو نہیں محمدؐ کے رب کی قسم اور جب تم مجھ سے روٹھی

4454: تخریج: بخاری کتاب المناقب باب تزویج النبی ﷺ عائشة و قدومها... 3895 ترمذی کتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3880 کتاب النکاح باب نکاح الابکار 5078 باب النظر الی المرأة قبل التزویج 5125 کتاب التعبیر باب کشف المرأة فی المنام 7011 باب ثیاب الحریر فی المنام 7012

4455: تخریج: بخاری کتاب النکاح غیرة النساء و وجدهن 5228 کتاب الأدب باب مایجوز من الهجران لمن عصی 6078

عَنِّي رَاضِيَةً وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى قَالَتْ فَقُلْتُ وَمِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذَلِكَ قَالَ أَمَّا إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً فَإِنَّكِ تَقُولِينَ لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ وَإِذَا كُنْتِ غَضْبَى قُلْتِ لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ قَالَتْ قُلْتُ أَجَلْ وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَكَ و حَدَّثَنَاه ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ إِلَى قَوْلِهِ لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ [6286,6285]

ہوتی ہو تو کہتی ہو نہیں قسم ہے ابراہیمؑ کے رب کی۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں میں نے کہا جی ہاں خدا کی قسم یا رسولؐ اللہ! میں صرف آپؐ کا نام چھوڑتی ہوں۔ ایک اور روایت میں "لَا وَرَبِّ اِبْـرَاهِيْـمَ" کے الفاظ تک ہے۔

4456{81} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ وَكَانَتْ تَأْتِينِي صَوَاحِبِي فَكُنَّ يَنْقَمِعْنَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّبُهُنَّ إِلَيَّ حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ فِي بَيْتِهِ وَهُنَّ اللُّعَبُ [6288,6287]

4456: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس گڑیوں سے کھیلا کرتی تھیں۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میرے پاس میری سہیلیاں آتیں تو رسول اللہ ﷺ سے چھپ جاتیں۔ آپؐ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ انہیں میری طرف بھیج دیا کرتے تھے۔
ایک روایت میں ہے کہ میں آپؐ کے گھر میں بنات سے کھیلا کرتی تھی اور بنات سے مراد گڑیاں ہیں۔

4456: تخریج: بخاری کتاب الأدب باب الانبساط الی الناس 6130 أبو داؤد کتاب الأدب باب فی اللعب بالبنات 4931 ابن ماجه کتاب النکاح باب حسن معاشرة النساء1982

4457{82} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ يَبْتَغُونَ بِذَلِكَ مَرْضَاةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6289]

4457: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ لوگ اپنے تحائف کے لئے حضرت عائشہؓ کی باری کے انتظار میں رہتے۔ وہ اس سے رسول اللہ ﷺ کی خوشنودی چاہتے تھے۔

4458{83} حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ حَدَّثَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ أَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَيْهِ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ مَعِي فِي مِرْطِي فَأَذِنَ لَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَزْوَاجَكَ

4458: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ نے رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس بھیجا۔ حضرت فاطمہؓ نے آپؐ سے اجازت طلب کی اس وقت آپؐ میرے ساتھ میری چادر میں لیٹے ہوئے تھے۔ آپؐ نے انہیں (حضرت فاطمہؓ کو) اجازت دی۔ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کی ازواج نے مجھے آپؐ کے پاس بھیجا ہے۔ وہ ابوقحافہ کی بیٹی کے بارہ میں آپؐ سے انصاف چاہتی ہیں۔ (حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں) اور میں خاموش رہی۔ حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا اے میری پیاری بیٹی! کیا تمہیں وہ پسند نہیں جو میں پسند کرتا ہوں۔ اس پر وہ کہنے لگیں کیوں نہیں۔

4457: **تخریج**: **بخاری** کتاب الهبة باب قبو ل الهدية 2574 باب وفضلها والتحريض عليها باب من أهدى الى صاحبه.... 2580،2581 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب فضل عائشة 3775 **ترمذی** کتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3879 **نسائی** کتاب عشرة النساء حب الرجل بعض نسائه ..3951,3950

4458: **تخریج**: **بخاری** کتاب الهبة باب وفضلها والتحريض عليها باب من أهدى الى صاحبه...2581 **نسائی** کتاب عشرة النساء حب الرجل بعض نسائه ....3944 ، 3945 ، 3946

أَرْسَلْنَنِي إِلَيْكَ يَسْأَلْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ وَأَنَا سَاكِتَةٌ قَالَتْ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ بُنَيَّةُ أَلَسْتِ تُحِبِّينَ مَا أُحِبُّ فَقَالَتْ بَلَى قَالَ فَأَحِبِّي هَذِهِ قَالَتْ فَقَامَتْ فَاطِمَةُ حِينَ سَمِعَتْ ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَتْ إِلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْهُنَّ بِالَّذِي قَالَتْ وَبِالَّذِي قَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ لَهَا مَا نُرَاكِ أَغْنَيْتِ عَنَّا مِنْ شَيْءٍ فَارْجِعِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُولِي لَهُ إِنَّ أَزْوَاجَكَ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ وَاللَّهِ لَا أُكَلِّمُهُ فِيهَا أَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ فَأَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْهُنَّ فِي الْمَنْزِلَةِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَرَ امْرَأَةً قَطُّ خَيْرًا فِي الدِّينِ مِنْ زَيْنَبَ وَأَتْقَى لِلَّهِ وَأَصْدَقَ حَدِيثًا وَأَوْصَلَ لِلرَّحِمِ وَأَعْظَمَ صَدَقَةً وَأَشَدَّ ابْتِذَالًا لِنَفْسِهَا فِي الْعَمَلِ الَّذِي تَصَدَّقُ بِهِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پھر اس (عائشہ) سے محبت کرو۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں جب حضرت فاطمہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ سنا تو وہ اٹھ کھڑی ہوئیں، نبی ﷺ کی ازواجؓ کے پاس واپس گئیں اور انہیں وہ بتایا جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا تھا اور جو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تھا۔ اس پر انہوں نے حضرت فاطمہؓ سے کہا ہمارا نہیں خیال کہ تم ہمارے کچھ کام آئی ہو، اس لئے دوبارہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور آپؓ سے عرض کرو کہ آپؐ کی ازواجؓ ابوقحافہ کی بیٹی کے بارہ میں آپؐ سے انصاف مانگتی ہیں۔ اس پر حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ خدا کی قسم اس بارہ میں اب میں آپؐ سے کبھی بات نہ کروں گی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر نبی ﷺ کی ازواجؓ نے نبی ﷺ کی زوجہ حضرت زینبؓ بنت جحش کو بھیجا جو ازواجؓ میں سے صرف اکیلی حضورؐ کی نظر میں مقام کے لئے میرا مقابلہ کیا کرتی تھیں۔ میں نے زینبؓ سے بڑھ کر کسی عورت کو دین کے لحاظ سے بہتر نہیں دیکھا۔ وہ اللہ کا سب سے زیادہ تقویٰ رکھنے والی اور بات کرنے میں سب سے زیادہ سچی اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والی اور سب سے زیادہ صدقہ کرنے والی اور اس کام میں جس کے ذریعہ آپؓ صدقہ کرتیں اور اللہ کا قرب حاصل کرتیں اپنی جان کو سب سے زیادہ ہلکان کرنے والی تھیں۔ البتہ ایک تیزی ان میں تھی

وَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى مَا عَدَا سَوْرَةً مِنْ حِدَّةٍ كَانَتْ فِيهَا تُسْرِعُ مِنْهَا الْفَيْئَةَ قَالَتْ فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَائِشَةَ فِي مِرْطِهَا عَلَى الْحَالَةِ الَّتِي دَخَلَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا وَهُوَ بِهَا فَأَذِنَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَزْوَاجَكَ أَرْسَلْنَنِي إِلَيْكَ يَسْأَلْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ قَالَتْ ثُمَّ وَقَعَتْ بِي فَاسْتَطَالَتْ عَلَيَّ وَأَنَا أَرْقُبُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَرْقُبُ طَرْفَهُ هَلْ يَأْذَنُ لِي فِيهَا قَالَتْ فَلَمْ تَبْرَحْ زَيْنَبُ حَتَّى عَرَفْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكْرَهُ أَنْ أَنْتَصِرَ قَالَتْ فَلَمَّا وَقَعْتُ بِهَا لَمْ أَنْشَبْهَا حَتَّى أَنْحَيْتُ عَلَيْهَا قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَبَسَّمَ إِنَّهَا ابْنَةُ أَبِي بَكْرٍ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ فِي الْمَعْنَى غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَلَمَّا وَقَعْتُ بِهَا لَمْ أَنْشَبْهَا أَنْ أَثْخَنْتُهَا غَلَبَةً[6291,6290]

کہ جلدی غصہ میں آجاتی تھیں لیکن اس سے بھی جلدی رجوع کر لیتی تھیں۔ آپؓ فرماتی ہیں کہ انہوں (حضرت زینبؓ) نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی۔ رسول اللہ ﷺ اس وقت حضرت عائشہؓ کے ساتھ چادر میں اسی حالت میں تھے جس میں حضرت فاطمہؓ کے آنے پر تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت عطا فرمائی تو انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کی ازواجؓ نے مجھے آپؐ کے پاس بھیجا ہے۔ وہ آپؐ سے ابو قحافہ کی بیٹی کے بارہ میں انصاف مانگتی ہیں۔ آپؓ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں پھر زینبؓ نے مجھے ملامت کی اور کرتی چلی گئیں۔ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف نظر لگائے ہوئے تھی اور آپؐ کی آنکھ کی طرف میری نظر تھی کہ کیا مجھے آپؐ (جواب دینے کی) اجازت دیتے ہیں۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ زینبؓ ایسا کرتی رہیں یہانتک کہ میں جان گئی کہ رسول اللہ ﷺ میرے بدلہ لینے کو ناپسند نہیں فرمائیں گے۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں پھر میں نے ان کی ملامت کا جواب دینا شروع کیا اور انہیں نہیں چھوڑا جب تک کہ ان پر غالب نہ آگئی۔ وہ فرماتی ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ مسکرائے اور فرمایا یہ ابوبکرؓ کی بیٹی ہے! ایک اور روایت میں (حَتَّى أَنْحَيْتُ عَلَيْهَا کی بجائے) أَنْ أَثْخَنْتُهَا غَلَبَةً کے الفاظ ہیں کہ میں نے اُن کو زیر کر لیا۔

4459{84} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ وَجَدْتُ فِي كِتَابِي عَنْ أَبِي أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَتَفَقَّدُ يَقُولُ أَيْنَ أَنَا الْيَوْمَ أَيْنَ أَنَا غَدًا اسْتِبْطَاءً لِيَوْمِ عَائِشَةَ قَالَتْ فَلَمَّا كَانَ يَوْمِي قَبَضَهُ اللَّهُ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي[6292]

4459: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (اپنی آخری بیماری میں) استفسار کرتے کہ آج میری باری کہاں ہوگی، کل میری باری کہاں ہوگی۔ —حضرت عائشہؓ کی باری میں تاخیر کا احساس کرتے ہوئے— وہ فرماتی ہیں اور جب میری باری تھی تو اللہ نے آپؐ کو وفات دی، آپؐ نے میرے سینہ کا سہارا لیا ہوا تھا۔☆

4460{85} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ وَأَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى للَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ أَنْ يَمُوتَ وَهُوَ مُسْنِدٌ إِلَى صَدْرِهَا وَأَصْغَتْ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي

4460: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو آپؐ کی وفات سے قبل جب آپؐ ان کے سینہ سے سہارا لئے ہوئے تھے اور وہ آپؐ کی طرف کان لگائے ہوئے تھیں یہ فرماتے ہوئے سنا اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق سے ملا دے۔

4459 : **اطراف** : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4460، 4461، 4462

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ 1389 کتاب المناقب باب فضل عائشه 3774 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4450، 4451 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء في عقد التسبيح باليد 3496 **نسائی** کتاب الجنائز شدت الموت 1830 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول اللہ ﷺ 1626

☆ ''میں آج کہاں ہوں گا'' کا فقرہ بخاری میں نہیں ہے بلکہ ''میں کل کہاں ہوں گا'' کا فقرہ دو دفعہ ہے۔ واللہ اعلم

4460: **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4461، 4462، 4463

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ 1389 کتاب المناقب باب فضل عائشه 3774 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4450، 4451 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء في عقد التسبيح باليد 3496 **نسائی** کتاب الجنائز شدت الموت 1830 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول اللہ ﷺ 1626

ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6294,6293]

4461{86} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَسْمَعُ أَنَّهُ لَنْ يَمُوتَ نَبِيٌّ حَتَّى يُخَيَّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ قَالَتْ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَأَخَذَتْهُ بُحَّةٌ يَقُولُ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولَئِكَ رَفِيقًا قَالَتْ فَظَنَنْتُهُ خُيِّرَ حِينَئِذٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6296,6295]

4461: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں سنا کرتی تھی کہ نبی اس وقت تک فوت نہیں ہوتا جب تک اسے دنیا و آخرت کے درمیان اختیار نہیں دیا جاتا۔ آپؐ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو آپؐ کی مرض الموت میں مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۔۔۔☆ کہتے ہوئے سنا اور اس وقت آپؐ کی آواز بھرا گئی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں مجھے خیال ہوا اس وقت آپؐ کو (دنیا و آخرت کے درمیان) اختیار دیا گیا تھا۔

4462{87}حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي

4462: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ صحت مند تھے تو فرمایا

4461 : **اطراف**: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4459، 4460 ، 4462

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ 1389 کتاب المناقب باب فضل عائشه 3774 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4450، 4451 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء في عقد التسبيح باليد 3496 **نسائی** کتاب الجنائز شدت الموت 1830 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول اللہ ﷺ 1626

☆ **سورة النساء : 70**

4462 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4459، 4460 ، 4461

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ 1389 کتاب المناقب باب فضل عائشه 3774 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4450، 4451 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء في عقد التسبيح باليد 3496 **نسائی** کتاب الجنائز شدت الموت 1830 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول اللہ ﷺ 1626

حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ فِي رِجَالٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ صَحِيحٌ إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتَّى يَرَى مَقْعَدَهُ فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَمَّا نَزَلَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَأْسُهُ عَلَى فَخِذِي غُشِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ أَفَاقَ فَأَشْخَصَ بَصَرَهُ إِلَى السَّقْفِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ الرَّفِيقَ الْأَعْلَى قَالَتْ عَائِشَةُ قُلْتُ إِذًا لَا يَخْتَارُنَا قَالَتْ عَائِشَةُ وَعَرَفْتُ الْحَدِيثَ الَّذِي كَانَ يُحَدِّثُنَا بِهِ وَهُوَ صَحِيحٌ فِي قَوْلِهِ إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتَّى يَرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَتْ تِلْكَ آخِرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلَهُ اللَّهُمَّ الرَّفِيقَ الْأَعْلَى[6297]

کرتے تھے کہ کسی نبی کو وفات نہیں دی گئی جب تک کہ وہ جنت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے پھر اسے اختیار دیا جاتا ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کا وقت قریب آیا، آپؐ کا سر میری ران پر تھا کچھ وقت تو آپؐ پر غشی طاری رہی پھر افاقہ ہوا تو آپؐ نے اپنی نظر اوپر چھت کی طرف اٹھائی پھر فرمایا اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے سوچا اب آپؐ ہمیں اختیار نہیں فرمائیں گے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں تب مجھے وہ بات سمجھ آئی جو آپؐ اپنی گفتگو میں بیان کیا کرتے تھے، جب آپؐ تندرست تھے کہ اس وقت تک کسی نبی کی وفات نہیں ہوتی جب تک وہ جنت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے پھر اسے اختیار دیا جاتا ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ یہ ہے آخری بات جو رسول اللہ ﷺ نے فرمائی اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی۔

4463{88} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا

4463: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ سفر پر تشریف لے جاتے تو اپنی

4463 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الھبة و فضلھا والتحریض علیھا باب ھبة المرأة لغیر زوجھا ...2593 کتاب الشھادات باب القرعة فی المشکلات 2688 کتاب المغازی باب حدیث الافک 4141 کتاب النکاح باب القرعة بین النساء اذا اراد سفراً 5211 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب فی القسم بین النساء 2138 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب القسمة بین النساء 1970

عَنْ أَبِي نُعَيْمٍ قَالَ عَبْدٌ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَطَارَتِ الْقُرْعَةُ عَلَى عَائِشَةَ وَحَفْصَةَ فَخَرَجَتَا مَعَهُ جَمِيعًا وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ بِاللَّيْلِ سَارَ مَعَ عَائِشَةَ يَتَحَدَّثُ مَعَهَا فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ أَلَا تَرْكَبِينَ اللَّيْلَةَ بَعِيرِي وَأَرْكَبُ بَعِيرَكِ فَتَنْظُرِينَ وَأَنْظُرُ قَالَتْ بَلَى فَرَكِبَتْ عَائِشَةُ عَلَى بَعِيرِ حَفْصَةَ وَرَكِبَتْ حَفْصَةُ عَلَى بَعِيرِ عَائِشَةَ فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَمَلِ عَائِشَةَ وَعَلَيْهِ حَفْصَةُ فَسَلَّمَ ثُمَّ سَارَ مَعَهَا حَتَّى نَزَلُوا فَافْتَقَدَتْهُ عَائِشَةُ فَغَارَتْ فَلَمَّا نَزَلُوا جَعَلَتْ تَجْعَلُ رِجْلَهَا بَيْنَ الْإِذْخِرِ وَتَقُولُ يَا رَبِّ سَلِّطْ عَلَيَّ عَقْرَبًا أَوْ حَيَّةً تَلْدَغُنِي رَسُولُكَ وَلَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَقُولَ لَهُ شَيْئًا[6298]

ازواج مطہرات ؓ کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے (ایک مرتبہ) حضرت عائشہ ؓ اور حضرت حفصہ ؓ کے نام قرعہ نکلا۔ آپ دونوں اکٹھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر پر گئیں جب رات ہوتی تو رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہ ؓ کے ساتھ چلتے، ان سے باتیں کرتے۔ (ایک دفعہ) حضرت حفصہ ؓ نے حضرت عائشہ ؓ سے کہا کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ آج رات آپ میرے اونٹ پر سوار ہوجائیں اور میں آپ کے اونٹ پر سوار ہوجاؤں؟ پھر آپ دیکھیں گی اور میں بھی دیکھوں گی۔ انہوں نے کہا کیوں نہیں تو حضرت عائشہ ؓ حضرت حفصہ ؓ کے اونٹ پر سوار ہوگئیں اور حضرت حفصہ ؓ حضرت عائشہ ؓ کے اونٹ پر سوار ہوگئیں رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہ ؓ کے اونٹ کی طرف آئے، اس پر حضرت حفصہ ؓ تھیں۔ حضور ؐ نے سلام کہا اور ان کے ساتھ چلے یہانتک کہ لوگوں نے پڑاؤ کیا۔ جب حضرت عائشہ ؓ نے آپ ؐ کی غیر موجودگی کو محسوس کیا تو انہیں غیرت آئی جب لوگوں نے پڑاؤ کیا تو حضرت عائشہ ؓ اپنے پاؤں اذخر گھاس میں ڈالنے لگیں اور کہا میرے رب مجھ پر کوئی بچھو یا سانپ مسلط کردے جو مجھے ڈس لے۔ یہ تیرے رسول ؐ ہیں میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔

4464{89}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ

4464: حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ

4464 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل خديجة ام المؤمنين 4445
تخريج : بخاری کتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ و ضرب الله مثلاً للذين ...3411 باب قول الله تعالىٰ =

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِهِمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي حَدِيثِ إِسْمَعِيلَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ [6300,6299]

عورتوں پر عائشہؓ کی فضیلت اسی طرح ہے جیسے ثرید کی باقی سارے کھانوں پر فضیلت ہے۔

4465{90} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ

4465: ابوسلمہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا کہ جبرائیل تمہیں سلام کہتے ہیں۔ وہ فرماتی ہیں میں نے کہا اُن پر بھی سلام اور اللہ کی رحمت ہو۔

= اذ قالت الملائكة يامريم ان الله يبشرك بكلمة منه 3433 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب فضل عائشة 3769 3770 كتاب الاطعمة باب الثريد 5418، 5419 **ترمذی** كتاب الاطعمة باب ما جاء فی فضل الثريد 1834 **نسائی** كتاب عشرة النساء حب الرجل بعض نسائه اكثر من بعض 3947، 3948 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب فضل الثريد على الطعام 3280، 3281

4465 : **اطراف** : **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4466

تخريج : **بخاری** كتاب بدء الخلق باب ذكر الملائكة صلوات عليهم 3217 كتاب المناقب باب فضل عائشة 3768 كتاب الادب باب من دعا صاحبه فنقص من اسمه حرفاً 6201 كتاب الاستئذان باب تسليم الرجال على النساء .... 6249 باب اذا قال فلان يقرء ک السلام 6253 **ترمذی** كتاب الاستئذان والآداب باب ماجاء فی تبليغ السلام 2693 كتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3881، 3882 **نسائی** كتاب عشرة النساء حب الرجل بعض نسائه.... 3952، 3953، 3954 **ابوداؤد** كتاب الادب باب فی الرجل يقول : فلان يقرئک السلام 5232

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا إِنَّ جِبْرِيلَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ قَالَتْ فَقُلْتُ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللَّهِ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَامِرًا يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا بِمِثْلِ حَدِيثِهِمَا و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6303,6302,6301]

4466{91}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشُ هَذَا جِبْرِيلُ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ قَالَتْ فَقُلْتُ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللَّهِ قَالَتْ وَهُوَ يَرَى مَا لَا أَرَى [6304]

4466 : نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائش! یہ جبرائیل ہیں جو تمہیں سلام کہتے ہیں۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے کہا اُن پر بھی سلام اور اللہ کی رحمت ہو۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپؐ وہ دیکھتے تھے جو میں نہیں دیکھتی تھی۔

4466 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل عائشة 4465

تخریج : **بخاری** کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3217 کتاب المناقب باب فضل عائشة 3768 کتاب الادب باب من دعا صاحبه فنقص من اسمه حرفاً 6201 کتاب الاستئذان باب تسلیم الرجال علی النساء ... 6249 باب اذا قال فلان یقرئک السلام 6253 **ترمذی** کتاب الاستئذان والآداب باب ماجاء فی تبلیغ السلام 2693 کتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3881 3882 **نسائی** کتاب عشرة النساء حب الرجل بعض نسائه....3952 ، 3953 ، 3954 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی الرجل یقول : فلان یقرئک السلام 5232

[14]60:بَاب ذِكْرِ حَدِيثِ أُمِّ زَرْعٍ

ام زرع کے قصّہ کا بیان

4467{92} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ كِلَاهُمَا عَنْ عِيسَى وَاللَّفْظُ لِابْنِ حُجْرٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ جَلَسَ إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً فَتَعَاهَدْنَ وَتَعَاقَدْنَ أَنْ لَا يَكْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَيْئًا

قَالَتِ الْأُولَى زَوْجِي لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ لَا سَهْلٌ فَيُرْتَقَى وَلَا سَمِينٌ فَيُنْتَقَلَ

قَالَتِ الثَّانِيَةُ زَوْجِي لَا أَبُثُّ خَبَرَهُ إِنِّي أَخَافُ أَنْ لَا أَذَرَهُ إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ

قَالَتِ الثَّالِثَةُ زَوْجِي الْعَشَنَّقُ إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ

قَالَتِ الرَّابِعَةُ زَوْجِي كَلَيْلِ تِهَامَةَ لَا حَرٌّ وَلَا قُرٌّ وَلَا مَخَافَةَ وَلَا سَآمَةَ

4467: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ (ایک مرتبہ) گیارہ عورتیں بیٹھیں اور انہوں نے باہم عہد و پیمان کیا کہ وہ اپنے خاوندوں کے حالات میں سے کچھ نہ چھپائیں گی۔

پہلی نے کہا میرا خاوند تو لاغر اونٹ کا گوشت ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر ہو، نہ وہ (پہاڑ) اتنا آسان ہے کہ اس پر چڑھا جائے اور نہ وہ گوشت اتنا اچھا موٹا تازہ ہے کہ (وہ نیچے) منتقل کیا جائے۔

دوسری نے کہا اور میرا خاوند! مَیں تو اس کی خبر نہیں پھیلاؤں گی کیونکہ میں ڈرتی ہوں کہ اگر میں اس کا ذکر کروں تو اس کے ظاہری و باطنی سب عیوب بیان کردوں گی۔

تیسری نے کہا میرا خاوند غیر معمولی طور پر لمبا ہے اگر میں اس کے بارہ میں کچھ بیان کروں تو مجھے طلاق ہو جائے گی اور اگر چپ رہوں تو یوں ہی لٹکتی رہوں۔

چوتھی نے کہا میرا خاوند تہامہ کی رات کی طرح نہ گرم ہے نہ ٹھنڈا نہ اس سے کوئی خوف ہے نہ اکتاہٹ۔

پانچویں نے کہا میرا خاوند گھر داخل ہو تو چیتا ہے باہر نکلے تو شیر ہے اور جس بات کو دیکھتا ہے اس کے بارہ میں پوچھ گچھ نہیں کرتا۔

4467 : تخریج : بخاری کتاب النکاح باب حسن المعاشرة مع الاهل 5189

قَالَتِ الْخَامِسَةُ زَوْجِي إِنْ دَخَلَ فَهِدَ وَإِنْ خَرَجَ أَسِدَ وَلَا يَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ

قَالَتِ السَّادِسَةُ زَوْجِي إِنْ أَكَلَ لَفَّ وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ وَإِنْ اضْطَجَعَ الْتَفَّ وَلَا يُولِجُ الْكَفَّ لِيَعْلَمَ الْبَثَّ

قَالَتِ السَّابِعَةُ زَوْجِي غَيَايَاءُ أَوْ عَيَايَاءُ طَبَاقَاءُ كُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ أَوْ جَمَعَ كُلًّا لَكِ

قَالَتِ الثَّامِنَةُ زَوْجِي الرِّيحُ رِيحُ زَرْنَبٍ وَالْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ

قَالَتِ التَّاسِعَةُ زَوْجِي رَفِيعُ الْعِمَادِ طَوِيلُ النِّجَادِ عَظِيمُ الرَّمَادِ قَرِيبُ الْبَيْتِ مِنَ النَّادِي

قَالَتِ الْعَاشِرَةُ زَوْجِي مَالِكٌ وَمَا مَالِكٌ مَالِكٌ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ لَهُ إِبِلٌ كَثِيرَاتُ الْمَبَارِكِ قَلِيلَاتُ الْمَسَارِحِ إِذَا سَمِعْنَ صَوْتَ الْمِزْهَرِ أَيْقَنَّ أَنَّهُنَّ هَوَالِكُ

قَالَتِ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ زَوْجِي أَبُو زَرْعٍ فَمَا أَبُو زَرْعٍ أَنَاسَ مِنْ حُلِيٍّ أُذُنَيَّ وَمَلَأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَيَّ وَبَجَّحَنِي فَبَجَحَتْ إِلَيَّ نَفْسِي وَجَدَنِي فِي أَهْلِ غُنَيْمَةٍ بِشِقٍّ

چھٹی نے کہا میرا خاوند کھانے لگے تو سب کچھ سمیٹ جائے اور اگر پینے لگے تو سب کچھ چڑھا جائے اور جب لیٹتا ہے کپڑے میں لپٹ کر سوتا ہے اور وہ میرے ہم وغم کو جاننے کے لئے میری طرف ہاتھ نہیں بڑھاتا۔

ساتویں نے کہا میرا خاوند نامرد ہے یا (کہا) بھٹکا ہوا ہے، احمق ہے۔ ہر قسم کی مرض کا مارا ہوا ہے اور وہ تیرا سر پھوڑے یا ہاتھ پاؤں توڑے یا دونوں کام تیرے ساتھ کرے۔

آٹھویں نے کہا میرے خاوند کی خوشبو زعفران کی خوشبو اور اسے چھوؤ تو خرگوش کی طرح (نرم)۔

نویں نے کہا میرا خاوند بلند عمارت والا سردار ہے اور قد آور بہادر ہے اور بہت مہمان نواز ہے۔ مجلس مشورہ کے قریب ہی اس کا گھر ہے۔

دسویں نے کہا میرا خاوند مالک ہے اور مالک کے کیا کہنے! مالک اس سے کہیں بہتر ہے۔ اس کے بہت سے اونٹ ہیں جو زیادہ باڑوں میں رہتے ہیں، چراگاہوں میں کم ملتے ہیں۔ جب وہ باجے کی آواز سنتے ہیں تو یقین کر لیتے ہیں کہ اب وہ ذبح ہونے والے ہیں۔

گیارہویں نے کہا میرا خاوند ابوزرع ہے اور کیا بات ہے ابوزرع کی۔ اُس نے زیورات سے میرے کان جھکا دیئے اور چربی سے میرے بازو موٹے کر دیئے اُس نے مجھے خوش رکھا تو میں خوش ہو کر اپنے آپ پر

فَجَعَلَنِي فِي أَهْلِ صَهِيلٍ وَأَطِيطٍ وَدَائِسٍ وَمُنَقٍّ فَعِنْدَهُ أَقُولُ فَلَا أُقَبَّحُ وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ وَأَشْرَبُ فَأَتَقَنَّحُ أُمُّ أَبِي زَرْعٍ فَمَا أُمُّ أَبِي زَرْعٍ عُكُومُهَا رَدَاحٌ وَبَيْتُهَا فَسَاحٌ ابْنُ أَبِي زَرْعٍ فَمَا ابْنُ أَبِي زَرْعٍ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ وَيُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ بِنْتُ أَبِي زَرْعٍ فَمَا بِنْتُ أَبِي زَرْعٍ طَوْعُ أَبِيهَا وَطَوْعُ أُمِّهَا وَمِلْءُ كِسَائِهَا وَغَيْظُ جَارَتِهَا جَارِيَةُ أَبِي زَرْعٍ فَمَا جَارِيَةُ أَبِي زَرْعٍ لَا تَبُثُّ حَدِيثَنَا تَبْثِيثًا وَلَا تُنَقِّثُ مِيرَتَنَا تَنْقِيثًا وَلَا تَمْلَأُ بَيْتَنَا تَعْشِيشًا قَالَتْ خَرَجَ أَبُو زَرْعٍ وَالْأَوْطَابُ تُمْخَضُ فَلَقِيَ امْرَأَةً مَعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ فَطَلَّقَنِي وَنَكَحَهَا فَنَكَحْتُ بَعْدَهُ رَجُلًا سَرِيًّا رَكِبَ شَرِيًّا وَأَخَذَ خَطِّيًّا وَأَرَاحَ عَلَيَّ نَعَمًا ثَرِيًّا وَأَعْطَانِي مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا قَالَ كُلِي أُمَّ زَرْعٍ وَمِيرِي أَهْلَكِ فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْءٍ أَعْطَانِي مَا بَلَغَ أَصْغَرَ آنِيَةِ أَبِي زَرْعٍ قَالَتْ عَائِشَةُ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

فخر کرنے لگی۔ اُس نے مجھے چند بکریوں والوں کے پاس پایا جو سخت زندگی گزار رہے تھے اور مجھے گھوڑوں اور اونٹوں گائیوں بیلوں اور مختلف پالتو پرندوں والا بنا دیا میں اس کے سامنے بات کرتی ہوں تو مجھے برا نہیں کہا جاتا۔ میں سوتی ہوں تو صبح کر دیتی ہوں اور پیتی ہوں تو سیر ہو جاتی ہوں کہ مزید پینے سے جی اکتاتا ہے۔ ابوزرع کی ماں! کیا ہی خوب ہے ابوزرع کی ماں۔ اس کے غلہ کے تھیلے بڑے بڑے اور بھاری ہیں اور اس کا گھر کشادہ ہے ابوزرع کا بیٹا! کیا ہی اچھا ہے ابوزرع کا بیٹا! اس کا بستر سونتی ہوئی تلوار کی مانند ہے اور بکری کے بچے کی ایک دستی بھی اسے سیر کر دیتی ہے۔ ابوزرع کی بیٹی! اور ابوزرع کی بیٹی کیا ہی خوب ہے۔ اپنے باپ کی فرمانبردار اور اپنی ماں کی فرمانبردار۔ ایسی موٹی تازی کہ اپنی چادر کو بھر دے جو ہمسائی کے لئے باعث رشک ہے۔ ابوزرع کی خادمہ! ابوزرع کی خادمہ بھی کیا خوب ہے۔ نہ ہماری باتوں کی تشہیر کرتی ہے اور نہ ہمارا کھانا چراتی ہے اور ہمارا گھر گندا نہیں ہونے دیتی۔ اُس نے کہا ایک دن ابوزرع (گھر سے) نکلا جب کہ دودھ کے برتن بلوئے جا رہے تھے۔ وہ ایک عورت سے ملا جس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے جیسے دو چیتے۔ وہ اس کے پہلو کے نیچے دو اناروں سے کھیل رہے تھے۔ تو اس نے مجھے طلاق دے دی اور اس کے ساتھ نکاح کر لیا۔ اس کے بعد میں نے بھی ایک شریف آدمی سے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ لَكِ كَأَبِي زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ و حَدَّثَنِيهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ عَيَايَاءُ طَبَاقَاءُ وَلَمْ يَشُكَّ وَقَالَ قَلِيلَاتُ الْمَسَارِحِ وَقَالَ وَصِفْرُ رِدَائِهَا وَخَيْرُ نِسَائِهَا وَعَقْرُ جَارَتِهَا وَقَالَ وَلَا تَنْقُثُ مِيرَتَنَا تَنْقِيثًا وَقَالَ وَأَعْطَانِي مِنْ كُلِّ ذَابِحَةٍ زَوْجًا [6306,6305]

نکاح کر لیا جو بہترین گھڑسوار اور نیزہ باز تھا۔ اُس نے مجھے بہت سے اونٹ دیئے اور ہر قسم کے مویشیوں میں سے جوڑا مجھے عطا کیا اور کہا اے ام زرع! خود بھی کھاؤ اور اپنے گھر والوں کو بھی کھلاؤ۔ وہ کہتی ہے کہ اگر میں اس کی ہر چیز جمع کر لوں جو اُس نے مجھے دی ہے تو ابوزرع کا سب سے چھوٹا برتن بھی اس سے نہ بھرے۔ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''میں تیرے لئے ایسا ہی ہوں جیسا ام زرع کے لئے ابوزرع''۔

ایک روایت میں (طَبَاقَاءُ کی بجائے) عَيَايَاءُ طَبَاقَاءُ کے الفاظ ہیں مگر اس میں شک کا اظہار نہیں۔

ایک اور روایت میں وَصِفْرُ رِدَائِهَا وَخَيْرُ نِسَائِهَا وَ عَقْرُ جَارَتِهَا کے الفاظ ہیں یعنی اس کی چادر خالی ہے (یعنی وہ دبلی ہے) اور وہ اس کی عورتوں میں بہترین ہے اور اپنی پڑوسن کے لئے حسد کا باعث ہے۔

ایک روایت میں (تُنَقِّثُ کی بجائے) تَنْقُثُ ہے۔ اور اس نے مجھے ذبح کئے جانے والے جانور کا جوڑا دیا۔

[15]61: بَاب فَضَائِلِ فَاطِمَةَ بِنْتِ النَّبِيِّ عَلَيْهَا الصَّلَاة وَالسَّلَامُ

نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ علیہا الصلاۃ والسلام کے فضائل کا بیان

4468{93} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ ابْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا لَيْثٌ حَدَّثَنَا

4468: حضرت مِسور بن مخرمہؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ بنی ہشام بن مغیرہ نے اپنی بیٹی کا نکاح

4468 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4469، 4470، 4471 ==

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيُّ التَّيْمِيُّ أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُولُ إِنَّ بَنِي هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ اسْتَأْذَنُونِي أَنْ يُنْكِحُوا ابْنَتَهُمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَلَا آذَنُ لَهُمْ ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمْ ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمْ إِلَّا أَنْ يُحِبَّ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ أَنْ يُطَلِّقَ ابْنَتِي وَيَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ فَإِنَّمَا ابْنَتِي بَضْعَةٌ مِنِّي يَرِيبُنِي مَا رَابَهَا وَيُؤْذِينِي مَا آذَاهَا[6307]

علیؓ بن ابوطالب سے کرنے کی مجھ سے اجازت مانگی لیکن میں انہیں اجازت نہیں دوں گا، میں انہیں اجازت نہیں دوں گا، میں انہیں اجازت نہیں دوں گا، سوائے اس کے ابن ابی طالب یہ پسند کرے کہ میری بیٹی کو طلاق دے اور ان کی بیٹی سے نکاح کرے کیونکہ میری بیٹی میرے جسم کا حصہ ہے۔ جو چیز اسے پریشان کرتی ہے وہ مجھے پریشان کرتی ہے۔ جو اسے تکلیف دیتی ہے وہ مجھے تکلیف دیتی ہے۔

4469{94} حَدَّثَنِي أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي يُؤْذِينِي مَا آذَاهَا[6308]

4469: حضرت مِسور بن مخرمہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فاطمہؓ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جو بات اسے تکلیف دے وہ مجھے تکلیف دیتی ہے۔

= **تخریج : بخاری** کتاب فرض الخمس باب ما ذکر من درع النبی ﷺ و عصاہ... 3110 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول اللہ ﷺ ...3714 باب ذکر اصهار النبی ﷺ منهم ابو العاص بن الربیع 3729 باب مناقب فاطمة 3767 کتاب النکاح باب ذب الرجل عن ابنته فی الغیرة والانصاف 5230 کتاب الطلاق باب الشقاق وهل یشیر بالخلع عند الضرورة 5278 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمة 3867 **ابو داؤد** کتاب النکاح باب مایکره ان یجمع بینهن من النساء 2069 2071 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1998، 1999

4469 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4468، 4470، 4471

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ما ذکر من درع النبی ﷺ و عصاہ...3110 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول اللہ ﷺ ...3714 باب ذکر اصهار النبی ﷺ منهم ابو العاص بن الربیع 3729 باب مناقب فاطمة 3767 کتاب النکاح باب ذب الرجل عن ابنته فی الغیرة والانصاف 5230 کتاب الطلاق باب الشقاق وهل یشیر بالخلع عند الضرورة 5278 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمة 3867 **ابو داؤد** کتاب النکاح باب مایکره ان یجمع بینهن من النساء 2069 2071 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1998، 1999

4470{95} حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الدُّؤَلِيُّ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ حَدَّثَهُ أَنَّهُمْ حِينَ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ مِنْ عِنْدِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ مَقْتَلَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا لَقِيَهُ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ فَقَالَ لَهُ هَلْ لَكَ إِلَيَّ مِنْ حَاجَةٍ تَأْمُرُنِي بِهَا قَالَ فَقُلْتُ لَهُ لَا قَالَ لَهُ هَلْ أَنْتَ مُعْطِيَّ سَيْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَغْلِبَكَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ وَايْمُ اللَّهِ لَئِنْ أَعْطَيْتَنِيهِ لَا يُخْلَصُ إِلَيْهِ أَبَدًا حَتَّى تَبْلُغَ نَفْسِي إِنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ عَلَى فَاطِمَةَ فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ فِي ذَلِكَ عَلَى مِنْبَرِهِ هَذَا وَأَنَا يَوْمَئِذٍ مُحْتَلِمٌ فَقَالَ إِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّي وَإِنِّي أَتَخَوَّفُ أَنْ تُفْتَنَ فِي دِينِهَا قَالَ ثُمَّ ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ مِنْ بَنِي

4470: علی بن حسین بیان کرتے ہیں کہ جب وہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد یزید بن معاویہ کے پاس سے ہوکر وہ لوگ (اہلِ بیت) مدینہ منورہ آئے تو مِسورؓ بن مخرمہ انہیں ملے اور ان سے کہا کیا آپ کو مجھ سے کوئی خدمت چاہئے جس کا آپ مجھے حکم دیں۔ وہ کہتے ہیں میں نے انہیں کہا نہیں۔ انہوں نے ان سے کہا کیا آپ مجھے رسول اللہ ﷺ کی تلوار دیں گے کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ آپ پر قوم غالب نہ آجائے۔ لیکن خدا کی قسم اگر آپ مجھے یہ (تلوار) دے دیں تو جب تک میں زندہ ہوں کوئی اس تک پہنچ نہ سکے گا۔ حضرت علی بن ابو طالبؓ نے حضرت فاطمہؓ کی موجودگی میں ابوجہل کی بیٹی کو شادی کا پیغام بھیجا تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارہ میں اپنے اس منبر پر لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سنا اور میں ان دنوں بالغ ہو چکا تھا۔ آپؐ نے فرمایا یقیناً فاطمہؓ مجھ سے ہے اور مجھے ڈر ہے کہ وہ اپنے دین کے بارہ میں کسی آزمائش میں نہ ڈالی جائے۔ پھر آپؐ نے بنی عبد شمس سے اپنے ایک داماد کا ذکر کیا اور بطور داماد اس

4470 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4468 ، 4469 ، 4471

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ما ذکر من درع النبی ﷺ و عصاہ... 3110 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول اللہ ﷺ ... 3714 باب ذکر اصهار النبی ﷺ منهم ابو العاص بن الربیع 3729 باب مناقب فاطمة 3767 کتاب النکاح باب ذب الرجل عن ابنته فی الغیرة والانصاف 5230 کتاب الطلاق باب الشقاق وهل یشیر بالخلع عند الضرورة 5278 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمة 3867 **ابو داؤد** کتاب النکاح باب مایکره ان یجمع بینهن من النساء 2069 ، 2071 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1998 ، 1999

عَبْدِ شَمْسٍ فَأَثْنَى عَلَيْهِ فِي مُصَاهَرَتِه إِيَّاهُ فَأَحْسَنَ قَالَ حَدَّثَنِي فَصَدَقَنِي وَوَعَدَنِي فَأَوْفَى لِي وَإِنِّي لَسْتُ أُحَرِّمُ حَلَالًا وَلَا أُحِلُّ حَرَامًا وَلَكِنْ وَاللَّهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللَّهِ مَكَانًا وَاحِدًا أَبَدًا [6308]

کے حسنِ سلوک کی تعریف فرمائی۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ اس نے مجھ سے جو بات کی، اسے میرے ساتھ سچ کر دکھایا اور مجھ سے وعدہ کیا، اسے پورا کیا۔ یقیناً میں حلال کو حرام نہیں کرتا اور نہ حرام کو حلال قرار دیتا ہوں لیکن خدا کی قسم اللہ کے رسول ﷺ کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔

4471{96}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ وَعِنْدَهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِذَلِكَ فَاطِمَةُ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَهُ إِنَّ قَوْمَكَ يَتَحَدَّثُونَ أَنَّكَ لَا تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ وَهَذَا عَلِيٌّ نَاكِحًا ابْنَةَ أَبِي جَهْلٍ قَالَ الْمِسْوَرُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ حِينَ تَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَنْكَحْتُ أَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيعِ فَحَدَّثَنِي فَصَدَقَنِي وَإِنَّ

4471: علی بن حسین بیان کرتے ہیں کہ حضرت مِسور بن مخرمہؓ نے انہیں بتایا کہ حضرت علیؓ بن ابی طالب نے رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کی موجودگی میں ابوجہل کی بیٹی سے شادی کا پیغام بھیجا۔ جب حضرت فاطمہؓ نے یہ بات سنی تو نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپؐ سے عرض کیا کہ آپ کے خاندان کے لوگ یہ باتیں کر رہے ہیں کہ آپ ﷺ اپنی بیٹیوں کے لئے غصہ نہیں ہوتے اور یہ علیؓ تو ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرنے لگے ہیں۔ حضرت مِسورؓ کہتے ہیں نبی ﷺ کھڑے ہوئے پھر میں نے آپؐ کو تشہد پڑھتے ہوئے سنا۔ پھر آپؐ نے فرمایا اما بعد میں نے (اپنی بیٹی) ابو العاص بن ربیع کو نکاح میں دی۔☆

4471 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4468، 4469، 4470

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ما ذکر من درع النبی ﷺ و عصاه... 3110 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ ... 3714 باب ذکر اصهار النبی ﷺ منهم ابو العاص بن الربیع 3729 باب مناقب فاطمة 3767 کتاب النکاح باب ذب الرجل عن ابنته فی الغیرة والانصاف 5230 کتاب الطلاق باب الشقاق وهل یشیر بالخلع عند الضرورة 5278 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمة 3867 **ابوداؤد** کتاب النکاح باب مایکره ان یجمع بینهن من النساء 2069 2071 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الغیرة 1998، 1999

☆ حضرت زینبؓ کا ذکر ہے۔

فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ مُضْغَةٌ مِنِّي وَإِنَّمَا أَكْرَهُ أَنْ يَفْتِنُوهَا وَإِنَّهَا وَاللَّهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللَّهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ أَبَدًا قَالَ فَتَرَكَ عَلِيٌّ الْخِطْبَةَ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا وَهْبٌ يَعْنِي ابْنَ جَرِيرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ يَعْنِي ابْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [6311,6310]

اس نے مجھ سے جو بات کی اسے سچ کر دکھایا اور یقیناً فاطمہؓ تو میرے جسم کا حصہ ہے۔ میں پسند نہیں کرتا کہ وہ اسے مصیبت میں مبتلا کریں اور خدا کی قسم! اللہ کے رسول ﷺ کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک آدمی کے ہاں کبھی جمع نہیں ہوسکتیں۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت علیؓ نے اس پیغام نکاح کو ترک کر دیا۔

4472{97}حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فَسَارَّهَا فَبَكَتْ ثُمَّ سَارَّهَا فَضَحِكَتْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ لِفَاطِمَةَ مَا هَذَا الَّذِي سَارَّكِ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَيْتِ ثُمَّ سَارَّكِ فَضَحِكْتِ قَالَتْ سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي بِمَوْتِهِ

4472: عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی صاحبزادی فاطمہؓ کو بلایا اور ان سے کوئی سرگوشی کی۔ اس پر فاطمہؓ رو پڑیں، آپؐ نے پھر ان سے سرگوشی کی۔ تو وہ (فاطمہؓ) ہنس پڑیں حضرت عائشہؓ کہتی ہیں میں نے فاطمہؓ سے پوچھا وہ کیا بات ہے جو رسول اللہ ﷺ نے تمہارے کان میں کہی تو تم رو پڑیں پھر جب تمہارے کان میں (کوئی) بات کہی تو تم ہنس پڑیں۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ آپؐ نے میرے کان میں بات کہی تو آپ نے مجھے اپنی وفات کی خبر دی، اس پر میں رو پڑی۔ پھر آپؐ نے میرے کان

4472 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4473 ، 4474

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3623 ، 3624 ، 3625 ، 3626 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ 3715، 3716 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4433 کتاب الاستئذان باب من ناجی بین یدی الناس 6258 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمةؓ 3872 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول الله ﷺ 1621

فَبَكَيْتُ ثُمَّ سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي أَنِّي أَوَّلُ مَنْ يَتْبَعُهُ مِنْ أَهْلِهِ فَضَحِكْتُ[6312]

4473{98} حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهُ لَمْ يُغَادِرْ مِنْهُنَّ وَاحِدَةً فَأَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِي مَا تُخْطِئُ مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَلَمَّا رَآهَا رَحَّبَ بِهَا فَقَالَ مَرْحَبًا بِابْنَتِي ثُمَّ أَجْلَسَهَا عَنْ يَمِينِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ سَارَّهَا فَبَكَتْ بُكَاءً شَدِيدًا فَلَمَّا رَأَى جَزَعَهَا سَارَّهَا الثَّانِيَةَ فَضَحِكَتْ فَقُلْتُ لَهَا خَصَّكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْنِ نِسَائِهِ بِالسِّرَارِ ثُمَّ أَنْتِ تَبْكِينَ فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلْتُهَا مَا قَالَ لَكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا كُنْتُ أُفْشِي عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرَّهُ قَالَتْ فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

میں بات کی تو مجھے بتایا کہ آپؐ کے خاندان میں سب سے پہلے میں آپؐ سے ملوں گی اس پر میں ہنس پڑی۔

4473: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ حضورؐ کے پاس تھیں۔ ایک بھی غیر حاضر نہیں تھی۔ حضرت فاطمہؓ چلتی ہوئی آئیں۔ آپؓ کے چلنے کا انداز رسول اللہ ﷺ کے چلنے کے انداز سے مختلف نہ تھا۔ جب حضورؐ نے انہیں دیکھا تو انہیں مرحبا کہا اور فرمایا خوش آمدید میری بیٹی! پھر انہیں اپنے دائیں طرف یا بائیں طرف بٹھایا پھر ان سے سرگوشی کی جس پر حضرت فاطمہؓ بہت روئیں۔ جب آپؐ نے ان کی تکلیف دیکھی تو دوسری مرتبہ ان سے سرگوشی کی۔ اس پر وہ ہنس پڑیں۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں میں نے فاطمہؓ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواجؓ مطہرات کی موجودگی میں خاص تم سے سرگوشی کی، پھر بھی تم روتی ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے تم سے کیا فرمایا ہے؟ حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا راز افشاء نہ کروں گی۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی۔ میں نے کہا کہ میں تمہیں قسم دیتی ہوں کیونکہ میرا جو تم پر حق ہے اس کی وجہ سے تم

4473 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4472 ، 4474

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3623 ، 3624 ، 3625 ، 3626 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ 3715، 3716 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4433 کتاب الاستئذان باب من ناجی بین یدی الناس 6258 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمةؓ 3872 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول الله ﷺ 1621

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ عَزَمْتُ عَلَيْكِ بِمَا لِي عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ لَمَا حَدَّثْتِنِي مَا قَالَ لَكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ أَمَّا الْآنَ فَنَعَمْ أَمَّا حِينَ سَارَّنِي فِي الْمَرَّةِ الْأُولَى فَأَخْبَرَنِي أَنَّ جِبْرِيلَ كَانَ يُعَارِضُهُ الْقُرْآنَ فِي كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ وَإِنَّهُ عَارَضَهُ الْآنَ مَرَّتَيْنِ وَإِنِّي لَا أُرَى الْأَجَلَ إِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ فَاتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي فَإِنَّهُ نِعْمَ السَّلَفُ أَنَا لَكِ قَالَتْ فَبَكَيْتُ بُكَائِي الَّذِي رَأَيْتِ فَلَمَّا رَأَى جَزَعِي سَارَّنِي الثَّانِيَةَ فَقَالَ يَا فَاطِمَةُ أَمَا تَرْضَيْ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ أَوْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ قَالَتْ فَضَحِكْتُ ضَحِكِي الَّذِي رَأَيْتِ[6313]

مجھے بتاؤ گی کہ رسول اللہ ﷺ نے تمہیں کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا ہاں اب بتائے دیتی ہوں۔ جب پہلی بار آپؐ نے میرے کان میں بات کی تو مجھے بتایا کہ جبرائیل ہر سال آپؐ کے ساتھ ایک بار قرآن کا دور کرتے تھے☆ لیکن اس دفعہ انہوں نے آپؐ کے ساتھ دو مرتبہ قرآن کا دور کیا۔ (آپؐ نے فرمایا) میرے خیال میں اب میری وفات قریب ہے۔ تم اللہ کا تقوی اختیار کرنا اور صبر کرنا، میں تمہارے لئے کیا ہی اچھا پیش رو ہوں۔ حضرت فاطمہؓ کہتی ہیں اس پر میں رو پڑی جو رونا میرا آپ نے دیکھا لیکن جب آپؐ نے میری تکلیف دیکھی تو دوسری دفعہ میرے کان میں بات کہی اور فرمایا اے فاطمہؓ! کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم مومن عورتوں کی سردار ہو یا فرمایا اس امت کی عورتوں کی سردار ہو۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا اس پر میں ہنس پڑی جیسا میرا ہنسنا آپؐ نے دیکھا۔

4474{99} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ ح و

4474: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ جمع تھیں ان میں سے ایک بھی

☆ امام نووی شارح مسلم بیان کرتے ہیں کہ ''اَوْمَرَّتَیْنِ'' کے الفاظ راوی کا اشتباہ ہیں اور درست یہ ہے کہ اس کو باقی روایات کے مطابق محذوف کر دیا جائے۔

4474 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل فاطمة بنت النبی ﷺ 4472، 4473

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3623، 3624، 3625، 3626 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ 3715، 3716 کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته 4433 کتاب الاستئذان باب من ناجی بین یدی الناس 6258 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمةؓ 3872 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ذکر مرض رسول الله ﷺ 1621

حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُغَادِرْ مِنْهُنَّ امْرَأَةً فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِي كَأَنَّ مِشْيَتَهَا مِشْيَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَرْحَبًا بِابْنَتِي فَأَجْلَسَهَا عَنْ يَمِينِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ إِنَّهُ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيثًا فَبَكَتْ فَاطِمَةُ ثُمَّ إِنَّهُ سَارَّهَا فَضَحِكَتْ أَيْضًا فَقُلْتُ لَهَا مَا يُبْكِيكِ فَقَالَتْ مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ فَرَحًا أَقْرَبَ مِنْ حُزْنٍ فَقُلْتُ لَهَا حِينَ بَكَتْ أَخَصَّكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثِهِ دُونَنَا ثُمَّ تَبْكِينَ وَسَأَلْتُهَا عَمَّا قَالَ فَقَالَتْ مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا قُبِضَ سَأَلْتُهَا فَقَالَتْ إِنَّهُ كَانَ حَدَّثَنِي أَنَّ جِبْرِيلَ كَانَ يُعَارِضُهُ بِالْقُرْآنِ كُلَّ عَامٍ مَرَّةً وَإِنَّهُ عَارَضَهُ بِهِ فِي الْعَامِ مَرَّتَيْنِ وَلَا أُرَانِي إِلَّا قَدْ حَضَرَ أَجَلِي وَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِي لُحُوقًا بِي وَنِعْمَ

غیر حاضر نہیں تھی کہ فاطمہؓ چلتی ہوئی آئیں، ان کے چلنے کا انداز رسول اللہ ﷺ کے چلنے کے انداز کی طرح تھا۔ آپؐ نے فرمایا خوش آمدید میری بیٹی! پھر آپؐ نے انہیں (فاطمہؓ) اپنے دائیں طرف یا بائیں طرف بٹھا دیا پھر آپؐ نے (فاطمہؓ) سے کوئی راز کی بات کہی تو حضرت فاطمہؓ رو پڑیں پھر آپؐ نے ان سے کان میں راز کی بات کہی تو وہ ہنس پڑیں۔ میں نے ان (فاطمہؓ) سے کہا کہ تمہیں کس بات نے رلایا؟ انہوں نے کہا میں رسول اللہ ﷺ کے راز کو افشاء نہ کروں گی۔ میں نے کہا جب وہ روئیں تو میں نے خوشی کو غم کے اتنا قریب آج کی طرح نہیں دیکھا۔ پھر میں نے ان (فاطمہؓ) سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سب کو چھوڑ کر تمہیں اپنی بات بتانے کے لئے مخصوص کیا پھر بھی تم روتی ہو؟ پھر میں نے ان سے اس بارہ میں پوچھا جو آپؐ نے فرمایا تھا۔ اس پر حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا راز افشاء نہیں کروں گی۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی تب میں نے ان سے پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے بتایا کہ حضرت جبرائیل ہر سال ایک مرتبہ آپؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے تھے لیکن اس سال انہوں نے آپؐ کے ساتھ دو مرتبہ قرآن کا دور کیا۔ میرا خیال ہے کہ میری وفات قریب ہے اور میرے خاندان میں سے سب سے پہلے تم مجھ

السَّلَفُ أَنَا لَكِ فَبَكَيْتُ لِذَلِكَ ثُمَّ إِنَّهُ سَارَّنِي فَقَالَ أَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ أَوْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ فَضَحِكْتُ لِذَلِكَ [6314]

سے ملوگی اور میں تمہارے لئے کیا اچھا پیش رو ہوں۔ اس پر میں رو پڑی پھر آپؐ نے مجھ سے کان میں بات کی تو فرمایا کیا تم خوش نہیں کہ تم مومن عورتوں کی سردار ہوگی یا فرمایا اس امت کی عورتوں کی سردار ہوگی۔ اس وجہ سے میں ہنس پڑی۔

[16]62: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أُمِّ سَلَمَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا

ام المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان

4475{100} حَدَّثَنِي عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ ابْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ لَا تَكُونَنَّ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ السُّوقَ وَلَا آخِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنْهَا فَإِنَّهَا مَعْرَكَةُ الشَّيْطَانِ وَبِهَا يَنْصِبُ رَايَتَهُ قَالَ وَأُنْبِئْتُ أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَى نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ أُمُّ سَلَمَةَ قَالَ فَجَعَلَ يَتَحَدَّثُ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمِّ سَلَمَةَ مَنْ هَذَا أَوْ كَمَا قَالَ قَالَتْ هَذَا دِحْيَةُ قَالَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ ايْمُ اللَّهِ مَا حَسِبْتُهُ إِلَّا إِيَّاهُ حَتَّى سَمِعْتُ خُطْبَةَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُ خَبَرَنَا أَوْ كَمَا

4475: حضرت سلمانؓ بیان کرتے ہیں کہ اگر تم سے ہو سکے تو کبھی بازار میں سب سے پہلے داخل مت ہو اور نہ ہی سب سے آخر میں اس سے نکلو کیونکہ بازار شیطان کا میدانِ جنگ ہے اور یہیں پر شیطان اپنا جھنڈا گاڑتا ہے انہوں نے کہا کہ مجھے بتایا گیا کہ جبرائیل اللہ کے نبی ﷺ کے پاس آئے اور حضرت ام سلمہؓ حضورؐ کے پاس تھیں۔ وہ (سلمانؓ) کہتے ہیں پھر وہ (جبرائیل) باتیں کرنے لگے پھر جب وہ (جبرائیل) تشریف لے گئے تو اللہ کے نبی ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ سے پوچھا یہ کون تھے یا جیسے آپؐ نے فرمایا۔ انہوں (حضرت ام سلمہؓ) نے کہا یہ دِحیہؓ تھے۔ راوی کہتے ہیں حضرت ام سلمہؓ نے کہا کہ خدا کی قسم! میں تو انہیں وہی (دِحیہؓ) سمجھتی رہی جب تک کہ میں نے اللہ کے نبی ﷺ کا خطاب نہ سن لیا جس میں آپؐ نے ہمارا یہ واقعہ بیان

4475: تخریج: بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3634 کتاب فضائل القرآن باب کیف نزول الوحی 4980

قَالَ قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي عُثْمَانَ مِمَّنْ سَمِعْتَ هَذَا قَالَ مِنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ [6315]

فرمایا ہے یا جیسا آپؐ نے فرمایا۔راوی سُلیمان کہتے ہیں میں نے ابوعثمان سے پوچھا کہ آپ نے یہ بات کس سے سنی ہے؟انہوں نے کہا حضرت اسامہؓ بن زید سے۔

[17]63:بَاب مِنْ فَضَائِلِ زَيْنَبَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا

اُمّ المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان

4476{101}حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ أَخْبَرَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْرَعُكُنَّ لَحَاقًا بِي أَطْوَلُكُنَّ يَدًا قَالَتْ فَكُنَّ يَتَطَاوَلْنَ أَيَّتُهُنَّ أَطْوَلُ يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ أَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَصَدَّقُ [6316]

4476: اُمّ المؤمنین حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے سب سے پہلے مجھ سے وہ ملے گی جو سب سے زیادہ لمبے ہاتھوں والی ہے۔وہ فرماتی ہیں کہ وہ (ازواجؓ مطہرات) آپس میں اپنے ہاتھ ناپنے لگیں کہ ان میں سے کون زیادہ لمبے ہاتھوں والی ہے۔آپؐ فرماتی ہیں (مگر) ہم میں سے سب سے لمبے ہاتھوں والی حضرت زینبؓ (ثابت) ہوئیں کیونکہ وہ اپنے ہاتھ سے کام کرتیں اور صدقہ کیا کرتی تھیں۔

[18]64:بَاب مِنْ فَضَائِلِ أُمِّ أَيْمَنَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا

حضرت اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا کے کچھ فضائل کا بیان

4477{102}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُمِّ أَيْمَنَ

4477: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت اُمّ ایمنؓ کے ہاں گئے، میں بھی آپؐ کے ساتھ گیا۔انہوں نے آپؐ کو ایک برتن دیا جس میں کوئی مشروب تھا۔حضرت انسؓ کہتے ہیں

4476 : تخریج : بخاری کتاب الزکاة باب أی الصدقة أفضل .... 1420 نسائی کتاب الزکاة فضل الصدقة 2541

فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَنَاوَلَتْهُ إِنَاءً فِيهِ شَرَابٌ قَالَ فَلَا أَدْرِي أَصَادَفَتْهُ صَائِمًا أَوْ لَمْ يُرِدْهُ فَجَعَلَتْ تَصْخَبُ عَلَيْهِ وَتَذَمَّرُ عَلَيْهِ [6317]

کہ مجھے نہیں پتہ کہ انہوں نے آپؐ کو روزہ سے پایا یا آپؐ کو اس کی خواہش نہیں تھی۔ چنانچہ وہ اُمّ ایمن آپؐ کو زور زور سے بول کر پینے کی ترغیب دینے لگیں اور غصہ ہونے لگیں۔

4478 {103} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ انْطَلِقْ بِنَا إِلَى أُمِّ أَيْمَنَ نَزُورُهَا كَمَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزُورُهَا فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَيْهَا بَكَتْ فَقَالَا لَهَا مَا يُبْكِيكِ مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ مَا أَبْكِي أَنْ لَا أَكُونَ أَعْلَمُ أَنَّ مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنْ أَبْكِي أَنَّ الْوَحْيَ قَدِ انْقَطَعَ مِنَ السَّمَاءِ فَهَيَّجَتْهُمَا عَلَى الْبُكَاءِ فَجَعَلَا يَبْكِيَانِ مَعَهَا [6318]

4478: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ سے کہا ہمارے ساتھ حضرت ام ایمنؓ کے ہاں چلو کہ ان سے ملیں جس طرح رسول اللہ ﷺ اُن سے ملا کرتے تھے۔ جب ہم ان کے پاس پہنچے تو وہ رو پڑیں۔ اس پر اُن دونوں نے اُنہیں کہا آپؓ کیوں روتی ہیں؟ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس کے رسول ﷺ کے لئے بہتر ہے۔ حضرت اُمّ ایمنؓ نے کہا کہ میں اس لئے نہیں روتی کہ جانتی نہیں ہوں کہ جو اللہ کے پاس ہے وہ اس کے رسول ﷺ کے لئے بہتر ہے۔ میں تو اس لئے روتی ہوں کہ اب آسمان سے وحی آنا بند ہوگئی ہے۔ انہوں نے ان دونوں کو بھی رُلا دیا اور وہ دونوں بھی رونے لگے۔

[19] 65: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أُمِّ سُلَيْمٍ أُمِّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَبِلَالٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت انسؓ بن مالک کی والدہ حضرت اُمّ سلیمؓ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان

4479 {104} حَدَّثَنَا حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ

4479: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ عورتوں میں سے اپنی ازواجؓ کے سوا کسی کے گھر نہ

4479 : تخريج : بخاری كتاب الجهاد والسير باب فضل من جهز غازياً أو خلفه بخير 2844

إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ عَلَى أَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِ إِلَّا أُمِّ سُلَيْمٍ فَإِنَّهُ كَانَ يَدْخُلُ عَلَيْهَا فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ إِنِّي أَرْحَمُهَا قُتِلَ أَخُوهَا مَعِي[6319]

جاتے، ہاں حضرت ام سلیمؓ کے گھر جاتے۔ اس بارہ میں آپؐ کی خدمت میں عرض کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا مجھے اس پر رحم آتا ہے کیونکہ اس کا بھائی میرے ساتھ مارا گیا تھا۔

4480{105} و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْفَةً فَقُلْتُ مَنْ هَذَا قَالُوا هَذِهِ الْغُمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ[6320]

4480: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے قدموں کی چاپ سنی۔ میں نے کہا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ غمیصاء بنت ملحانؓ ہے انس بن مالکؓ کی ماں۔

4481{106} حَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُرِيتُ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتُ امْرَأَةَ أَبِي طَلْحَةَ ثُمَّ سَمِعْتُ خَشْخَشَةً أَمَامِي فَإِذَا بِلَالٌ[6321]

4481: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے جنت دکھائی گئی تو میں نے ابوطلحہؓ کی بیوی کو دیکھا پھر میں نے اپنے آگے قدموں کی چاپ سنی تو وہ بلالؓ تھے۔

4481 : تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن الخطاب 3679

[20]66:بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4482{107}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَاتَ ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ مِنْ أُمِّ سُلَيْمٍ فَقَالَتْ لِأَهْلِهَا لَا تُحَدِّثُوا أَبَا طَلْحَةَ بِابْنِهِ حَتَّى أَكُونَ أَنَا أُحَدِّثُهُ قَالَ فَجَاءَ فَقَرَّبَتْ إِلَيْهِ عَشَاءً فَأَكَلَ وَشَرِبَ فَقَالَ ثُمَّ تَصَنَّعَتْ لَهُ أَحْسَنَ مَا كَانَ تَصَنَّعُ قَبْلَ ذَلِكَ فَوَقَعَ بِهَا فَلَمَّا رَأَتْ أَنَّهُ قَدْ شَبِعَ وَأَصَابَ مِنْهَا قَالَتْ يَا أَبَا طَلْحَةَ أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ قَوْمًا أَعَارُوا عَارِيَتَهُمْ أَهْلَ بَيْتٍ فَطَلَبُوا عَارِيَتَهُمْ أَلَهُمْ أَنْ يَمْنَعُوهُمْ قَالَ لَا قَالَتْ فَاحْتَسِبِ ابْنَكَ قَالَ فَغَضِبَ وَقَالَ تَرَكْتِنِي حَتَّى تَلَطَّخْتُ ثُمَّ أَخْبَرْتِنِي بِابْنِي فَانْطَلَقَ حَتَّى أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ

4482:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہؓ کا ایک بیٹا جو حضرت اُمّ سلیمؓ سے تھا فوت ہوگیا تو حضرت ام سلیمؓ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ ابوطلحہؓ کو ان کے بیٹے (کی وفات) کے بارہ میں نہ بتانا جب تک میں انہیں نہ بتاؤں۔وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں کہ جب حضرت ابوطلحہؓ آئے اور انہوں (حضرت ام سلیمؓ) نے رات کا کھانا انہیں پیش کیا اور انہوں نے کھایا اور پیا۔وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں پھر ام سلیمؓ نے ان (حضرت ابوطلحہؓ) کے لئے خوب بناؤ سنگھار کیا اس سے زیادہ جو وہ پہلے کیا کرتی تھیں۔ پھر حضرت ابوطلحہؓ نے حضرت اُمّ سلیمؓ سے مقاربت کی۔جب حضرت اُمّ سلیمؓ نے دیکھا کہ وہ سیر ہوگئے ہیں اور ان سے فارغ ہوگئے ہیں انہوں نے کہا اے ابوطلحہؓ! کیا خیال ہے اگر کچھ لوگ کسی گھر والے کو عاریۃً کوئی چیز دیں پھر وہ اپنی عاریۃً دی ہوئی چیز مانگیں تو کیا ان کے لئے جائز ہوگا کہ وہ اس (چیز) کو روک رکھیں؟ انہوں (حضرت ابوطلحہؓ) نے کہا نہیں۔

4482 : **اطراف** : **مسلم** کتاب اللباس والزینة باب جواز وسم الحیوان غیر الآدمیّ ... 3941 ، 3943 ، 3944 کتاب الآداب باب استحباب تحنیک المولود عند ولادته وحمله الی صالح 3981،3982

تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب من لم یظهر حزنه عند المصیبة 1301 کتاب الزکاة باب وسم الامام ابل الصدقة بیده 1502 کتاب العقیقة باب تسمیة المولود غداة یولد 5470 کتاب الذبائح والصید باب الوسم والعلم فی الصورة 5542 کتاب اللباس باب القمیصة السوداء 5824 **ابوداؤد** کتاب الزکاة باب فی وسم الدواب 2563 کتاب الادب باب فی تغییر الاسماء 4951 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب لبس الصوف 3565

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَارَكَ اللَّهُ لَكُمَا فِي غَابِرِ لَيْلَتِكُمَا قَالَ فَحَمَلَتْ قَالَ فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَهِيَ مَعَهُ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى الْمَدِينَةَ مِنْ سَفَرٍ لَا يَطْرُقُهَا طُرُوقًا فَدَنَوْا مِنَ الْمَدِينَةِ فَضَرَبَهَا الْمَخَاضُ فَاحْتُبِسَ عَلَيْهَا أَبُو طَلْحَةَ وَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُولُ أَبُو طَلْحَةَ إِنَّكَ لَتَعْلَمُ يَا رَبِّ إِنَّهُ يُعْجِبُنِي أَنْ أَخْرُجَ مَعَ رَسُولِكَ إِذَا خَرَجَ وَأَدْخُلَ مَعَهُ إِذَا دَخَلَ وَقَدِ احْتُبِسْتُ بِمَا تَرَى قَالَ تَقُولُ أُمُّ سُلَيْمٍ يَا أَبَا طَلْحَةَ مَا أَجِدُ الَّذِي كُنْتُ أَجِدُ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا قَالَ وَضَرَبَهَا الْمَخَاضُ حِينَ قَدِمَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا فَقَالَتْ لِي أُمِّي يَا أَنَسُ لَا يُرْضِعُهُ أَحَدٌ حَتَّى تَغْدُوَ بِهِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا أَصْبَحَ احْتَمَلْتُهُ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَصَادَفْتُهُ وَمَعَهُ مِيسَمٌ فَلَمَّا رَآنِي قَالَ لَعَلَّ أُمَّ سُلَيْمٍ وَلَدَتْ قُلْتُ نَعَمْ

انہوں (حضرت ام سلیمؓ) نے کہا پھر اپنے بیٹے کی وفات پر صبر کرو۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں وہ اس پر ناراض ہوئے اور کہا کہ تم نے مجھے بتایا نہیں حتیٰ کہ میں آلودہ ہوا۔ پھر تم نے مجھے میرے بیٹے کے بارہ میں بتایا۔ چنانچہ وہ (حضرت ابوطلحہؓ) چل پڑے یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپؐ کو بتایا جو ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پر فرمایا اللہ تم دونوں کی گذشتہ رات میں برکت ڈالے۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں پھر وہ (حضرت اُمّ سلیمؓ) حاملہ ہوگئیں۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں تھے اور وہ (حضرت اُمّ سلیمؓ) بھی آپؐ کے ہمراہ تھیں—اور جب رسول اللہ ﷺ سفر سے واپس مدینہ تشریف لاتے تو رات کو بغیر اطلاع داخل نہ ہوتے—پس جب وہ لوگ مدینہ کے قریب پہنچے تو انہیں (حضرت ام سلیمؓ کو) دردِ زہ ہونے لگی تو حضرت ابوطلحہؓ کو ان کے پاس روک لیا گیا اور رسول اللہ ﷺ روانہ ہو گئے۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں کہ ابوطلحہؓ کہنے لگے اے میرے رب تو جانتا ہی ہے کہ یہ بات مجھے بہت پسند ہے کہ میں تیرے رسولؐ کے ساتھ باہر جاؤں جب وہ باہر جائیں اور جب وہ (شہر کے) اندر آئیں تو میں ان کے ہمراہ اندر آؤں اور تو جانتا ہے کہ مجھے روک لیا گیا ہے۔

فَوَضَعَ الْمِيسَمَ قَالَ وَجِئْتُ بِهِ فَوَضَعْتُهُ فِي حَجْرِهِ وَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَجْوَةٍ مِنْ عَجْوَةِ الْمَدِينَةِ فَلَاكَهَا فِي فِيهِ حَتَّى ذَابَتْ ثُمَّ قَذَفَهَا فِي فِي الصَّبِيِّ فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُهَا قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوا إِلَى حُبِّ الْأَنْصَارِ التَّمْرَ قَالَ فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ مَاتَ ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمِثْلِهِ [6323,6322]

راوی کہتے ہیں کہ حضرت امّ سلیمؓ کہنے لگیں اے ابوطلحہؓ! اب میں پہلے جیسا (درد) محسوس نہیں کرتی، چلیں۔ ہم چل پڑے راوی کہتے ہیں جب وہ دونوں (مدینہ) آ گئے تو اُن کو دردِزہ ہوئی۔ پھر انہوں نے ایک لڑکے کو جنم دیا۔ (حضرت انسؓ کہتے ہیں) میری ماں نے مجھے کہا اے انسؓ! اس وقت تک کوئی اسے دودھ نہ پلائے گا جب تک تم صبح اسے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں نہ لے جاؤ۔ چنانچہ جب صبح ہوئی تو میں نے اسے اُٹھایا اور اسے لے کر رسول اللہ ﷺ کی طرف چل پڑا۔ وہ کہتے ہیں میں نے آپؐ کو پایا کہ آپؐ کے پاس ایک نشان لگانے والا آلہ ہے۔ جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو فرمایا لگتا ہے ام سلیمؓ کے بچہ ہوا ہے۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ چنانچہ آپؐ نے نشان لگانے والا آلہ رکھ دیا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اسے لا کر آپؐ کی گود میں ڈال دیا اور رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کی عجوہ کھجور منگوائی اور اسے اپنے منہ میں اتنا چبایا کہ وہ نرم ہوگئی پھر آپؐ نے اسے اس بچہ کے منہ میں ڈالا تو وہ اسے چوسنے لگا۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دیکھو انصارؓ کی کھجور سے محبت۔ وہ کہتے ہیں پھر آپؐ نے اس کے چہرہ پر ہاتھ پھیرا اور اس کا نام عبداللہ رکھا۔

[21]67:بَاب مِنْ فَضَائِلِ بِلَالٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4483{108} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ عِنْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ يَا بِلَالُ حَدِّثْنِي بِأَرْجَى عَمَلٍ عَمِلْتَهُ عِنْدَكَ فِي الْإِسْلَامِ مَنْفَعَةً فَإِنِّي سَمِعْتُ اللَّيْلَةَ خَشْفَ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ قَالَ بِلَالٌ مَا عَمِلْتُ عَمَلًا فِي الْإِسْلَامِ أَرْجَى عِنْدِي مَنْفَعَةً مِنْ أَنِّي لَا أَتَطَهَّرُ طُهُورًا تَامًّا فِي سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ وَلَا نَهَارٍ إِلَّا صَلَّيْتُ بِذَلِكَ الطُّهُورِ مَا كَتَبَ اللَّهُ لِي أَنْ أُصَلِّيَ [6324]

4483: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز کے وقت حضرت بلالؓ سے فرمایا اے بلالؓ! مجھے اسلام میں اپنے ایسے عمل کے بارہ میں بتاؤ جس کے نفع کی تمہیں سب سے زیادہ امید ہو کیونکہ رات میں نے تمہارے قدموں کی چاپ جنت میں اپنے آگے سنی ہے۔ بلالؓ نے عرض کیا سوائے اس کے میں نے اسلام میں اور کوئی عمل ایسا نہیں کیا جس کے نفع کی امید مجھے سب سے زیادہ ہو کہ جب بھی میں دن یا رات کی کسی گھڑی پورا وضوء کرتا ہوں تو اس وضوء سے نماز پڑھ لیتا ہوں جتنا اللہ نے میرے لئے نماز پڑھنا مقدر کیا ہوتا ہے۔

[22]68:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَأُمِّهِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور آپ کی والدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان

4484{109} حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ التَّمِيمِيُّ وَسَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ

4484: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَ عَمِلُوْا

4483 : تخریج : بخاری کتاب الجمعة باب فضل الطهور بالليل والنهار 1149

4484 : تخریج :ترمذی کتاب التفسیر باب ومن سورة المائدة 3050، 3051، 3052، 3053

عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ الْحَضْرَمِيُّ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَالْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَ سَهْلٌ وَمِنْجَابٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوا إِلَى آخِرِ الْآيَةِ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيلَ لِي أَنْتَ مِنْهُمْ [6325]

الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوْا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا ... الآية وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے ان پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھاتے ہیں بشرطیکہ وہ تقوٰی اختیار کریں اور ایمان لائیں☆۔ نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ مجھے بتایا گیا ہے کہ تم ان میں سے ہو۔

4485{110}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِي مِنَ الْيَمَنِ فَكُنَّا حِينًا وَمَا نُرَى ابْنَ مَسْعُودٍ وَأُمَّهُ إِلَّا مِنْ أَهْلِ بَيْتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَثْرَةِ دُخُولِهِمْ وَلُزُومِهِمْ لَهُ حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ أَنَّهُ

4485: حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اور میرا بھائی یمن سے آئے۔ ایک وقت تک ہم حضرت ابن مسعودؓ اور ان کی والدہ کو بکثرت رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے اور ان کی حضورؐ سے وابستگی کے باعث رسول اللہ ﷺ کے اہل بیت میں سے سمجھتے تھے۔

ایک اور روایت میں (قَدِمْتُ کی بجائے) يَقُوْلُ لَقَدْ قَدِمْتُ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں ہے حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں سمجھتا تھا کہ حضرت عبداللہؓ اہل بیت میں سے ہیں یا انہوں نے اس جیسی بات بیان کی۔

☆(المائدة:94)

4485 : تخریج : بخاری فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عبداللہ بن مسعود 3763 کتاب المغازی باب قدوم الأشعریین وأهل الیمن 4384 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب عبداللہ بن مسعود 3806، 3807

سَمِعَ الْأَسْوَدَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا مُوسَى يَقُولُ لَقَدْ قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِي مِنَ الْيَمَنِ فَذَكَرَ بِمِثْلِهِ {111}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالُوا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أُرَى أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ أَوْ مَا ذَكَرَ مِنْ نَحْوِ هَذَا [6328,6327,6326]

4486{112}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ قَالَ شَهِدْتُ أَبَا مُوسَى وَأَبَا مَسْعُودٍ حِينَ مَاتَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ أَتُرَاهُ تَرَكَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ فَقَالَ إِنْ قُلْتَ ذَاكَ إِنْ كَانَ لَيُؤْذَنُ لَهُ إِذَا حُجِبْنَا وَيَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا[6329]

4487{113}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا قُطْبَةُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ كُنَّا فِي دَارِ

4486: ابو الاحوص بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت ابن مسعودؓ کی وفات ہوئی تو میں حضرت ابوموسیٰؓ اور حضرت ابومسعودؓ کے پاس تھا تو ان دونوں میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا تمہارا کیا خیال ہے، کیا انہوں نے اپنے بعد اپنے جیسا کوئی پیچھے چھوڑا ہے؟ انہوں نے کہا کہ تم ان کے بارہ میں یہ کہتے ہو! جب ہمیں روکا جاتا تھا تو انہیں اجازت دی جاتی تھی اور جب ہم موجود نہ ہوتے تو وہ حاضر ہوتے تھے۔

4487: ابو الاحوص بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہؓ کے ساتھیوں کے ہمراہ حضرت ابوموسیٰؓ کے گھر میں تھے اور وہ لوگ مصحف دیکھ رہے تھے کہ حضرت عبد اللہؓ کھڑے ہوئے اور حضرت ابو مسعودؓ

4486 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه4487

4487 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه4486

أَبِي مُوسَى مَعَ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللَّهِ وَهُمْ يَنْظُرُونَ فِي مُصْحَفٍ فَقَامَ عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ أَبُو مَسْعُودٍ مَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ بَعْدَهُ أَعْلَمَ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنْ هَذَا الْقَائِمِ فَقَالَ أَبُو مُوسَى أَمَا لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ لَقَدْ كَانَ يَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا وَيُؤْذَنُ لَهُ إِذَا حُجِبْنَا و حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ هُوَ ابْنُ مُوسَى عَنْ شَيْبَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ أَتَيْتُ أَبَا مُوسَى فَوَجَدْتُ عَبْدَ اللَّهِ وَأَبَا مُوسَى ح وحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ وَأَبِي مُوسَى وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَحَدِيثُ قُطْبَةَ أَتَمُّ وَأَكْثَرُ[6331,6330]

نے کہا کہ میرے علم میں نہیں کہ جو اللہ نے اتارا ہے اس کھڑے ہوئے شخص سے زیادہ جاننے والا رسول اللہ ﷺ نے اپنے بعد چھوڑا ہو۔ حضرت ابوموسیٰؓ نے کہا اگر تم یہ کہہ رہے ہو ٹھیک۔ جب ہم غیر حاضر ہوتے تھے تو یہ حاضر ہوتے تھے اور جب ہمیں روکا جاتا تھا تو انہیں اجازت دی جاتی تھی۔

ایک اور روایت میں (كُنَّا فِيْ دَارِ اَبِيْ مُوْسَى مَعَ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ کی بجائے) اَتَيْتُ أَبَا مُوْسَى فَوَجَدْتُ عَبْدَاللّٰهِ وَ أَبَا مُوْسَى کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں ہے كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ وَ أَبِيْ مُوْسَى ...

4488{114}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ قَالَ عَلَى قِرَاءَةِ مَنْ تَأْمُرُونِي أَنْ أَقْرَأَ فَلَقَدْ قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4488: شقیق سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ نے یہ آیت پڑھی وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جو خیانت کرے گا قیامت کے دن اس خیانت کے ساتھ آئے گا☆۔ پھر کہا کہ تم مجھے کس کی قراءت پر قرآن پڑھنے کا کہتے ہو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے ستر سے کچھ زیادہ سورتیں

4488 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه 4489

تخریج: بخاری کتاب فضائل القرآن باب القرآء من اصحاب النبی ﷺ 5000 ، 5002 **نسائی** کتاب الزينة الذوابه 5063 ، 5064

☆ سورة آلِ عمران : **162**

بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً وَلَقَدْ عَلِمَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَعْلَمُهُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ وَلَوْ أَعْلَمُ أَنَّ أَحَدًا أَعْلَمُ مِنِّي لَرَحَلْتُ إِلَيْهِ قَالَ شَقِيقٌ فَجَلَسْتُ فِي حَلَقِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا يَرُدُّ ذَلِكَ عَلَيْهِ وَلَا يَعِيبُهُ [6332]

پڑھی ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ جانتے تھے کہ میں ان میں سب سے زیادہ کتاب اللہ (کی قراءتوں) کو جاننے والا ہوں اور اگر مجھے پتہ چلتا کہ کوئی میرے سے زیادہ جاننے والا ہے تو میں اس کے پاس چلا جاتا۔ شقیق کہتے ہیں کہ میں حضرت محمد ﷺ کے صحابہؓ کی مجالس میں بیٹھا تو میں نے کسی کو ان کی اس بات کو رد کرتے یا اس میں عیب نکالتے ہوئے نہیں دیکھا۔

4489{115} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا قُطْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ سُورَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ نَزَلَتْ وَمَا مِنْ آيَةٍ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا هُوَ أَعْلَمُ بِكِتَابِ اللَّهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَرَكِبْتُ إِلَيْهِ [6333]

4489: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں اس کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں کتاب اللہ کی کوئی سورت ایسی نہیں جس کے بارہ میں مجھے یہ پتہ نہ ہو کہ وہ کب اور کہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت ایسی نہیں جس کے بارہ میں مجھے یہ علم نہ ہو کہ وہ کس کے بارہ میں نازل ہوئی اور اگر مجھے کسی کے بارہ میں یہ پتہ لگتا کہ وہ مجھ سے زیادہ اللہ کی کتاب کو جانتا ہے جس تک اونٹ پہنچ سکتے تو میں ضرور اس کی طرف سوار ہو کر جاتا۔

4490{116} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ

4490: مسروق کہتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے پاس جایا کرتے تھے اور ان سے باتیں کیا کرتے تھے — ایک روایت میں اِلَیْہِ کی بجائے

4489 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه 4488

تخريج : بخاری کتاب فضائل القرآن باب القرآء من اصحاب النبی ﷺ 5000 ، 5002 نسائی کتاب الزينة الذوابه 5063 5064

4490 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه 4491 ، 4492

تخريج : بخاری فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سالم مولی ابی حذيفة 3758 باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3760 کتاب مناقب الانصار باب مناقب معاذ بن جبلؓ 3806 باب مناقب ابی بن کعبؓ 3808 کتاب فضائل القرآن باب القرآء من اصحاب النبی ﷺ 4999 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3810

مَسْرُوقٍ قَالَ كُنَّا نَأْتِي عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو فَنَتَحَدَّثُ إِلَيْهِ وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ عِنْدَهُ فَذَكَرْنَا يَوْمًا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَقَدْ ذَكَرْتُمْ رَجُلًا لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ خُذُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ فَبَدَأَ بِهِ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ [6334]

عِنْدَهُ کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ہم نے ایک دن حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کا ذکر کیا تو انہوں (حضرت عبداللہ بن عمروؓ) نے کہا تم نے ایسے شخص کا ذکر کیا ہے کہ جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے ان کے بارہ میں کچھ سنا ہے میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قرآن چار آدمیوں سے سیکھو، ابن ام عبدؓ سے۔ آپؐ نے ابتداء ان سے کی۔ اور معاذؓ بن جبل سے، اُبَیؓ بن کعبؓ سے اور ابو حذیفہؓ کے حلیف سالمؓ سے۔

4491{117}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو فَذَكَرْنَا حَدِيثًا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ إِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ سَمِعْتُهُ يَقُولُ اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ نَفَرٍ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ فَبَدَأَ بِهِ وَمِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَمِنْ سَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ وَمِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَحَرْفٌ لَمْ

4491: مسروق کہتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہؓ بن عمرو کے پاس تھے اور ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ایک روایت بیان کی۔ اس پر انہوں (حضرت عبداللہؓ بن عمرو) نے کہا کہ یہ وہ شخص ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ان کے بارہ میں ایک بات سننے کے بعد سے میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ چار آدمیوں سے قرآن سیکھو، ابن ام عبد سے۔ آپؐ نے ان سے شروع فرمایا۔ اور اُبَیؓ بن کعبؓ سے، ابو حذیفہؓ کے حلیف سالمؓ سے اور معاذؓ بن جبل سے۔
ایک روایت میں یَقُوْلُهُ کے الفاظ نہیں ہیں اور

4491 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه 4490 ، 4492

تخریج : **بخاری** فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سالم مولی ابی حذیفة 3758 باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3760 کتاب مناقب الانصار باب مناقب معاذ بن جبلؓ 3806 باب مناقب ابی بن کعبؓ 3808 کتاب فضائل القرآن باب القرآء من اصحاب النبی ﷺ 4999 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3810

يَذْكُرُهُ زُهَيْرٌ قَوْلُهُ يَقُولُهُ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِ جَرِيرٍ وَوَكِيعٍ فِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ قَدَّمَ مُعَاذًا قَبْلَ أُبَيٍّ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ أُبَيٌّ قَبْلَ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح و حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِهِمْ وَاخْتَلَفَا عَنْ شُعْبَةَ فِي تَنْسِيقِ الْأَرْبَعَةِ

[6337,6336,6335]

ایک روایت میں حضرت معاذؓ کا حضرت اُبَیؓ سے پہلے ذکر کیا گیا ہے۔ بعض دوسری روایتوں میں ان چاروں کی ترتیب میں اختلاف ہے۔

4492{118}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ ذَكَرُوا ابْنَ مَسْعُودٍ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو فَقَالَ ذَاكَ رَجُلٌ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اسْتَقْرِئُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ مِنَ ابْنِ مَسْعُودٍ وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا

4492: مسروق بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے پاس حضرت ابن مسعودؓ کا ذکر کیا تو انہوں نے کہا وہ ایک ایسے آدمی ہیں کہ میں ان سے اس کے بعد سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن چار آدمیوں سے پڑھو، ابن مسعودؓ سے اور ابوحذیفہؓ کے حلیف سالمؓ سے اور اُبَیؓ بن کعب سے اور معاذ بن جبلؓ سے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ شعبہ کہتے ہیں کہ میں نہیں جانتا ان دونوں میں سے آپؐ نے کس سے شروع کیا۔

4492 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن مسعود و أمه 4490 ، 4491

تخریج : بخاری فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سالم مولی ابی حذیفة 3758 باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3760 کتاب مناقب الانصار باب مناقب معاذ بن جبلؓ 3806 باب مناقب ابی بن کعبؓ 3808 کتاب فضائل القرآن باب القرآء من اصحاب النبی ﷺ 4999 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب عبدا لله بن مسعود 3810

شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ قَالَ شُعْبَةُ بَدَأَ بِهَذَيْنِ لَا أَدْرِي بِأَيِّهِمَا بَدَأَ [6339,6338]

[23]69: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَجَمَاعَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمْ

حضرت ابی بن کعبؓ اور انصار رضی اللہ عنہم کے بعض لوگوں کے کچھ فضائل کا بیان

4493{119} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَأَبُو زَيْدٍ قَالَ قَتَادَةُ قُلْتُ لِأَنَسٍ مَنْ أَبُو زَيْدٍ قَالَ أَحَدُ عُمُومَتِي [6340]

4493: قتادہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں چار آدمیوں نے قرآن جمع کیا وہ سب انصارؓ میں سے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت ابی بن کعبؓ حضرت زید بن ثابتؓ اور حضرت ابو زیدؓ۔ قتادہ کہتے ہیں میں نے حضرت انسؓ سے کہا کہ ابو زیدؓ کون ہیں؟ انہوں نے کہا کہ وہ میرے ایک چچا ہیں۔

4494{120} حَدَّثَنِي أَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ

4494: قتادہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ بن مالک سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں قرآن کو کس نے جمع کیا؟ انہوں نے کہا کہ چار (اصحابؓ) نے وہ سب انصارؓ میں سے تھے۔ حضرت ابی بن کعبؓ،

4493 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بن کعب.....4494

تخریج : **بخاری** کتاب فضائل القرآن باب القراء من اصحاب النبی ﷺ 5003، 5004 کتاب المناقب باب مناقب زید بن ثابت3810 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبل.....3794

4494 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی بن کعب....4493

تخریج : **بخاری** کتاب فضائل القرآن باب القراء من اصحاب النبی ﷺ 5003، 5004 کتاب المناقب باب مناقب زید بن ثابت 3810 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبل....3794

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُكْنَى أَبَا زَيْدٍ[6341]

حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت زید بن ثابتؓ اور انصارؓ میں سے ایک شخص جس کی کنیت ابوزیدؓ تھی۔

4495{121} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأُبَيٍّ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ قَالَ آللَّهُ سَمَّانِي لَكَ قَالَ اللَّهُ سَمَّاكَ لِي قَالَ فَجَعَلَ أُبَيٌّ يَبْكِي [6342]

4495: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت اُبَیؓ سے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے مجھے حکم فرمایا کہ میں تمہیں قرآن پڑھ کر سناؤں۔ اُبَیؓ نے کہا کیا اللہ نے آپؐ کے سامنے میرا نام لیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں اللہ نے میرے سامنے تمہارا نام لیا ہے۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں اس پر حضرت اُبَیؓ رونے لگے۔

4496{122} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ إِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا

4496: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اُبَیؓ بن کعبؓ سے فرمایا کہ اللہ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں تمہیں لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا☆ سناؤں۔ حضرت اُبَیؓ نے عرض کیا اللہ نے میرا نام لیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں اس پر وہ (حضرت اُبَیؓ) رو پڑے۔

4495 : اطراف : مسلم کتاب صلاة المسافرين وقصرها باب استحباب قراءة القرآن على اهل الفضل والحذاق فيه ... 1322 ، 1323 كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابى بن كعب....4496

تخريج : بخارى كتاب المناقب باب مناقب ابى بن كعب 3809 كتاب التفسير باب سورة لم يكن 4959، 4960 ،4961

ترمذى كتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبل ... 3792 ،3793

4496 : اطراف : مسلم كتاب صلاة المسافرين وقصرها باب استحباب قراءة القرآن على اهل الفضل والحذاق فيه ... 1322 ، 1323 كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابى بن كعب....4495

تخريج : بخارى كتاب المناقب باب مناقب ابى بن كعب 3809 كتاب التفسير باب سورة لم يكن 4959، 4960 ،4961

ترمذى كتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبل ... 3792 ،3793

☆ سورة البَيِّنَة

قَالَ وَسَمَّانِي قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبَكَى و حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيٍّ بِمِثْلِهِ[6344,6343]

[24]70:بَاب مِنْ فَضَائِلِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4497{123}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَبْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ[6345]

4497:حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت جب حضرت سعدؓ بن معاذ کا جنازہ لوگوں کے سامنے تھا فرمایا اس کی وجہ سے رحمان کا عرش لرز گیا ہے۔

4498{124}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيُّ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمَنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ[6346]

4498:حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سعد بن معاذؓ کی وفات سے رحمان کا عرش لرز اٹھا ہے۔

4497 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4498، 4499

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3803 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3848 ابن ماجه فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل سعد بن معاذ 158

4498 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4497 ، 4499

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3803 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3848 ابن ماجه فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل سعد بن معاذ 158

4499{125}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرُّزِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَجَنَازَتُهُ مَوْضُوعَةٌ يَعْنِي سَعْدًا اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ[6347]

4499: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ اللہ کے نبیﷺ نے جب کہ حضرت سعدؓ کا جنازہ رکھا ہوا تھا فرمایا اس کی وجہ سے رحمان کا عرش لرز اٹھا ہے۔

4500{126}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُولُ أُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةُ حَرِيرٍ فَجَعَلَ أَصْحَابُهُ يَلْمِسُونَهَا وَيَعْجَبُونَ مِنْ لِينِهَا فَقَالَ أَتَعْجَبُونَ مِنْ لِينِ هَذِهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْهَا وَأَلْيَنُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَنْبَأَنِي أَبُو إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ

4500: حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہﷺ کی خدمت میں ایک ریشمی چوغہ تحفۃً پیش کیا گیا جسے آپؐ کے صحابہؓ چھونے لگے اور اس کی نرمی پر تعجب کا اظہار کرنے لگے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کیا تم اس کی نرمی پر تعجب کرتے ہو؟ یقیناً جنت میں سعدؓ بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ بہتر اور زیادہ نرم ہیں۔

4499 :اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4497، 4498

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3803 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3848 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللهﷺ فضل سعد بن معاذ 158

4500 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4501

تخریج : **بخاری** کتاب الهبة و فضلها والتحریض علیها باب قبول الهدیة من المشرکین 2615 کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3248 ، 3249 کتاب مناقب الانصار باب مناقب سعد بن معاذ 3802 کتاب اللباس باب مس الحریر من غیر لبس 5836 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبیﷺ ؟ 6640 **ترمذی** کتاب اللباس باب ما جاء فی الرخصة فی لبس الحریر .....1723 کتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3847 **نسائی** کتاب الزینة لبس الدیباج المنسوج بالذهب 5302 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللهﷺ فضل سعد بن معاذ 157

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَوْبِ حَرِيرٍ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ ثُمَّ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ هَذَا أَوْ بِمِثْلِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْحَدِيثِ بِالْإِسْنَادَيْنِ جَمِيعًا كَرِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ[6350,6349,6348]

4501{127} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّهُ أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةٌ مِنْ سُنْدُسٍ وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيرِ فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ مَنَادِيلَ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هَذَا حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أُكَيْدِرَ دُومَةِ الْجَنْدَلِ

4501: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک باریک ریشم کا جُبّہ پیش کیا گیا اور آپؐ ریشم سے منع فرمایا کرتے تھے لوگوں نے اس سے بہت تعجب کیا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے یقیناً سعد بن معاذؓ کے رومال جنت میں اس سے زیادہ خوبصورت ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ دومۃ الجندل (کے حاکم) اُکَیْدِر نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک جوڑا تحفۃً پیش کیا تھا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی

4501 :اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4500

تخریج : بخاری کتاب الهبة و فضلها والتحريض عليها باب قبول الهدية من المشركين 2615 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3248 ، 3249 كتاب مناقب الانصار باب مناقب سعد بن معاذ 3802 كتاب اللباس باب مس الحرير من غير لبس 5836 كتاب الايمان والنذور باب كيف كانت يمين النبى ﷺ ؟ 6640 **ترمذی** كتاب اللباس باب ما جاء فى الرخصة فى لبس الحرير .....1723 كتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3847 **نسائی** كتاب الزينة لبس الديباج المنسوج بالذهب 5302 **ابن ماجه** فى المقدمة باب فى فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل سعد بن معاذ 157

أَهْدَى لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيرِ [6352,6351]

طرح ہے مگر اس میں یہ ذکر نہیں کہ آپؐ ریشم سے منع فرمایا کرتے تھے۔

[25]71:بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي دُجَانَةَ سِمَاكِ بْنِ خَرَشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ

حضرت ابو دجانہ سماک بن خرشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4502{128}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ سَيْفًا يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ مَنْ يَأْخُذُ مِنِّي هَذَا فَبَسَطُوا أَيْدِيَهُمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ يَقُولُ أَنَا أَنَا قَالَ فَمَنْ يَأْخُذُهُ بِحَقِّهِ قَالَ فَأَحْجَمَ الْقَوْمُ فَقَالَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ أَبُو دُجَانَةَ أَنَا آخُذُهُ بِحَقِّهِ قَالَ فَأَخَذَهُ فَفَلَقَ بِهِ هَامَ الْمُشْرِكِينَ[6353]

4502:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اُحد کے دن تلوار پکڑی اور فرمایا کہ اسے مجھ سے کون لے گا؟ اُن سب نے اپنے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا مَیں، مَیں۔آپؐ نے فرمایا کون اس کو اس کا حق (ادا کرنے کی شرط پر) لے گا۔وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں اس پر لوگ رک گئے تو حضرت سماک بن خرشہ ابو دجانہؓ نے کہا کہ میں اس کو اس کا حق ادا کرنے کی شرط پر لیتا ہوں۔وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں انہوں نے تلوار لی اور مشرکوں کے سر پھاڑ دیئے۔

[26]72:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ وَالِدِ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا

حضرت جابرؓ کے والد حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بعض فضائل کا بیان

4503{129}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ كِلَاهُمَا عَنْ

4503: حضرت جابر بن عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ اُحد کے دن میرے والد پر کپڑا ڈال کر لایا گیا۔

4503 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبدالله بن عمروبن حرام والد جابر 4504 =

سُفْيَانَ قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُولُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ جِيءَ بِأَبِي مُسَجًّى وَقَدْ مُثِلَ بِهِ قَالَ فَأَرَدْتُ أَنْ أَرْفَعَ الثَّوْبَ فَنَهَانِي قَوْمِي ثُمَّ أَرَدْتُ أَنْ أَرْفَعَ الثَّوْبَ فَنَهَانِي قَوْمِي فَرَفَعَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ أَمَرَ بِهِ فَرُفِعَ فَسَمِعَ صَوْتَ بَاكِيَةٍ أَوْ صَائِحَةٍ فَقَالَ مَنْ هَذِهِ فَقَالُوا بِنْتُ عَمْرٍو أَوْ أُخْتُ عَمْرٍو فَقَالَ وَلِمَ تَبْكِي فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتَّى رُفِعَ [6354]

ان کا مثلہ کیا گیا تھا۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے ارادہ کیا کہ کپڑا ہٹا کر دیکھوں لیکن میری قوم نے مجھے منع کر دیا پھر میں نے ارادہ کیا کہ کپڑا ہٹاؤں تو پھر میری قوم نے مجھے منع کر دیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے خود ہٹایا یا اس کے ہٹانے کا حکم فرمایا۔ چنانچہ کپڑے کو ہٹایا گیا تو آپؐ نے رونے یا چیخنے والی کی آواز سنی تو فرمایا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا عمرو کی بیٹی یا کہا بہن۔ آپؐ نے فرمایا وہ کیوں روتی ہے، جب تک انہیں اٹھا نہیں لیا گیا فرشتے ان پر اپنے پروں سے سایہ کئے رہے۔

4504{130} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أُصِيبَ أَبِي يَوْمَ أُحُدٍ فَجَعَلْتُ أَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ وَأَبْكِي وَجَعَلُوا يَنْهَوْنَنِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْهَانِي قَالَ وَجَعَلَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ عَمْرٍو

4504: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ اُحد کے دن میرے والد کی شہادت ہوئی تو میں ان کے چہرے سے کپڑا ہٹانے لگا اور رونے لگا اور وہ (لوگ) مجھے منع کرنے لگے جبکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہ روکا۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ فاطمہ بنت عمروؓ ان پر رونے لگیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ اس پر روئے یا نہ روئے فرشتے اس وقت تک اس پر

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب الدخول علی المیت بعد الموت ...1244 باب ما یکرہ من النیاحة علی المیت 1293 کتاب الجهاد والسیر باب ظل الملائکة علی الشهید 2816 کتاب المغازی باب من قتل من المسلمین یوم احد 4080 **نسائی** کتاب الجنائز تسجیه المیت 1842 فی البکاء علی المیت 1845

4504 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبداللہؓ بن عمروبن حرام والد جابرؓ 4503

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب الدخول علی المیت بعد الموت ... 1244 باب ما یکرہ من النیاحة علی المیت 1293 کتاب الجهاد والسیر باب ظل الملائکة علی الشهید 2816 کتاب المغازی باب من قتل من المسلمین یوم احد 4080 **نسائی** کتاب الجنائز تسجیه المیت 1842 فی البکاء علی المیت 1845

تَبْكِيهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبْكِيهِ أَوْ لَا تَبْكِيهِ مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتَّى رَفَعْتُمُوهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ كِلَاهُمَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ غَيْرَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ لَيْسَ فِي حَدِيثِهِ ذِكْرُ الْمَلَائِكَةِ وَبُكَاءُ الْبَاكِيَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جِيءَ بِأَبِي يَوْمَ أُحُدٍ مُجَدَّعًا فَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ [6357,6356,6355]

اپنے پروں سے سایہ کئے رہے یہاںتک کہ تم نے انہیں اٹھایا۔

ایک اور روایت میں ملائکہ اور رونے والی کے رونے کا ذکر نہیں اور ایک روایت میں ہے کہ میرے والد کو اُحد کے دن لایا گیا اور ان کے کچھ اعضاء کٹے ہوئے تھے اور انہیں نبی ﷺ کے سامنے رکھا گیا۔

[27]73:بَاب مِنْ فَضَائِلِ جُلَيْبِيبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت جلیبیب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4505{131} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَلِيطٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي مَغْزًى لَهُ

4505: حضرت ابو برزہؓ سے روایت ہے نبی ﷺ اپنے ایک غزوہ میں تھے کہ اللہ نے آپؐ کو مالِ غنیمت عطا فرمایا۔ آپؐ نے اپنے صحابہؓ سے پوچھا کیا تم کسی کو گم پاتے ہو؟ انہوں نے کہا جی ہاں، فلاں اور

4505 : تخریج : بخاری کتاب المناقب باب قصة اسلام ابی ذر 3522 کتاب مناقب الانصار باب اسلام ابی ذر 3861

فَأَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ هَلْ تَفْقِدُونَ مِنْ أَحَدٍ قَالُوا نَعَمْ فُلَانًا وَفُلَانًا وَفُلَانًا ثُمَّ قَالَ هَلْ تَفْقِدُونَ مِنْ أَحَدٍ قَالُوا نَعَمْ فُلَانًا وَفُلَانًا وَفُلَانًا ثُمَّ قَالَ هَلْ تَفْقِدُونَ مِنْ أَحَدٍ قَالُوا لَا قَالَ لَكِنِّي أَفْقِدُ جُلَيْبِيبًا فَاطْلُبُوهُ فَطُلِبَ فِي الْقَتْلَى فَوَجَدُوهُ إِلَى جَنْبِ سَبْعَةٍ قَدْ قَتَلَهُمْ ثُمَّ قَتَلُوهُ فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ قَتَلَ سَبْعَةً ثُمَّ قَتَلُوهُ هَذَا مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ هَذَا مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ قَالَ فَوَضَعَهُ عَلَى سَاعِدَيْهِ لَيْسَ لَهُ إِلَّا سَاعِدَا النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَحُفِرَ لَهُ وَوُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ غَسْلًا[6358]

فلاں اور فلاں کو۔ آپؐ نے پھر پوچھا کیا تم کسی کو گم پاتے ہو؟ انہوں نے کہا جی ہاں، فلاں اور فلاں اور فلاں کو۔ آپؐ نے پھر پوچھا کیا تم کسی کو گم پاتے ہو؟ انہوں نے کہا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا لیکن میں جُلَیْبِیبؓ کو گم پاتا ہوں، اسے تلاش کرو۔ چنانچہ انہیں مقتولین میں تلاش کیا گیا تو انہوں نے حضرت جُلَیْبِیبؓ کو سات (مقتولین) کے پہلو میں پایا جن کو انہوں نے قتل کیا تھا۔ پھر (دشمنوں) نے انہیں شہید کر دیا۔ نبی ﷺ تشریف لائے اور ان (کی نعش) کے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا اس نے سات (افراد) کو مارا پھر (دشمنوں) نے اسے شہید کر دیا۔ یہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ یہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ راوی کہتے ہیں پھر آپؐ نے اسے اپنے بازوؤں پر اٹھایا۔ اس کے لئے صرف نبی ﷺ کے بازو تھے۔ راوی کہتے ہیں پھر ان کے لئے (قبر) کھودی گئی اور انہیں اُن کی قبر میں رکھا گیا لیکن (راوی نے) غسل کا ذکر نہیں کیا۔

[28]74: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4506{132} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ أَخْبَرَنَا

4506: عبد اللہ بن صامت بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوذرؓ نے بیان کیا کہ ہم اپنی قوم غِفار سے

4506 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی ذر 4507

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب قصة اسلام ابی ذر 3522 کتاب مناقب الانصار باب اسلام ابی ذر 3861

حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ أَبُو ذَرٍّ خَرَجْنَا مِنْ قَوْمِنَا غِفَارٍ وَكَانُوا يُحِلُّونَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ فَخَرَجْتُ أَنَا وَأَخِي أُنَيْسٌ وَأُمُّنَا فَنَزَلْنَا عَلَى خَالٍ لَنَا فَأَكْرَمَنَا خَالُنَا وَأَحْسَنَ إِلَيْنَا فَحَسَدَنَا قَوْمُهُ فَقَالُوا إِنَّكَ إِذَا خَرَجْتَ عَنْ أَهْلِكَ خَالَفَ إِلَيْهِمْ أُنَيْسٌ فَجَاءَ خَالُنَا فَنَثَا عَلَيْنَا الَّذِي قِيلَ لَهُ فَقُلْتُ أَمَّا مَا مَضَى مِنْ مَعْرُوفِكَ فَقَدْ كَدَّرْتَهُ وَلَا جِمَاعَ لَكَ فِيمَا بَعْدُ فَقَرَّبْنَا صِرْمَتَنَا فَاحْتَمَلْنَا عَلَيْهَا وَتَغَطَّى خَالُنَا ثَوْبَهُ فَجَعَلَ يَبْكِي فَانْطَلَقْنَا حَتَّى نَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ فَنَافَرَ أُنَيْسٌ عَنْ صِرْمَتِنَا وَعَنْ مِثْلِهَا فَأَتَيَا الْكَاهِنَ فَخَيَّرَ أُنَيْسًا فَأَتَانَا أُنَيْسٌ بِصِرْمَتِنَا وَمِثْلِهَا مَعَهَا قَالَ وَقَدْ صَلَّيْتُ يَا ابْنَ أَخِي قَبْلَ أَنْ أَلْقَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثِ سِنِينَ قُلْتُ لِمَنْ قَالَ لِلَّهِ قُلْتُ فَأَيْنَ تَوَجَّهُ قَالَ أَتَوَجَّهُ حَيْثُ يُوَجِّهُنِي رَبِّي أُصَلِّي عِشَاءً حَتَّى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ أُلْقِيتُ كَأَنِّي خِفَاءٌ حَتَّى تَعْلُوَنِي الشَّمْسُ فَقَالَ أُنَيْسٌ إِنَّ لِي حَاجَةً

نکلے اور وہ حرمت والے مہینہ کو حلال قرار دیتے تھے۔مَیں، میرا بھائی انیس اور ہماری ماں نکلے اور اپنے ایک ماموں کے ہاں اُترے، ہمارے ماموں نے ہمارا اکرام کیا اور ہم سے حسنِ سلوک کیا لیکن ان کی قوم نے ہم سے حسد کیا اور کہا کہ جب تم اپنے گھر والوں کے پاس سے چلے جاتے ہو تو انیس ان کے پاس آجاتا ہے۔اس پر ہمارے ماموں آئے تو انہوں نے اس بات کا جو اُن سے کہی گئی تھی ذکر کیا میں نے کہا کہ جو نیکی آپ نے ہم سے کی تھی اسے آپ نے مکدّر کر دیا ہے۔پس اس کے بعد ہم آپ کے ساتھ اکٹھے نہیں ہو سکتے پھر ہم اپنے اونٹوں کے پاس گئے۔ ان پر سامان لادا ہمارے ماموں نے اپنے کپڑے سے (اپنے آپ کو) ڈھانپ لیا اور رونے لگے پھر ہم چل پڑے یہانتک کہ مکہ کے سامنے جا کر اترے۔انیس نے ہمارے اونٹوں پر اور اتنے ہی دوسرے اونٹوں پر شرط لگائی۔پھر وہ دونوں کاہن کے پاس آئے اس نے انیس کو بہتر قرار دیا۔انیس ہمارے اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور اونٹ لے آیا۔(حضرت ابوذرؓ) نے کہا اے میرے بھتیجے میں نے رسول اللہ ﷺ سے ملنے سے پہلے تین سال نماز پڑھی۔(انیس کہتے ہیں) میں نے پوچھا کس کی (نماز؟) انہوں (حضرت ابو ذرؓ) نے کہا اللہ کے لئے۔میں نے کہا کہ آپ رخ کس طرف کرتے تھے؟ انہوں نے کہا کہ جس طرف میرا رب میرا رخ

بِمَكَّةَ فَاكْفِنِي فَانْطَلَقَ أُنَيْسٌ حَتَّى أَتَى مَكَّةَ فَرَاثَ عَلَيَّ ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ مَا صَنَعْتَ قَالَ لَقِيتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ عَلَى دِينِكَ يَزْعُمُ أَنَّ اللَّهَ أَرْسَلَهُ قُلْتُ فَمَا يَقُولُ النَّاسُ قَالَ يَقُولُونَ شَاعِرٌ كَاهِنٌ سَاحِرٌ وَكَانَ أُنَيْسٌ أَحَدَ الشُّعَرَاءِ قَالَ أُنَيْسٌ لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ فَمَا هُوَ بِقَوْلِهِمْ وَلَقَدْ وَضَعْتُ قَوْلَهُ عَلَى أَقْرَاءِ الشِّعْرِ فَمَا يَلْتَئِمُ عَلَى لِسَانِ أَحَدٍ بَعْدِي أَنَّهُ شِعْرٌ وَاللَّهِ إِنَّهُ لَصَادِقٌ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ قَالَ قُلْتُ فَاكْفِنِي حَتَّى أَذْهَبَ فَأَنْظُرَ قَالَ فَأَتَيْتُ مَكَّةَ فَتَضَعَّفْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ فَقُلْتُ أَيْنَ هَذَا الَّذِي تَدْعُونَهُ الصَّابِئَ فَأَشَارَ إِلَيَّ فَقَالَ الصَّابِئَ فَمَالَ عَلَيَّ أَهْلُ الْوَادِي بِكُلِّ مَدَرَةٍ وَعَظْمٍ حَتَّى خَرَرْتُ مَغْشِيًّا عَلَيَّ قَالَ فَارْتَفَعْتُ حِينَ ارْتَفَعْتُ كَأَنِّي نُصُبٌ أَحْمَرُ قَالَ فَأَتَيْتُ زَمْزَمَ فَغَسَلْتُ عَنِّي الدِّمَاءَ وَشَرِبْتُ مِنْ مَائِهَا وَلَقَدْ لَبِثْتُ يَا ابْنَ أَخِي ثَلَاثِينَ بَيْنَ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ مَا كَانَ لِي طَعَامٌ إِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ فَسَمِنْتُ حَتَّى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِي وَمَا

پھیر دیتا ادھر میں رخ کر لیتا۔ میں رات کی نماز پڑھتا یہانتک کہ جب اس کا آخری حصہ آجاتا تو میں اس طرح پڑ جاتا جس طرح کوئی چادر ہو جس پر دھوپ آجاتی۔ انیس نے کہا کہ مجھے مکہ میں کوئی کام ہے۔ پس تم (پیچھے) میرا کام سنبھالو۔ پس اُنیس چلا گیا وہ مکہ آیا اور میرے پاس آنے میں دیر کی۔ پھر وہ آیا تو میں نے کہا کہ یہ تم نے کیا کیا؟ اس نے کہا کہ میں مکہ میں ایک شخص سے ملا ہوں جو تیرے دین پر ہے۔ اس کا گمان ہے کہ اللہ نے اسے بھیجا ہے۔ میں نے کہا کہ لوگ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا وہ اسے شاعر، کاہن، جادوگر کہتے ہیں۔ اُنیس بھی شاعر تھا۔ انیس نے کہا کہ میں نے کاہنوں کی باتیں سنی ہیں لیکن جو وہ کہتے ہیں وہ نہیں ہے۔ میں نے آپؐ کی بات کو شعر کے اوزان واقسام پر پرکھا ہے۔ میرے علاوہ (بھی) کسی کی زبان پر یہ نہیں آسکتا کہ یہ شعر ہے۔ اللہ کی قسم یقیناً وہ سچا ہے اور یہ ضرور جھوٹے ہیں۔ وہ (حضرت ابوذرؓ) کہتے ہیں میں نے کہا کہ تم میرا کام سنبھالو اور میں جاؤں اور دیکھوں۔ وہ کہتے ہیں میں مکہ آیا تو میں نے ان میں سے ایک کمزور شخص کو پایا تو اس سے کہا کہ وہ شخص کہاں ہے جسے تم صابی کہتے ہو۔ اس نے میری طرف اشارہ کیا اور کہا کہ یہ صابی ہے۔ پس وادی والے ہر ڈھیلا اور ہڈی لے کر مجھ پر پل پڑے یہانتک کہ میں غش کھا کر گر پڑا۔ وہ کہتے ہیں پس جب میں اٹھا تو گویا میں ایک سرخ بت تھا۔ وہ

وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سُخْفَةَ جُوعٍ قَالَ فَبَيْنَا أَهْلُ مَكَّةَ فِي لَيْلَةِ قَمْرَاءَ إِضْحِيَانَ إِذْ ضُرِبَ عَلَى أَسْمِخَتِهِمْ فَمَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ أَحَدٌ وَامْرَأَتَانِ مِنْهُمْ تَدْعُوَانِ إِسَافًا وَنَائِلَةَ قَالَ فَأَتَتَا عَلَيَّ فِي طَوَافِهِمَا فَقُلْتُ أَنْكِحَا أَحَدَهُمَا الْأُخْرَى قَالَ فَمَا تَنَاهَتَا عَنْ قَوْلِهِمَا قَالَ فَأَتَتَا عَلَيَّ فَقُلْتُ هُنَّ مِثْلُ الْخَشَبَةِ غَيْرَ أَنِّي لَا أَكْنِي فَانْطَلَقَتَا تُوَلْوِلَانِ وَتَقُولَانِ لَوْ كَانَ هَاهُنَا أَحَدٌ مِنْ أَنْفَارِنَا قَالَ فَاسْتَقْبَلَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَهُمَا هَابِطَانِ قَالَ مَا لَكُمَا قَالَتَا الصَّابِئُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا قَالَ مَا قَالَ لَكُمَا قَالَتَا إِنَّهُ قَالَ لَنَا كَلِمَةً تَمْلَأُ الْفَمَ وَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَطَافَ بِالْبَيْتِ هُوَ وَصَاحِبُهُ ثُمَّ صَلَّى فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ أَبُو ذَرٍّ فَكُنْتُ أَنَا أَوَّلَ مَنْ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ الْإِسْلَامِ قَالَ فَقُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللَّهِ ثُمَّ قَالَ مَنْ أَنْتَ قَالَ قُلْتُ مِنْ غِفَارٍ قَالَ فَأَهْوَى بِيَدِهِ

کہتے ہیں پھر میں زمزم پر آیا اور اپنے اوپر سے خون کو دھویا اور اس (زمزم) کا پانی پیا اور اے میرے بھتیجے! میں اس حالت میں تیس دن رات رہا اور زمزم کے پانی کے علاوہ میرے لئے کوئی کھانا نہ تھا۔ میں اتنا موٹا ہو گیا کہ میرے پیٹ میں شکنیں پڑنے لگیں لیکن میں نے اپنے پیٹ میں بھوک کی کوئی کمزوری نہیں پائی۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک رات جب چاند پوری طرح چمک رہا تھا کہ اس دوران ان پر یعنی اہل مکہ پر نیند طاری ہو گئی اور کوئی بیت اللہ کا طواف نہیں کر رہا تھا اور ان میں سے دو عورتیں اساف اور نائلہ کو پکار رہی تھیں۔ وہ (حضرت ابوذرؓ) کہتے ہیں کہ وہ اپنے طواف کے دوران میرے پاس سے گزریں۔ میں نے کہا کہ ایک کا دوسرے سے نکاح کر دو۔ وہ (ابوذرؓ) کہتے ہیں وہ دونوں اپنی بات سے نہ رکیں وہ کہتے ہیں وہ دونوں (پھر اپنے طواف میں) میرے پاس سے گزریں تو میں نے بغیر کسی کنایہ کے (اساف اور نائلہ) کو گالی دی۔ وہ دونوں ہلاکت کی بددعا کرتے ہوئے، یہ کہتے ہوئے لوٹیں کاش یہاں ہمارے لوگوں میں سے کوئی ہوتا۔ وہ کہتے ہیں کہ ان دونوں کو رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ ملے۔ وہ اتر رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا تم دونوں کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا کہ کعبہ اور اس کے پردوں کے درمیان ایک صابی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ اس نے تم سے کیا کہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ایسی بات کہی ہے

فَوَضَعَ أَصَابِعَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ فَقُلْتُ فِي نَفْسِي كَرِهَ أَنِ انْتَمَيْتُ إِلَى غِفَارٍ فَذَهَبْتُ آخُذُ بِيَدِهِ فَقَدَعَنِي صَاحِبُهُ وَكَانَ أَعْلَمَ بِهِ مِنِّي ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ قَالَ مَتَى كُنْتَ هَاهُنَا قَالَ قُلْتُ قَدْ كُنْتُ هَاهُنَا مُنْذُ ثَلَاثِينَ بَيْنَ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ قَالَ فَمَنْ كَانَ يُطْعِمُكَ قَالَ قُلْتُ مَا كَانَ لِي طَعَامٌ إِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ فَسَمِنْتُ حَتَّى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِي وَمَا أَجِدُ عَلَى كَبِدِي سُخْفَةَ جُوعٍ قَالَ إِنَّهَا مُبَارَكَةٌ إِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ ائْذَنْ لِي فِي طَعَامِهِ اللَّيْلَةَ فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا فَفَتَحَ أَبُو بَكْرٍ بَابًا فَجَعَلَ يَقْبِضُ لَنَا مِنْ زَبِيبِ الطَّائِفِ وَكَانَ ذَلِكَ أَوَّلَ طَعَامٍ أَكَلْتُهُ بِهَا ثُمَّ غَبَرْتُ مَا غَبَرْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ وُجِّهَتْ لِي أَرْضٌ ذَاتُ نَخْلٍ لَا أُرَاهَا إِلَّا يَثْرِبَ فَهَلْ أَنْتَ مُبَلِّغٌ عَنِّي قَوْمَكَ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَنْفَعَهُمْ بِكَ وَيَأْجُرَكَ فِيهِمْ فَأَتَيْتُ أُنَيْسًا فَقَالَ مَا صَنَعْتَ قُلْتُ صَنَعْتُ

ہے جس سے منہ بھر جاتا ہے (یعنی نا قابلِ بیان ہے) پھر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے یہاں تک کہ حجر اسود کو بوسہ دیا اور آپؐ نے اور آپؐ کے ساتھی نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر نماز پڑھی جب آپؐ نے اپنی نماز پڑھ لی تو حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں میں پہلا تھا جس نے اسلامی طریق پر آپؐ کو سلام کیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا السلام علیک یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا وَ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللَّهِ۔ پھر آپؐ نے فرمایا تم کون ہو؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا میں غفار سے ہوں۔ راوی کہتے ہیں پھر آپؐ نے اپنا ہاتھ نیچے کیا اور اپنی انگلیاں اپنی پیشانی پر رکھیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ میرا اپنے آپ کو غفار کی طرف منسوب کرنا آپؐ نے ناپسند فرمایا ہے۔ میں آپؐ کے ہاتھ کو پکڑنے لگا تو آپؐ کے ساتھی نے مجھے روک دیا۔ وہ آپؐ کو مجھ سے زیادہ جانتے تھے۔ پھر آپؐ نے اپنا سر اٹھایا پھر فرمایا تم یہاں کب سے ہو؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا میں یہاں تیس دن رات سے ہوں۔ آپؐ نے فرمایا کہ تمہیں کھانا کون کھلاتا ہے؟ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میرے لئے زمزم کے پانی کے علاوہ اور کھانا نہیں میں اتنا موٹا ہو گیا یہاں تک کہ میرے پیٹ پر بل پڑ گئے ہاں میں اپنے آپ میں بھوک کی کوئی کمزوری محسوس نہیں کرتا۔ آپؐ نے فرمایا یہ (زمزم) مبارک ہے۔ یہ ایسا کھانا ہے جو سیر کر دیتا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! آج رات

أَنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ قَالَ مَا بِي رَغْبَةٌ عَنْ دِينِكَ فَإِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ فَأَتَيْنَا أُمَّنَا فَقَالَتْ مَا بِي رَغْبَةٌ عَنْ دِينِكُمَا فَإِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ فَاحْتَمَلْنَا حَتَّى أَتَيْنَا قَوْمَنَا غِفَارًا فَأَسْلَمَ نِصْفُهُمْ وَكَانَ يَؤُمُّهُمْ أَيْمَاءُ بْنُ رَحَضَةَ الْغِفَارِيُّ وَكَانَ سَيِّدَهُمْ وَقَالَ نِصْفُهُمْ إِذَا قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ أَسْلَمْنَا فَقَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَأَسْلَمَ نِصْفُهُمُ الْبَاقِي وَجَاءَتْ أَسْلَمُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِخْوَتُنَا نُسْلِمُ عَلَى الَّذِي أَسْلَمُوا عَلَيْهِ فَأَسْلَمُوا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهِ قُلْتُ فَاكْفِنِي حَتَّى أَذْهَبَ فَأَنْظُرَ قَالَ نَعَمْ وَكُنْ عَلَى حَذَرٍ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَإِنَّهُمْ قَدْ شَنِفُوا لَهُ وَتَجَهَّمُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

اسے کھانا کھلانے کی مجھے اجازت دیجئے۔ رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ چلے اور میں ان کے ساتھ چلا۔ حضرت ابو بکرؓ نے دروازہ کھولا اور ہمارے لئے طائف کے خشک انگور لانے لگے اور یہ پہلا کھانا تھا جو میں نے وہاں کھایا پھر میں کچھ عرصہ ٹھہرا رہا پھر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپؐ نے فرمایا کہ مجھے ایک کھجوروں والی زمین دکھائی گئی ہے۔ میرا خیال ہے کہ وہ یثرب ہے۔ کیا تم میری طرف سے اپنی قوم کو تبلیغ کرو گے؟ قریب ہے کہ اللہ تمہارے ذریعہ سے انہیں فائدہ پہنچا دے۔ اور ان کی وجہ سے تمہیں اجر دے۔ پھر میں انیس کے پاس آیا تو اس نے کہا کہ کیا بات ہے؟ میں نے کہا کہ بات یہ ہے کہ میں اسلام لے آیا ہوں اور تصدیق کی ہے۔ اس نے کہا کہ مجھے تیرے دین سے کوئی بے رغبتی نہیں ہے یقیناً میں نے بھی اسلام قبول کیا ہے اور تصدیق کی ہے۔ پھر ہم اپنی والدہ کے پاس آئے تو اس نے کہا کہ مجھے بھی تم دونوں کے دین سے کوئی بے رغبتی نہیں ہے یقیناً میں نے بھی اسلام قبول کیا اور تصدیق کی پھر ہم سوار ہوئے یہانتک کہ اپنی قوم غفار میں آئے۔ تو ان میں سے نصف نے اسلام قبول کر لیا۔ ایماء بن رحضہ غفاری جو اُن کے سردار تھے ان کی امامت کرتے تھے۔ ان میں سے نصف نے کہا جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائیں گے تو ہم بھی اسلام قبول کر لیں گے۔ پس جب رسول اللہ ﷺ

بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ أَبُو ذَرٍّ يَا ابْنَ أَخِي صَلَّيْتُ سَنَتَيْنِ قَبْلَ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ فَأَيْنَ كُنْتَ تَوَجَّهُ قَالَ حَيْثُ وَجَّهَنِيَ اللَّهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَتَنَافَرَا إِلَى رَجُلٍ مِنْ الْكُهَّانِ قَالَ فَلَمْ يَزَلْ أَخِي أُنَيْسٌ يَمْدَحُهُ حَتَّى غَلَبَهُ قَالَ فَأَخَذْنَا صِرْمَتَهُ فَضَمَمْنَاهَا إِلَى صِرْمَتِنَا وَقَالَ أَيْضًا فِي حَدِيثِهِ قَالَ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ الْمَقَامِ قَالَ فَأَتَيْتُهُ فَإِنِّي لَأَوَّلُ النَّاسِ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ الْإِسْلَامِ قَالَ قُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ مَنْ أَنْتَ وَفِي حَدِيثِهِ أَيْضًا فَقَالَ مُنْذُ كَمْ أَنْتَ هَاهُنَا قَالَ قُلْتُ مُنْذُ خَمْسَ عَشْرَةَ وَفِيهِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ أَتُحْفِنِي بِضِيَافَتِهِ اللَّيْلَةَ

[6361,6360,6359]

مدینہ تشریف لائے تو ان کے باقی نصف نے بھی اسلام قبول کرلیا اور اسلم قبیلہ آیا تو انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! جس پر ہمارے بھائیوں نے اسلام قبول کیا ہے ہم بھی اس پر اسلام قبول کرتے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غفار کو اللہ نے بخش دیا اور اسلم قبیلہ کو اللہ نے سلامتی عطا فرمائی۔

ایک اور روایت میں حضرت ابوذرؓ کی اس بات کے بعد کہ میں نے کہا کہ تم میرا انتظار کرو یہانتک کہ میں آجاؤں اور دیکھوں یہ اضافہ ہے کہ اس نے کہا ہاں مکہ والوں سے ہشیار رہنا کیونکہ انہوں نے اس سے بغض رکھا ہے اور برا سلوک کیا ہے۔

ایک اور روایت میں ہے عبد اللہ بن صامتؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوذرؓ نے کہا اے میرے بھتیجے میں نے نبی ﷺ کی بعثت سے دو سال پہلے نماز پڑھی ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے پوچھا کہ آپ رخ کدھر کرتے تھے؟ انہوں نے کہا جہاں اللہ نے میرا رخ پھیر دیا۔ باقی روایت پہلی کی طرح ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ وہ دونوں ایک کاہن کے پاس مقابلہ کے فیصلہ کے لئے گئے۔ وہ کہتے ہیں میرا بھائی انیس اس کی تعریف کرتا رہا یہانتک کہ اس کاہن نے اسے غالب قرار دے دیا۔ وہ کہتے ہیں پھر ہم نے اس کے اونٹ لے لئے اور انہیں اپنے اونٹوں سے ملا لیا۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ تشریف لائے اور بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیمؑ کے پیچھے دو رکعتیں ادا

کیں۔ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں پہلا شخص تھا جس نے آپؐ کو اسلامی طریق پر سلام کیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ آپؐ پر سلامتی ہو آپؐ نے فرمایا تم پر بھی سلامتی ہو، تم کون ہو؟ اس روایت میں یہ بھی ہے آپؐ نے فرمایا تم کب سے یہاں ہو؟ ابوذرؓ کہتے ہیں میں نے کہا پندرہ روز سے ہوں اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے (حضور ﷺ کی خدمت میں) عرض کیا آج رات اس کی ضیافت کا شرف آپؐ مجھے عطا کر دیں۔

4507{133} و حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَتَقَارَبَا فِي سِيَاقِ الْحَدِيثِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ حَاتِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا بَلَغَ أَبَا ذَرٍّ مَبْعَثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ قَالَ لِأَخِيهِ ارْكَبْ إِلَى هَذَا الْوَادِي فَاعْلَمْ لِي عِلْمَ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ يَأْتِيهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ فَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهِ ثُمَّ ائْتِنِي فَانْطَلَقَ الْآخَرُ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ

4507: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ جب مکہ میں نبی ﷺ کی بعثت کی خبر حضرت ابوذرؓ کو ملی تو انہوں نے اپنے بھائی سے کہا کہ اس وادی تک سوار ہو کر جاؤ اور میرے لئے اس شخص کے بارہ میں علم حاصل کرو جو گمان کرتا ہے کہ اس کے پاس آسمان سے خبر آتی ہے۔ اس کی بات سنو پھر میرے پاس آؤ۔ چنانچہ وہ چلا گیا یہانتک کہ وہ مکہ پہنچا اور آپؐ کی بات سنی پھر وہ حضرت ابوذرؓ کی طرف واپس آیا اور کہا کہ میں نے اس کو کریمانہ اخلاق کا حکم دیتے ہوئے دیکھا ہے اور ایسا کلام (کرتے) دیکھا جو شعر نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں جو میرا مقصد تھا اس میں تم نے مجھے تشفی نہ دِلائی۔ اس پر انہوں (حضرت ابوذرؓ) نے

4507 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابی ذر 4506

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب قصة اسلام ابی ذر 3522 کتاب مناقب الانصار باب اسلام ابی ذر 3861

وَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَبِي ذَرٍّ فَقَالَ رَأَيْتُهُ يَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ وَكَلَامًا مَا هُوَ بِالشِّعْرِ فَقَالَ مَا شَفَيْتَنِي فِيمَا أَرَدْتُ فَتَزَوَّدَ وَحَمَلَ شَنَّةً لَهُ فِيهَا مَاءٌ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَالْتَمَسَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَعْرِفُهُ وَكَرِهَ أَنْ يَسْأَلَ عَنْهُ حَتَّى أَدْرَكَهُ يَعْنِي اللَّيْلَ فَاضْطَجَعَ فَرَآهُ عَلِيٌّ فَعَرَفَ أَنَّهُ غَرِيبٌ فَلَمَّا رَآهُ تَبِعَهُ فَلَمْ يَسْأَلْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ احْتَمَلَ قِرْبَتَهُ وَزَادَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَظَلَّ ذَلِكَ الْيَوْمَ وَلَا يَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَمْسَى فَعَادَ إِلَى مَضْجَعِهِ فَمَرَّ بِهِ عَلِيٌّ فَقَالَ مَا آنَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَهُ فَأَقَامَهُ فَذَهَبَ بِهِ مَعَهُ وَلَا يَسْأَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ فَأَقَامَهُ عَلِيٌّ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ أَلَا تُحَدِّثُنِي مَا الَّذِي أَقْدَمَكَ هَذَا الْبَلَدَ قَالَ إِنْ أَعْطَيْتَنِي عَهْدًا وَمِيثَاقًا لَتُرْشِدَنِّي فَعَلْتُ فَفَعَلَ فَأَخْبَرَهُ

کچھ زادِ راہ لیا اور اپنا ایک مشکیزہ اٹھایا جس میں پانی تھا یہانتک کہ مکہ پہنچے تو مسجد میں آئے اور نبی ﷺ کو تلاش کیا کیونکہ وہ آپؐ کو پہچانتے نہ تھے اور انہوں نے آپؐ کے بارہ میں پوچھنا پسند نہ کیا یہانتک کہ رات ہوگئی تو وہ لیٹ گئے۔ حضرت علیؓ نے انہیں دیکھا اور سمجھ گئے کہ کوئی اجنبی ہے پس جب انہوں (حضرت ابوذرؓ) نے اُنہیں (حضرت علیؓ کو) دیکھا تو اُن کے پیچھے ہولئے۔ لیکن ان دونوں میں سے کسی نے اپنے ساتھی سے کچھ نہ پوچھا یہانتک کہ صبح ہوگئی پھر وہ اپنا مشکیزہ اور زادِ راہ اُٹھا کر مسجد تک لے گئے۔ پھر (حضرت ابوذرؓ نے) وہ دن بھی گذارا مگر انہوں نے نبی ﷺ کو نہ دیکھا یہانتک کہ شام ہوگئی پھر وہ اپنے لیٹنے کی جگہ پر لوٹ آئے۔ حضرت علیؓ ان کے پاس سے گذرے تو کہا کہ ابھی اس شخص کے لئے وہ وقت نہیں آیا کہ اسے اپنی منزل کا علم ہو۔ انہوں نے اسے اٹھایا اور اس کو اپنے ساتھ لے گئے۔ لیکن دونوں میں سے کسی نے اپنے ساتھی سے کچھ نہ پوچھا کہ جب تیسرا دن ہوا تو انہوں نے اسی طرح کیا پھر حضرت علیؓ انہیں اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئے اور ان سے کہا کیا تم مجھے بتاؤ گے کہ تم اس بستی میں کیوں آئے ہو؟ انہوں (حضرت ابوذرؓ) نے کہا کہ اگر آپ میرے ساتھ وعدہ اور پختہ عہد کرتے ہیں کہ میری رہنمائی فرمائیں گے تو میں ایسا کروں گا تو انہوں نے ایسا کیا۔ انہوں (حضرت علیؓ) نے انہیں بتایا کہ یقیناً

فَقَالَ فَإِنَّهُ حَقٌّ وَهُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا أَصْبَحْتَ فَاتَّبِعْنِي فَإِنِّي إِنْ رَأَيْتُ شَيْئًا أَخَافُ عَلَيْكَ قُمْتُ كَأَنِّي أُرِيقُ الْمَاءَ فَإِنْ مَضَيْتُ فَاتَّبِعْنِي حَتَّى تَدْخُلَ مَدْخَلِي فَفَعَلَ فَانْطَلَقَ يَقْفُوهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَ مَعَهُ فَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ وَأَسْلَمَ مَكَانَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْجِعْ إِلَى قَوْمِكَ فَأَخْبِرْهُمْ حَتَّى يَأْتِيَكَ أَمْرِي فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَصْرُخَنَّ بِهَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتَّى أَتَى الْمَسْجِدَ فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ وَثَارَ الْقَوْمُ فَضَرَبُوهُ حَتَّى أَضْجَعُوهُ فَأَتَى الْعَبَّاسُ فَأَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَالَ وَيْلَكُمْ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ مِنْ غِفَارٍ وَأَنَّ طَرِيقَ تُجَّارِكُمْ إِلَى الشَّامِ عَلَيْهِمْ فَأَنْقَذَهُ مِنْهُمْ ثُمَّ عَادَ مِنَ الْغَدِ بِمِثْلِهَا وَثَارُوا إِلَيْهِ فَضَرَبُوهُ فَأَكَبَّ عَلَيْهِ الْعَبَّاسُ فَأَنْقَذَهُ [6362]

وہ سچے ہیں اور اللہ کے رسولؐ ہیں۔ جب صبح ہو تو میرے پیچھے پیچھے آنا۔ اگر میں نے کوئی ایسی چیز دیکھی جس کا مجھے تمہارے بارہ میں خوف ہوا تو میں ٹھہر جاؤں گا جیسے میں پیشاب کرنے لگا ہوں اور اگر میں چلتا گیا تو میرے پیچھے آنا حتیٰ کہ جہاں میں داخل ہوں تم بھی داخل ہو جانا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا ابوذرؓ حضرت علیؓ کے پیچھے چلنے لگے یہانتک کہ وہ (حضرت علیؓ) نبی ﷺ کے پاس اندر چلے گئے اور ان کے ساتھ وہ (حضرت ابوذرؓ) بھی اندر چلے گئے۔ حضرت ابوذرؓ نے آپؐ کی باتیں سنیں اور وہیں پر اسلام لے آئے۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا اپنی قوم کی طرف جاؤ اور انہیں بتاؤ یہانتک کہ تمہیں میرے بارہ میں اطلاع ملے۔ اس پر وہ کہنے لگے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں ضرور بآواز بلند ان کے سامنے اعلان کردوں گا۔ پھر وہ (حضرت ابوذرؓ) باہر نکلے یہانتک کہ مسجد (حرام) میں آئے اور بلند آواز سے پکارنے لگے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں لوگ (ان پر) پل پڑے اور انہیں مارنے لگے یہانتک کہ انہیں گرا دیا۔ پھر حضرت عباسؓ آئے ان (کو بچانے کے لئے) ان پر جھک گئے اور لوگوں سے کہا تمہارا برا ہو کیا تمہیں پتہ نہیں کہ یہ غفار (قبیلہ) سے ہے؟ اور شام کی طرف جانے والے تمہارے تاجروں کا رستہ ان کے پاس سے گزرتا ہے۔ چنانچہ

انہوں نے حضرت ابوذرؓ کو ان سے بچالیا۔ انہوں نے دوسرے دن بھی ایسا ہی کیا اور لوگ ان پر پل پڑے اور ان کو مارا۔ حضرت عباسؓ، حضرت ابوذرؓ پر جھک گئے اور انہیں بچالیا۔

[29]75: بَاب مِنْ فَضَائِلِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4508{134}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ بَيَانٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِي حَازِمٍ يَقُولُ قَالَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ أَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي إِلَّا ضَحِكَ[6363]

4508: حضرت جریر بن عبد اللہؓ کہتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں مجھے رسول اللہ ﷺ نے کبھی (ملاقات سے) نہیں روکا اور جب بھی آپؐ نے مجھے دیکھا تو آپؐ مسکرائے۔

4509{135} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو أُسَامَةَ عَنْ إِسْمَعِيلَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ

4509: حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں مجھے رسول اللہ ﷺ نے کبھی (ملاقات سے) نہیں روکا اور جب بھی آپؐ نے مجھے دیکھا تو تبسم فرمایا۔

4508 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل جرير بن عبد الله 4509 ، 4510 ، 4511

تخريج : **بخارى** كتاب الجهاد والسير باب من لا يثبت على الخيل 3035،3036 باب البشارة فى الفتوح 3076 كتاب مناقب الانصار باب ذكر جرير بن عبدالله البجلى 3822،3823 كتاب المغازى باب غزوة ذى الخلصة 4355، 4356،4357 كتاب الادب باب التبسم والضحك 6089،6090 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب فى بعثة البشراء 2772 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب جرير بن عبد الله البجلى 3820 ، 3821 **ابن ماجه** فى المقدمة باب فى فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل جرير بن عبد الله البجلى 159

4509 : **اطراف** : **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل جرير بن عبد الله 4508 ، 4510 ، 4511 =

قَالَ مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ أَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي إِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي زَادَ ابْنُ نُمَيْرٍ فِي حَدِيثِهِ عَنِ ابْنِ إِدْرِيسَ وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَيْهِ أَنِّي لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي وَقَالَ اللَّهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا[6364]

ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ میں نے آپؐ کی خدمت میں شکایت کی کہ میں گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تو آپؐ نے اپنا ہاتھ میرے سینہ پر مارا اور کہا اے اللہ! اسے ثبات دے اور اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا دے۔

4510{136}حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ ذُو الْخَلَصَةِ وَكَانَ يُقَالُ لَهُ الْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَةُ وَالْكَعْبَةُ الشَّامِيَّةُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ أَنْتَ مُرِيحِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ وَالْكَعْبَةِ الْيَمَانِيَةِ وَالشَّامِيَّةِ فَنَفَرْتُ إِلَيْهِ فِي مِائَةٍ وَخَمْسِينَ مِنْ أَحْمَسَ فَكَسَرْنَاهُ وَقَتَلْنَا مَنْ وَجَدْنَا عِنْدَهُ فَأَتَيْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ قَالَ فَدَعَا لَنَا وَلِأَحْمَسَ[6365]

4510: حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں کہ (زمانہ) جاہلیت میں ایک گھر ہوتا تھا جسے ذوالخلصہ کہا جاتا تھا نیز اسے کعبہ یمانیہ اور کعبہ شامیہ بھی کہا جاتا تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تو مجھے ذوالخلصہ کعبہ یمانیہ اور شامیہ سے راحت دے گا؟ (حضرت جریرؓ کہتے ہیں) چنانچہ میں اس کی طرف احمس (قبیلہ) کے ایک سو پچاس افراد لے کر گیا اور ہم نے اسے توڑ دیا اور جسے ہم نے اس کے پاس پایا اسے (لڑائی میں) مار دیا۔ پھر میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ کو بتایا۔ حضرت جریرؓ کہتے ہیں پھر آپؐ نے ہمارے لئے اور احمس کے لئے دعا کی۔

= **تخریج: بخاری** کتاب الجهاد والسير باب من لا يثبت على الخيل 3035،3036 باب البشارة فى الفتوح 3076 كتاب مناقب الانصار باب ذكر جرير بن عبدالله البجلى 3822،3823 كتاب المغازى باب غزوة ذى الخلصة 4355، 4356،4357 كتاب الادب باب التبسم والضحك 6089،6090 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى بعثة البشراء 2772 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب جرير بن عبد الله البجلى 3820 ، 3821 **ابن ماجه** فى المقدمة باب فى فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل جرير بن عبد اللهالبجلى 159

4510 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل جرير بن عبد الله 4508 ، 4509 ، 4511

تخریج: بخاری كتاب الجهاد والسير باب من لا يثبت على الخيل 3035،3036 باب البشارة فى الفتوح 3076 كتاب مناقب الانصار باب ذكر جرير بن عبدالله البجلى 3822،3823 كتاب المغازى باب غزوة ذى الخلصة 4355، 4356،4357 كتاب الادب باب التبسم والضحك 6089،6090 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى بعثة البشراء 2772 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب جرير بن عبد الله البجلى 3820 ، 3821 **ابن ماجه** فى المقدمة باب فى فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل جرير بن عبد اللهالبجلى 159

4511{137} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا جَرِيرُ أَلَا تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ بَيْتِ لِخَثْعَمَ كَانَ يُدْعَى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ قَالَ فَنَفَرْتُ فِي خَمْسِينَ وَمِائَةِ فَارِسٍ وَكُنْتُ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ يَدَهُ فِي صَدْرِي فَقَالَ اللَّهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا قَالَ فَانْطَلَقَ فَحَرَّقَهَا بِالنَّارِ ثُمَّ بَعَثَ جَرِيرٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُبَشِّرُهُ يُكْنَى أَبَا أَرْطَاةَ مِنَّا فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ مَا جِئْتُكَ حَتَّى تَرَكْنَاهَا كَأَنَّهَا جَمَلٌ أَجْرَبُ فَبَرَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح

4511: حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا اے جریرؓ! کیا تم مجھے قبیلہ خَثْعَم کے گھر ذوالخلصہ کی طرف سے (شرارتوں سے) آرام نہ دو گے؟ اسے کعبہ یمانیہ کہا جاتا تھا۔ وہ (حضرت جریرؓ) کہتے ہیں کہ میں ایک سو پچاس گھڑسواروں کے ساتھ نکلا اور میں گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تھا تو میں نے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا۔ آپؐ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینہ پر مارا اور کہا اے اللہ! اسے ثبات دے اور اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا دے۔ راوی نے کہا پھر حضرت جریرؓ گئے اور اسے (ذوالخلصہ کو) آگ سے جلا دیا۔ پھر حضرت جریرؓ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف آپؐ کو خوشخبری دینے کے لئے ہم میں سے ایک آدمی بھیجا جس کی کنیت ابو ارطاۃ تھی۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ سے عرض کیا کہ میں اس وقت تک آپؐ کے پاس نہیں آیا جب تک کہ ہم نے اسے خارش زدہ اونٹ کی طرح نہ کر دیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے احمس کے گھڑسواروں اور پیادوں کے لئے پانچ دفعہ برکت کی دعا کی۔

4511 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل جریر بن عبد اللہ 4508 ، 4509 ، 4510

تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب من لا یثبت علی الخیل 3035،3036 باب البشارة فی الفتوح 3076 کتاب مناقب الانصار باب ذکر جریر بن عبداللہ البجلی 3822،3823 کتاب المغازی باب غزوة ذی الخلصة 4355، 4356،4357 کتاب الادب باب التبسم والضحک 6089،6090 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی بعثة البشراء 2772 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب جریر بن عبد اللہ البجلی 3820 ، 3821 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ فضل جریر بن عبد اللہ البجلی 159

و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ يَعْنِي الْفَزَارِيَّ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَعِيلَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي حَدِيثِ مَرْوَانَ فَجَاءَ بَشِيرُ جَرِيرٍ أَبُو أَرْطَاةَ حُصَيْنُ بْنُ رَبِيعَةَ يُبَشِّرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6367,6366]

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت جریرؓ کی طرف سے خوشخبری دینے والا ابوارطاۃ حصین بن ربیعہ نبی ﷺ کی خدمت میں خوشخبری لے کر آیا۔

[30]76:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان

4512{138}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ قَالَا حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي يَزِيدَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى الْخَلَاءَ فَوَضَعْتُ لَهُ وَضُوءًا فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ مَنْ وَضَعَ هَذَا فِي رِوَايَةِ زُهَيْرٍ قَالُوا وَفِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ قُلْتُ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ اللَّهُمَّ فَقِّهْهُ [6368]

4512: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ بیت الخلاء میں تشریف لے گئے تو میں نے آپؐ کے لئے وضوء کا پانی رکھا۔ جب آپؐ باہر تشریف لائے تو فرمایا کہ یہ کس نے رکھا ہے؟ عرض کیا گیا ابن عباسؓ نے۔ حضورؐ نے کہا اے اللہ! اسے (دین کی) سمجھ عطا فرما۔

[31]77:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے کچھ فضائل کا بیان

4513{139}حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ

4513:حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میرے ہاتھ میں موٹے ریشم

4512 : تخریج : بخاری کتاب الوضوء باب وضع الماء عند الخلاء 143 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب عبدا لله عباسؓ 3824 ابن ماجه فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضائل ابن عباس 166

4513 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فقه فضائل عبد الله بن عمر 4514 =

كُلُّهُمْ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ فِي يَدِي قِطْعَةَ إِسْتَبْرَقٍ وَلَيْسَ مَكَانٌ أُرِيدُ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا طَارَتْ إِلَيْهِ قَالَ فَقَصَصْتُهُ عَلَى حَفْصَةَ فَقَصَّتْهُ حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَى عَبْدَ اللَّهِ رَجُلًا صَالِحًا [6369]

کا ایک ٹکڑا ہے اور جنت میں جس جگہ بھی میں جانا چاہتا ہوں وہ (ٹکڑا) اڑ کر وہاں لے جاتا ہے۔ وہ (حضرت ابن عمرؓ) کہتے ہیں کہ میں نے یہ (خواب) حضرت حفصہؓ کے سامنے بیان کیا اور حضرت حفصہؓ نے اسے نبی ﷺ کے سامنے بیان کیا۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا میں عبد اللہؓ کو نیک آدمی دیکھتا ہوں۔

4514{140}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِعَبْدٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمَنَّيْتُ أَنْ أَرَى رُؤْيَا

4514 : حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں جب کوئی شخص رؤیا دیکھتا تو وہ اسے رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیان کرتا اور مجھے بھی آرزو ہوئی کہ میں کوئی رؤیا دیکھوں جسے نبی ﷺ کے سامنے بیان کروں۔ وہ کہتے ہیں میں جوان غیر شادی شدہ لڑکا تھا اور رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مسجد میں سویا کرتا تھا۔ میں نے خواب میں

= **تخریج : بخاری** کتاب الصلاة باب نوم الرجال فی المسجد 440 کتاب الجمعة باب فضل قیام اللیل 1121، 1122 کتاب التهجد باب فضل من تعار من اللیل فصلی 1157 کتاب المناقب باب مناقب عبداللہ بن عمر بن الخطابؓ 3738، 3739، 3740، 3741 کتاب التعبیر باب الاستبرق و دخول الجنة فی المنام 7015، 7016 باب الامن و ذهاب الروع فی المنام 7029 باب الأخذ علی الیمین فی النوم 7030، 7031 **ترمذی** کتاب الصلاة باب ماجاء فی النوم فی المسجد 321 **نسائی** کتاب المساجد النوم فی المسجد 722 **ابوداؤد** کتاب الطهارة باب فی طهور الارض اذیبست 382 **ابن ماجه** کتاب المساجد والجماعات باب النوم فی المسجد 751 کتاب تعبیر الرؤیا باب تعبیر الرؤیا 3919

4514 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فقه فضائل عبد اللہ بن عمر 4513

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب نوم الرجال فی المسجد 440 کتاب الجمعة باب فضل قیام اللیل 1121، 1122 کتاب التهجد باب فضل من تعار من اللیل فصلی 1157 کتاب المناقب باب مناقب عبداللہ بن عمر بن الخطابؓ 3738، 3739، 3740، 3741 کتاب التعبیر باب الاستبرق و دخول الجنة فی المنام 7015، 7016 باب الامن و ذهاب الروع فی المنام 7029 باب الأخذ علی الیمین فی النوم 7030، 7031 **ترمذی** کتاب الصلاة باب ماجاء فی النوم فی المسجد 321 **نسائی** کتاب المساجد النوم فی المسجد 722 **ابوداؤد** کتاب الطهارة باب فی طهور الارض اذیبست 382 **ابن ماجه** کتاب المساجد والجماعات باب النوم فی المسجد 751 کتاب تعبیر الرؤیا باب تعبیر الرؤیا 3919

أَقُصُّهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا وَكُنْتُ أَنَامُ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُ فِي النَّوْمِ كَأَنَّ مَلَكَيْنِ أَخَذَانِي فَذَهَبَا بِي إِلَى النَّارِ فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ وَإِذَا لَهَا قَرْنَانِ كَقَرْنَيْ الْبِئْرِ وَإِذَا فِيهَا نَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ فَجَعَلْتُ أَقُولُ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ النَّارِ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ النَّارِ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ النَّارِ قَالَ فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ فَقَالَ لِي لَمْ تُرَعْ فَقَصَصْتُهَا عَلَى حَفْصَةَ فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللَّهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ قَالَ سَالِمٌ فَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بَعْدَ ذَلِكَ لَا يَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ إِلَّا قَلِيلًا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ خَتَنُ الْفِرْيَابِيِّ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ أَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ وَلَمْ يَكُنْ لِي أَهْلٌ فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّمَا انْطُلِقَ بِي إِلَى بِئْرٍ فَذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ[6371,6370]

دیکھا کہ گویا دو فرشتوں نے مجھے پکڑا اور مجھے آگ کی طرف لے گئے۔ کیا دیکھتا ہوں کہ وہ کنویں کی طرح گہری ہے۔ کنویں کی طرح اس کے دو ستون ہیں اور اس میں کچھ لوگ ہیں جنہیں میں نے پہچان لیا اور میں کہنے لگا کہ میں آگ سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، میں آگ سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، میں آگ سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ وہ (حضرت ابن عمرؓ) کہتے ہیں ایک اور فرشتہ ان دونوں سے آ کر ملا اس نے مجھے کہا گھبرانے کی بات نہیں۔ میں نے یہ (خواب) حضرت حفصہؓ کے سامنے بیان کی اور حضرت حفصہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کی۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ عبداللہ کیا ہی اچھا آدمی ہے اگر وہ رات کو نماز پڑھے۔ سالم کہتے ہیں حضرت عبداللہؓ اس کے بعد رات کو بہت تھوڑا سوتے تھے۔

ایک اور روایت میں ہے حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد میں رات گزارا کرتا تھا کیونکہ میرا کوئی گھر بار نہیں تھا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا مجھے ایک کنویں کی طرف لے جایا جا رہا ہے۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

[32]78:بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4515{141} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَادِمُكَ أَنَسٌ ادْعُ اللَّهَ لَهُ فَقَالَ اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَادِمُكَ أَنَسٌ فَذَكَرَ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ مِثْلَ ذَلِكَ [6374,6373,6372]

4515: حضرت انسؓ سے روایت ہے انہوں نے حضرت ام سلیمؓ سے بیان کیا کہ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کا خادم انس، اس کے لئے اللہ سے دعا کریں۔ چنانچہ آپؐ نے کہا اے اللہ! اس کو بہت مال اور اولاد دے اور اس کے لئے اس میں برکت ڈال دے جو تو اسے عطا کرے۔

4516{142} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ

4516: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے۔ مَیں، میری ماں اور میری خالہ ام حرامؓ کے سوا کوئی نہ تھا۔ میری ماں نے

4515 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک4516، 4517، 4518

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب من زار قوماً ولم يفطر عندهم 1982 کتاب الدعوات باب قول الله تعالىٰ وصل عليهم 6334 باب دعوة النبی ﷺ لخادمه 6344 الدعاء بكثرة الولد ترمذی کتاب المناقب باب مناقب انس بن مالک 3827، 3829

4516 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک 4515، 4517، 4518

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب من زار قومًا ولم يفطر عندهم 1982 کتاب الدعوات باب قول الله تعالىٰ وصل عليهم 6334 باب دعوة النبی ﷺ لخادمه 6344 الدعاء بكثرة الولد ترمذی کتاب المناقب باب مناقب انس بن مالک 3827، 3829

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا وَمَا هُوَ إِلَّا أَنَا وَأُمِّي وَأُمُّ حَرَامٍ خَالَتِي فَقَالَتْ أُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ خُوَيْدِمُكَ ادْعُ اللَّهَ لَهُ قَالَ فَدَعَا لِي بِكُلِّ خَيْرٍ وَكَانَ فِي آخِرِ مَا دَعَا لِي بِهِ أَنْ قَالَ اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيهِ [6375]

عرض کیا یا رسول اللہ! یہ آپؐ کا چھوٹا سا خادم۔اس کے لئے اللہ کے حضور دعا کریں۔وہ (انسؓ) کہتے ہیں آپؐ نے میرے لئے ہر قسم کی بھلائی کی دعا کی۔ جو (آپؐ نے دعا کی) اس کے آخر میں کہا اے اللہ! اس کو بہت مال اور اولاد دے اور اس کے لئے اس میں برکت رکھ دے۔

4517{143}حَدَّثَنِي أَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ حَدَّثَنَا أَنَسٌ قَالَ جَاءَتْ بِي أُمِّي أُمُّ أَنَسٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَزَّرَتْنِي بِنِصْفِ خِمَارِهَا وَرَدَّتْنِي بِنِصْفِهِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا أُنَيْسٌ ابْنِي أَتَيْتُكَ بِهِ يَخْدُمُكَ فَادْعُ اللَّهَ لَهُ فَقَالَ اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ قَالَ أَنَسٌ فَوَاللَّهِ إِنَّ مَالِي لَكَثِيرٌ وَإِنَّ وَلَدِي وَوَلَدَ وَلَدِي لَيَتَعَادُّونَ عَلَى نَحْوِ الْمِائَةِ الْيَوْمَ [6376]

4517: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میری ماں اُم انس مجھے لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔انہوں نے مجھے اپنی آدھی چادر کا ازار پہنایا اور آدھی میرے اوپر کر دی اور انہوں نے کہا یا رسول اللہؐ! یہ میرا بیٹا اُنیس ہے، میں آپؐ کے پاس لائی ہوں۔یہ آپؐ کی خدمت کرے گا۔پس آپؐ اللہ سے اس کے لئے دعا کریں۔آپؐ نے کہا اے اللہ! اس کو بہت مال و اولاد دے۔حضرت انسؓ کہتے ہیں اللہ کی قسم! یقیناً میرا مال بہت زیادہ ہے اور میری اولاد اور میری اولاد کی اولاد کی تعداد آج قریب سو تک پہنچتی ہے۔

4518{144}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنِ الْجَعْدِ أَبِي

4518:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ گزرے تو میری ماں ام سلیمؓ نے آپؐ

4517 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک 4515 ، 4516 ، 4518

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب من زار قوماً ولم یفطر عندهم 1982 کتاب الدعوات باب قول الله تعالیٰ وصل علیهم 6334 باب دعوة النبی ﷺ لخادمه 6344 الدعاء بکثرة الولد ترمذی کتاب المناقب باب مناقب انس بن مالک 3827 ، 3829

4518 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک 4515 ، 4516 ، 4517

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب من زار قوماً ولم یفطر عندهم 1982 کتاب الدعوات باب قول الله تعالیٰ وصل علیهم 6334 باب دعوة النبی ﷺ لخادمه 6344 الدعاء بکثرة الولد ترمذی کتاب المناقب باب مناقب انس بن مالک 3827 ، 3829

عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَتْ أُمِّي أُمُّ سُلَيْمٍ صَوْتَهُ فَقَالَتْ بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ أُنَيْسٌ فَدَعَا لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ دَعَوَاتٍ قَدْ رَأَيْتُ مِنْهَا اثْنَتَيْنِ فِي الدُّنْيَا وَأَنَا أَرْجُو الثَّالِثَةَ فِي الْآخِرَةِ [6377]

کی آواز سنی تو اس نے کہا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان یا رسولؐ اللہ! یہ انیسؓ ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے تین دعائیں کیں جن میں سے دو میں نے دنیا میں دیکھ لیں اور تیسری کی امید میں آخرت میں رکھتا ہوں۔

4519{145}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أَتَى عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ قَالَ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَبَعَثَنِي إِلَى حَاجَةٍ فَأَبْطَأْتُ عَلَى أُمِّي فَلَمَّا جِئْتُ قَالَتْ مَا حَبَسَكَ قُلْتُ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ قَالَتْ مَا حَاجَتُهُ قُلْتُ إِنَّهَا سِرٌّ قَالَتْ لَا تُحَدِّثَنَّ بِسِرِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا قَالَ أَنَسٌ وَاللَّهِ لَوْ حَدَّثْتُ بِهِ أَحَدًا لَحَدَّثْتُكَ يَا ثَابِتُ [6378]

4519: حضرت ثابتؓ کہتے ہیں حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ وہ (حضرت انسؓ) کہتے ہیں کہ آپؐ نے ہمیں سلام کہا پھر مجھے کسی کام کے لئے بھیجا۔ میں کچھ تاخیر سے اپنی ماں کے پاس آیا تو انہوں نے کہا کہ تمہیں کس چیز نے روکے رکھا؟ میں نے کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے کسی کام سے بھیجا تھا۔ انہوں نے پوچھا آپؐ کا کیا کام تھا؟ میں نے کہا یہ راز ہے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ پھر رسول اللہ ﷺ کا راز ہرگز کسی کو نہ بتانا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں بخدا اگر میں وہ کسی کو بتاتا تو اے ثابت! تجھے ضرور بتاتا۔

4520{146} حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ

4520: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے مجھ سے ایک راز کی بات کی۔

4519 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک 4520

تخریج : بخاری کتاب الاستئذان باب حفظ السر 6289

4520 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل انس بن مالک 4519

تخریج : بخاری کتاب الاستئذان باب حفظ السر 6289

بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ أَسَرَّ إِلَيَّ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرًّا فَمَا أَخْبَرْتُ بِهِ أَحَدًا بَعْدُ وَلَقَدْ سَأَلَتْنِي عَنْهُ أُمُّ سُلَيْمٍ فَمَا أَخْبَرْتُهَا بِهِ [6379]

اس کے بعد وہ (میں نے) کسی کو نہیں بتائی۔ (میری ماں) ام سلیمؓ نے مجھ سے پوچھا تھا تو انہیں بھی میں نے نہیں بتائی۔

[33]79: بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4521{147} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِحَيٍّ يَمْشِي إِنَّهُ فِي الْجَنَّةِ إِلَّا لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ [6380]

4521: عامر بن سعد بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو سنا۔ وہ کہتے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کسی زندہ چلتے پھرتے شخص کے بارہ میں یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ وہ جنتی ہے سوائے حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے۔

4522{148} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ كُنْتُ بِالْمَدِينَةِ فِي نَاسٍ فِيهِمْ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ فِي وَجْهِهِ أَثَرٌ مِنْ خُشُوعٍ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هَذَا رَجُلٌ مِنْ

4522: قیس بن عباد بیان کرتے ہیں کہ میں مدینہ میں بعض ایسے لوگوں میں تھا جن میں نبی ﷺ کے صحابہؓ تھے کہ ایک آدمی آیا جس کے چہرہ پر خشوع کے آثار تھے۔ لوگوں میں سے ایک نے کہا یہ شخص اہلِ جنت میں سے ہے۔ یہ شخص اہلِ جنت میں سے ہے۔ اس شخص نے ہلکی سی دو رکعتیں پڑھیں پھر وہ باہر نکلا تو میں اس کے پیچھے پیچھے گیا تو وہ اپنے گھر میں داخل

4522 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن سلام 4523 ، 4524

تخريج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب عبد الله بن سلام 3813 کتاب التعبير باب الخضر فی المنام والروضة الخضراء 7010 باب التعليق بالعروة والحلقة 7014 ابن ماجه کتاب تعبير الرؤيا باب تعبير الرؤيا 3920

4521 : تخريج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب مناقب عبدالله بن سلام 3812

أَهْلِ الْجَنَّةِ هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا ثُمَّ خَرَجَ فَاتَّبَعْتُهُ فَدَخَلَ مَنْزِلَهُ وَدَخَلْتُ فَتَحَدَّثْنَا فَلَمَّا اسْتَأْنَسَ قُلْتُ لَهُ إِنَّكَ لَمَّا دَخَلْتَ قَبْلُ قَالَ رَجُلٌ كَذَا وَكَذَا قَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ مَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَقُولَ مَا لَا يَعْلَمُ وَسَأُحَدِّثُكَ لِمَ ذَاكَ رَأَيْتُ رُؤْيَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ رَأَيْتُنِي فِي رَوْضَةٍ ذَكَرَ سَعَتَهَا وَعُشْبَهَا وَخُضْرَتَهَا وَوَسْطَ الرَّوْضَةِ عَمُودٌ مِنْ حَدِيدٍ أَسْفَلُهُ فِي الْأَرْضِ وَأَعْلَاهُ فِي السَّمَاءِ فِي أَعْلَاهُ عُرْوَةٌ فَقِيلَ لِيَ ارْقَهْ فَقُلْتُ لَهُ لَا أَسْتَطِيعُ فَجَاءَنِي مِنْصَفٌ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ وَالْمِنْصَفُ الْخَادِمُ فَقَالَ بِثِيَابِي مِنْ خَلْفِي وَصَفَ أَنَّهُ رَفَعَهُ مِنْ خَلْفِهِ بِيَدِهِ فَرَقِيتُ حَتَّى كُنْتُ فِي أَعْلَى الْعَمُودِ فَأَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقِيلَ لِيَ اسْتَمْسِكْ فَلَقَدِ اسْتَيْقَظْتُ وَإِنَّهَا لَفِي يَدِي فَقَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تِلْكَ الرَّوْضَةُ الْإِسْلَامُ وَذَلِكَ الْعَمُودُ عَمُودُ الْإِسْلَامِ وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ عُرْوَةُ الْوُثْقَى وَأَنْتَ عَلَى الْإِسْلَامِ حَتَّى تَمُوتَ قَالَ وَالرَّجُلُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ [6381]

ہوگیا۔ میں بھی اندر گیا پھر ہم باتیں کرنے لگے جب وہ مانوس ہوگئے تو میں نے اس سے کہا کہ پہلے جب آپ داخل ہوئے تھے ایک آدمی نے ایسے ایسے کہا۔ انہوں نے کہا سبحان اللہ کسی کو نہیں چاہئے کہ وہ ایسی بات کہے جو وہ نہیں جانتا ہاں میں تمہیں بتاتا ہوں کہ بات کیا ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک رؤیا دیکھی جسے میں نے آپؐ کے سامنے بیان کیا۔ میں نے دیکھا کہ میں ایک باغ میں ہوں —اور انہوں نے اس کی وسعت، اس کی سبز گھاس اور اس کی سرسبزی کا ذکر کیا— اس باغ کے وسط میں لوہے کا ایک ستون ہے جس کا نچلا حصہ زمین میں ہے اور اوپر والا حصہ آسمان میں ہے اور اس (ستون) کے اوپر ایک عُروہ (کڑا) ہے۔ مجھ سے کہا گیا کہ اس پر چڑھو۔ میں نے اسے کہا کہ مجھ میں طاقت نہیں۔ پھر میرے پاس ایک مِنصَف آیا—ابن عون کہتے ہیں کہ مِنصَف سے مراد خادم ہے—اس نے پیچھے سے میرے کپڑوں کو پکڑ کر اٹھایا اور انہوں نے بیان کیا کہ اس نے ان کے پیچھے سے اپنے ہاتھ سے انہیں اُٹھایا۔ پھر میں اوپر چڑھنے لگا یہانتک کہ میں ستون کے اوپر تھا اور میں نے کڑے کو پکڑ لیا تو مجھ سے کہا گیا اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو۔ وہ میرے ہاتھ میں تھا کہ میں بیدار ہوگیا۔ میں نے یہ (خواب) نبی ﷺ سے بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا وہ باغ اسلام ہے اور وہ ستون بھی اسلام کا ستون ہے اور عروہ سے مراد

4523{149}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَبَلَةَ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ قَالَ قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ كُنْتُ فِي حَلَقَةٍ فِيهَا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ وَابْنُ عُمَرَ فَمَرَّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ فَقَالُوا هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَقُمْتُ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّهُمْ قَالُوا كَذَا وَكَذَا قَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ مَا كَانَ يَنْبَغِي لَهُمْ أَنْ يَقُولُوا مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ إِنَّمَا رَأَيْتُ كَأَنَّ عَمُودًا وُضِعَ فِي رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ فَنُصِبَ فِيهَا وَفِي رَأْسِهَا عُرْوَةٌ وَفِي أَسْفَلِهَا مِنْصَفٌ وَالْمِنْصَفُ الْوَصِيفُ فَقِيلَ لِي ارْقَهْ فَرَقِيتُ حَتَّى أَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقَصَصْتُهَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُوتُ عَبْدُ اللَّهِ وَهُوَ آخِذٌ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى [6382]

عروہ وثقٰی ہے اور تم اسلام پر قائم رہو گے یہانتک کہ تمہیں موت آجائے۔ راوی نے کہا وہ آدمی حضرت عبداللہ بن سلامؓ تھے۔

4523: قیس بن عباد نے کہا کہ میں ایک مجلس میں تھا جس میں حضرت سعد بن مالکؓ اور حضرت ابن عمرؓ بھی تھے کہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ گزرے تو لوگوں نے کہا یہ شخص جنتیوں میں سے ہے۔ چنانچہ میں اٹھ کر گیا اور ان سے کہا کہ انہوں نے ایسے ایسے کہا ہے۔ وہ کہنے لگا سبحان اللہ حضرت عبداللہؓ نے کہا سبحان اللہ! ان کے لئے مناسب نہیں تھا کہ وہ ایسی بات کہتے جس کا انہیں علم نہیں۔ صرف اتنی بات ہے میں نے دیکھا کہ سرسبز باغ میں گویا ایک ستون رکھا گیا ہے اور اسے اس میں نصب کیا گیا ہے اور اس کے اوپر کے سرے پر ایک کڑا ہے اور اس کے نیچے ایک مِنصَف ہے۔ مِنصَف سے مراد خدمت گزار ہے۔ مجھ سے کہا گیا کہ اس پر چڑھو چنانچہ میں چڑھتا گیا یہانتک کہ میں نے کڑے کو پکڑ لیا۔ میں نے اسے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بیان کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عبداللہؓ اس حال میں مرے گا کہ وہ ''اَلْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی'' (مضبوط کڑے) کو پکڑے ہوئے ہوگا۔

4523 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن سلام 4522، 4524

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب عبد الله بن سلام 3813 کتاب التعبیر باب الخضر فی المنام والروضة الخضراء 7010 باب التعلیق بالعروة والحلقة 7014 ابن ماجه کتاب تعبیر الرؤیا باب تعبیر الرؤیا 3920

4524{150}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِي حَلَقَةٍ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ قَالَ وَفِيهَا شَيْخٌ حَسَنُ الْهَيْئَةِ وَهُوَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ قَالَ فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُمْ حَدِيثًا حَسَنًا قَالَ فَلَمَّا قَامَ قَالَ الْقَوْمُ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا قَالَ فَقُلْتُ وَاللَّهِ لَأَتْبَعَنَّهُ فَلَأَعْلَمَنَّ مَكَانَ بَيْتِهِ قَالَ فَتَبِعْتُهُ فَانْطَلَقَ حَتَّى كَادَ أَنْ يَخْرُجَ مِنَ الْمَدِينَةِ ثُمَّ دَخَلَ مَنْزِلَهُ قَالَ فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَأَذِنَ لِي فَقَالَ مَا حَاجَتُكَ يَا ابْنَ أَخِي قَالَ فَقُلْتُ لَهُ سَمِعْتُ الْقَوْمَ يَقُولُونَ لَكَ لَمَّا قُمْتَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا فَأَعْجَبَنِي أَنْ أَكُونَ مَعَكَ قَالَ اللَّهُ أَعْلَمُ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ وَسَأُحَدِّثُكَ مِمَّ قَالُوا ذَاكَ إِنِّي بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ أَتَانِي رَجُلٌ فَقَالَ لِي قُمْ فَأَخَذَ بِيَدِي

4524: خَرَشَہ بن حُرّ بیان کرتے ہیں کہ میں مدینہ کی مسجد میں ایک حلقہ میں بیٹھا تھا۔ وہ کہتے ہیں اس میں ایک خوبصورت شکل کے بزرگ بھی تھے اور وہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ انہیں اچھی اچھی باتیں بتانے لگے۔ وہ کہتے ہیں جب وہ کھڑے ہوئے تو لوگوں نے کہا کہ جو چاہتا ہے کہ اہل جنت میں سے کسی کو دیکھے تو اسے چاہئے کہ ان کو دیکھ لے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں ضرور ان کے پیچھے جاؤں گا اور ان کے گھر کی جگہ معلوم کروں گا۔ وہ کہتے ہیں چنانچہ میں ان کے پیچھے پیچھے گیا وہ چلتے گئے یہانتک کہ قریب تھا کہ وہ شہر سے باہر نکل جائیں اور وہ اپنے گھر میں داخل ہوئے۔ وہ کہتے ہیں تو میں نے ان سے (اندر آنے کی) اجازت مانگی۔ انہوں نے مجھے اجازت دی اور کہا اے میرے بھتیجے! تجھے کیا کام ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے ان سے کہا کہ جب آپؓ کھڑے ہو گئے تو میں نے لوگوں کو آپؓ کے بارہ میں کہتے ہوئے سنا کہ جو چاہتا ہے کہ اہل جنت میں سے کسی آدمی کو دیکھے تو انہیں دیکھ لے۔ مجھے یہ اچھا لگا کہ میں آپؓ کے ساتھ رہوں۔ انہوں نے کہا کہ اہل جنت کو اللہ بہتر جانتا ہے۔ ہاں میں تمہیں یہ ضرور بتاؤں گا کہ انہوں نے

4524 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عبد الله بن سلام 4522، 4523

تخریج : **بخاری** مناقب عبد الله بن سلام 3813 کتاب التعبیر باب الخضر فی المنام والروضة الخضراء 7010 باب التعلیق بالعروة والحلقة 7014 **ابن ماجه** کتاب تعبیر الرؤیا باب تعبیر الرؤیا 3920

فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ قَالَ فَإِذَا أَنَا بِجَوَادَّ عَنْ شِمَالِي قَالَ فَأَخَذْتُ لِآخُذَ فِيهَا فَقَالَ لِي لَا تَأْخُذْ فِيهَا فَإِنَّهَا طُرُقُ أَصْحَابِ الشِّمَالِ قَالَ فَإِذَا جَوَادُّ مَنْهَجٌ عَلَى يَمِينِي فَقَالَ لِي خُذْ هَاهُنَا فَأَتَى بِي جَبَلًا فَقَالَ لِيَ اصْعَدْ قَالَ فَجَعَلْتُ إِذَا أَرَدْتُ أَنْ أَصْعَدَ خَرَرْتُ عَلَى اسْتِي قَالَ حَتَّى فَعَلْتُ ذَلِكَ مِرَارًا قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى أَتَى بِي عَمُودًا رَأْسُهُ فِي السَّمَاءِ وَأَسْفَلُهُ فِي الْأَرْضِ فِي أَعْلَاهُ حَلْقَةٌ فَقَالَ لِيَ اصْعَدْ فَوْقَ هَذَا قَالَ قُلْتُ كَيْفَ أَصْعَدُ هَذَا وَرَأْسُهُ فِي السَّمَاءِ قَالَ فَأَخَذَ بِيَدِي فَزَجَلَ بِي قَالَ فَإِذَا أَنَا مُتَعَلِّقٌ بِالْحَلْقَةِ قَالَ ثُمَّ ضَرَبَ الْعَمُودَ فَخَرَّ قَالَ وَبَقِيتُ مُتَعَلِّقًا بِالْحَلْقَةِ حَتَّى أَصْبَحْتُ قَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ فَقَالَ أَمَّا الطُّرُقُ الَّتِي رَأَيْتَ عَنْ يَسَارِكَ فَهِيَ طُرُقُ أَصْحَابِ الشِّمَالِ قَالَ وَأَمَّا الطُّرُقُ الَّتِي رَأَيْتَ عَنْ يَمِينِكَ فَهِيَ طُرُقُ أَصْحَابِ الْيَمِينِ وَأَمَّا الْجَبَلُ فَهُوَ مَنْزِلُ الشُّهَدَاءِ وَلَنْ تَنَالَهُ وَأَمَّا

کیوں یہ بات کی ہے۔اس دوران میں کہ میں سو رہا تھا کہ میرے پاس ایک آدمی آیا اس نے مجھے کہا کہ کھڑے ہو جاؤ پھر اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور میں اس کے ساتھ چل پڑا۔انہوں نے کہا کیا دیکھتا ہوں کہ میرے بائیں طرف وسیع راستے ہیں۔وہ کہتے ہیں میں ان میں جانے لگا تو اس نے مجھے کہا کہ ان میں مت جاؤ کہ یہ بائیں طرف والوں کے رستے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کچھ کھلے رستے ہیں اور ایک واضح راستہ میرے دائیں طرف ہے۔اس نے مجھے کہا کہ اس پر چلو۔پھر وہ مجھے ایک پہاڑ کے پاس لے گیا اور مجھے کہا کہ اس پر چڑھو۔انہوں نے کہا میں (چڑھنے) لگا جب بھی میں چڑھنے لگتا پشت کے بل گر جاتا۔میں نے کئی بار ایسا کیا۔انہوں نے کہا پھر وہ مجھے لے کر چلا یہانتک کہ وہ مجھے ایک ستون کے پاس لے گیا جس کا اوپر کا سرا آسمان میں تھا اور اسکا نچلا حصہ زمین میں تھا اور اس کے اوپر ایک کڑا تھا اس نے مجھے کہا اس پر چڑھ جاؤ۔وہ کہتے ہیں میں نے کہا میں اس پر کیسے چڑھوں،اس کا اوپر کا سرا تو آسمان میں ہے۔وہ کہتے ہیں پھر اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اچھالا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں نے دیکھا کہ میں اس کڑے سے لٹک رہا ہوں۔پھر اس نے ستون پر ضرب لگائی تو وہ گر گیا لیکن میں اس کڑے سے لٹکا رہا یہانتک کہ صبح ہوگئی۔وہ کہتے ہیں پھر میں نبی ﷺ کی خدمت میں

الْعَمُودُ فَهُوَ عَمُودُ الْإِسْلَامِ وَأَمَّا الْعُرْوَةُ فَهِيَ عُرْوَةُ الْإِسْلَامِ وَلَنْ تَزَالَ مُتَمَسِّكًا بِهَا حَتَّى تَمُوتَ [6383]

حاضر ہوا اور آپؐ سے ساری بات بیان کی۔ آپؐ نے فرمایا جہاں تک ان رستوں کا تعلق ہے جو تم نے اپنے بائیں طرف دیکھے وہ بائیں طرف والوں کے رستے ہیں۔ جہاں تک ان رستوں کا تعلق ہے جو تم نے اپنے دائیں طرف دیکھے وہ دائیں طرف والوں کے رستے ہیں اور جو پہاڑ ہے وہ شہداء کی منزل ہے جسے تم نہیں پاؤ گے۔ رہا ستون، وہ اسلام کا ستون ہے جو کڑا ہے وہ بھی اسلام کا کڑا ہے جسے تم ہمیشہ تھامے رکھو گے یہاں تک کہ تمہیں موت آجائے گی۔

[34]80: بَاب فَضَائِلِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان

4525{151} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ كُلُّهُمْ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ عُمَرَ مَرَّ بِحَسَّانَ وَهُوَ يُنْشِدُ الشِّعْرَ فِي الْمَسْجِدِ فَلَحَظَ إِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ كُنْتُ أُنْشِدُ وَفِيهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ أَنْشُدُكَ اللَّهَ أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَجِبْ عَنِّي اللَّهُمَّ أَيِّدْهُ

4525: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ، حضرت حسانؓ کے پاس سے گزرے اور وہ مسجد میں شعر پڑھ رہے تھے تو انہوں (حضرت عمرؓ) نے اُن (حضرت حسانؓ) کی طرف دیکھا تو انہوں نے کہا کہ میں تو اس وقت بھی شعر پڑھا کرتا تھا جب اس میں آپؓ سے بہتر موجود تھے۔ پھر وہ حضرت ابو ہریرہؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری طرف سے جواب دو اے اللہ!

4525 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل حسان بن ثابت 4526

تخریج : **بخاری** کتاب الصلاة باب الشعر فی المسجد 453 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3212 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6152 کتاب التفسیر باب یعظکم الله ان تعودوا 4755 باب ویبین الله لکم الأیات ... 4756 **نسائی** کتاب المساجد الرخصة فی انشاء الشعر الحسن فی المسجد 716

بِرُوحِ الْقُدُسِ قَالَ اللَّهُمَّ نَعَمْ حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ حَسَّانَ قَالَ فِي حَلْقَةٍ فِيهِمْ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنْشُدُكَ اللَّهَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ [6385,6384]

روح القدس سے اس کی تائید فرما۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں اللہ کی قسم ہاں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت حسانؓ نے اس مجلس میں جس میں حضرت ابو ہریرہؓ بھی موجود تھے کہا کہ میں آپؓ کو اے ابو ہریرہؓ! اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔ باقی روایت اسی طرح ہے۔

4526{152}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهُ سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيَّ يَسْتَشْهِدُ أَبَا هُرَيْرَةَ أَنْشُدُكَ اللَّهَ هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَا حَسَّانُ أَجِبْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ نَعَمْ [6386]

4526: ابوسلمہ بن عبدالرحمان کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت حسانؓ بن ثابت انصاری کو سنا۔ وہ (حضرت حسانؓ بن ثابت) حضرت ابو ہریرہؓ سے گواہی طلب کرتے ہوئے کہہ رہے تھے میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپؓ نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے؟ ”اے حسان! رسول اللہ ﷺ کی طرف سے (ہجو کا) جواب دو۔ اے اللہ! روح القدس سے اس کی مدد فرما“ انہوں نے کہا ہاں۔

4527{153}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4527: حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت حسان بن ثابتؓ سے فرماتے ہوئے سنا کہ ان کی ہجو کرو، جبرئیل تمہارے ساتھ ہے۔

4526 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل حسان بن ثابت 4525

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب الشعر فی المسجد 453 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3212 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6152 کتاب التفسیر باب یعظکم الله ان تعودوا 4755 باب ویبین الله لکم الأیات ... 4756 نسائی کتاب المساجد الرخصة فی انشاء الشعر الحسن فی المسجد 716

4527 : تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3213 کتاب المغازی باب مرجع النبیؐ من الاحزاب .....4123 ، 4124 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6153

يَقُولُ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ اهْجُهُمْ أَوْ هَاجِهِمْ وَجِبْرِيلُ مَعَكَ حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ ح و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[6388,6387]

4528{154}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ مِمَّنْ كَثَّرَ عَلَى عَائِشَةَ فَسَبَبْتُهُ فَقَالَتْ يَا ابْنَ أُخْتِي دَعْهُ فَإِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَاه عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[6390,6389]

4528: ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حسان بن ثابتؓ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے حضرت عائشہؓ کے بارہ میں بہت باتیں بنائیں تھیں۔ چنانچہ میں نے انہیں برا بھلا کہا حضرت عائشہؓ نے کہا اے میرے بھانجے! اسے چھوڑ دو کیونکہ یہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے دفاع کیا کرتا تھا۔

4529{155}حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ

4529: مسروق سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہؓ کے پاس گیا تو ان کے پاس حضرت حسان بن ثابتؓ تھے اور ان کو شعر پڑھ کر سُنا رہے تھے اور اپنے

4528 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل حسان بن ثابت 4529 ، 4530

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب من احب ن لا یب نسبه 3531 کتاب المغازی باب حدیث الافک 4141 ، 4145، 4145 کتاب التفسیر باب ویبین الله لکم الأیات ... 5756 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6150ترمذی کتاب الادب باب ما جاء فی انشاء الشعر 2846 ابوداؤد کتاب الادب باب ما جاء فی الشعر 5015

4529 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل حسان بن ثابت 4528 ،4530

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب من احب ن لا یب نسبه 3531 کتاب المغازی باب حدیث الافک 4141 ، 4145، 4145 کتاب التفسیر باب ویبین الله لکم الأیات ... 5756 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6150ترمذی کتاب الادب باب ما جاء فی انشاء الشعر 2846 ابوداؤد کتاب الادب باب ما جاء فی الشعر 5015

دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ وَعِنْدَهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يُنْشِدُهَا شِعْرًا يُشَبِّبُ بِأَبْيَاتٍ لَهُ فَقَالَ

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ
وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ لَكِنَّكَ لَسْتَ كَذَلِكَ قَالَ مَسْرُوقٌ فَقُلْتُ لَهَا لِمَ تَأْذَنِينَ لَهُ يَدْخُلُ عَلَيْكِ وَقَدْ قَالَ اللَّهُ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ فَقَالَتْ فَأَيُّ عَذَابٍ أَشَدُّ مِنَ الْعَمَى إِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ أَوْ يُهَاجِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَاه ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ قَالَتْ كَانَ يَذُبُّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ حَصَانٌ رَزَانٌ [6392,6391]

اشعار کے ذریعہ اچھی صفات بیان کر رہے تھے وہ کہہ رہے تھے

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ
وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

یعنی وہ پاکدامن اور باوقار ہیں۔ان پر کوئی الزام نہیں لگایا جا سکتا اور وہ صبح اس حال میں کرتی ہیں کہ سادہ معصوم عورتوں کے گوشت سے خالی پیٹ ہوتی ہیں (یعنی ان کی غیبت نہیں کرتیں) اس پر حضرت عائشہؓ نے ان سے فرمایا لیکن تم تو ایسے نہیں ہو۔مسروق کہتے ہیں میں نے آپؓ (حضرت عائشہؓ) سے کہا آپؓ ان (حسانؓ) کو اپنے ہاں آنے کی اجازت کیوں دیتی ہیں اور اللہ نے فرمایا ہے کہ جو اُن میں سے بڑے گناہ کا مرتکب ہوا اس کے لئے بڑا عذاب ہے☆ تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نابینائی سے زیادہ شدید عذاب کیا ہوسکتا ہے۔یہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مدافعت یا کہا ہجو کرتے تھے۔

ایک اور روایت میں (يُنَافِحُ أَوْ يُهَاجِي کی بجائے) يَذُبُّ کے الفاظ ہیں اور حَصَانٌ رَزَانٌ کا ذکر نہیں۔

4530{...} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّاءَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ

4530: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضرت حسانؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! مجھے ابو سفیان کے بارہ میں

☆سورۃ النور: 12

4530 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل حسان بن ثابت 4528، 4529 =

عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ حَسَّانُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ائْذَنْ لِي فِي أَبِي سُفْيَانَ قَالَ كَيْفَ بِقَرَابَتِي مِنْهُ قَالَ وَالَّذِي أَكْرَمَكَ لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْخَمِيرِ فَقَالَ حَسَّانُ

وَإِنَّ سَنَامَ الْمَجْدِ مِنْ آلِ هَاشِمٍ
بَنُو بِنْتِ مَخْزُومٍ وَوَالِدُكَ الْعَبْدُ

قَصِيدَتَهُ هَذِهِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَتِ اسْتَأْذَنَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هِجَاءِ الْمُشْرِكِينَ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبَا سُفْيَانَ وَقَالَ بَدَلَ الْخَمِيرِ الْعَجِينِ [6394,6393]

4531{157} حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي هِلَالٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اهْجُوا قُرَيْشًا فَإِنَّهُ أَشَدُّ عَلَيْهَا

اجازت دیجئے۔آپؐ نے فرمایا اس قرابت کا کیا ہوگا جو میری اس سے ہے؟ انہوں نے کہا قسم ہے اس کی جس نے آپؐ کو عزت دی میں آپؐ کو ضرور ان میں سے اس طرح نکال لوں گا جیسے خمیر میں سے بال نکالا جاتا ہے۔اور حضرت حسانؓ نے یہ قصیدہ کہا آل ہاشم میں سے سب سے بزرگ بنو بنتِ مخزوم ہیں اور تیرا باپ (اے ابوسفیان!) غلام ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں کہ حضرت حسانؓ بن ثابت نے نبی ﷺ سے مشرکین کی ہجو کی اجازت چاہی اور اس روایت میں ابوسفیان کا ذکر نہیں ہے اور اَلْخَمِیْر کی بجائے اَلْعَجِیْن (یعنی گوندھا ہوا آٹا) کے الفاظ ہیں۔

4531: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قریش کی ہجو کا جواب دو کیونکہ وہ ان پر تیروں کی مار سے زیادہ گراں ہے۔ پھر آپؐ نے حضرت ابن رواحہؓ کو بلا بھیجا اور فرمایا کہ ان کی ہجو کرو۔ چنانچہ حضرت ابن رواحہؓ نے ان کی ہجو کی لیکن آپؐ کو پسند نہ آئی۔ پھر آپؐ نے حضرت کعب بن مالکؓ کو بلا بھیجا پھر حضرت حسان بن ثابتؓ کو بلا بھیجا چنانچہ

=**تخریج : بخاری** کتاب المناقب باب من احب ان لا یسب نسبه 3531 کتاب المغازی باب حدیث الافک 4141، 4145، 4145 کتاب التفسیر باب ویبین الله لکم الأیات ... 5756 کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6150 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی انشاء الشعر 2846 **ابوداؤد** کتاب الادب باب ما جاء فی الشعر 5015

4531 : تخریج : بخاری کتاب الادب باب هجاء المشرکین 6150 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی انشاء الشعر 2846 **ابوداؤد** کتاب الادب باب ما جاء فی الشعر 5015

مِنْ رَشْقٍ بِالنَّبْلِ فَأَرْسَلَ إِلَى ابْنِ رَوَاحَةَ فَقَالَ اهْجُهُمْ فَهَجَاهُمْ فَلَمْ يُرْضِ فَأَرْسَلَ إِلَى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ حَسَّانُ قَدْ آنَ لَكُمْ أَنْ تُرْسِلُوا إِلَى هَذَا الْأَسَدِ الضَّارِبِ بِذَنَبِهِ ثُمَّ أَدْلَعَ لِسَانَهُ فَجَعَلَ يُحَرِّكُهُ فَقَالَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَفْرِيَنَّهُمْ بِلِسَانِي فَرْيَ الْأَدِيمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَعْجَلْ فَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ أَعْلَمُ قُرَيْشٍ بِأَنْسَابِهَا وَإِنَّ لِي فِيهِمْ نَسَبًا حَتَّى يُلَخِّصَ لَكَ نَسَبِي فَأَتَاهُ حَسَّانُ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَدْ لَخَّصَ لِي نَسَبَكَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِينِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِحَسَّانَ إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفَى وَاشْتَفَى قَالَ حَسَّانُ

جب وہ آپؐ کے پاس آئے تو حضرت حسانؓ نے کہا کہ اب آپ لوگوں کے لئے وہ وقت آ گیا ہے کہ تم اس شیر کو بلا بھیجو جو اپنی دم ہلاتا ہے۔ پھر انہوں نے اپنی زبان نکالی اور اسے ہلانے لگے اور کہا اس کی قسم! جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں ضرور اپنی زبان سے انہیں چمڑے کے کاٹنے کی طرح کاٹ کر رکھ دوں گا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جلدی مت کرو، ابوبکرؓ قریش کے نسب سے سب سے زیادہ واقف ہیں اور میرا نسب بھی ان میں ہے یہانتک کہ وہ تمہیں میرا نسب واضح نہ کر دیں۔ چنانچہ حضرت حسانؓ ان کے پاس گئے اور واپس آئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ابوبکرؓ نے مجھے آپ کا نسب وضاحت سے بتا دیا ہے۔ اس کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں ضرور آپؐ کو ان سے اس طرح نکال لوں گا جیسے آٹے میں سے بال نکالا جاتا ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کو حسانؓ سے فرماتے ہوئے سنا کہ جب تک تم اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے مدافعت کرتے رہو گے یقیناً اس وقت تک روح القدس تمہاری تائید کرتا رہے گا۔ وہ فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا حسانؓ نے ان کی ہجو کی اور تسلی کر دی اور تسلی پا لی۔

حضرت حسانؓ نے کہا:

1: هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَأَجَبْتُ عَنْهُ
وَ عِنْدَ اللَّهِ فِي ذَاكَ الْجَزَاءُ

1: تو نے محمدؐ کی ہجو کی تو میں نے ان کی طرف سے جواب دیا اور اس کا بدلہ تو اللہ کے پاس ہی ہے۔

2: هَجَوْتَ مُحَمَّدًا بَرًّا حَنِيفًا
رَسُولَ اللَّهِ شِيمَتُهُ الْوَفَاءُ

2: تو نے محمدؐ کی ہجو کی جو اعلیٰ درجہ کے نیک اور حنیف اور اللہ کے رسولؐ ہیں اور وفاداری آپؐ کی سرشت ہے۔

3: فَإِنَّ أَبِي وَ وَالِدَتِيْ وَ عِرْضِي
لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

3: میرا باپ، میری ماں اور میری اپنی عزت تمہارے (حملوں سے) محمدؐ کی عزت کے لئے ڈھال ہیں۔

4: ثَكِلْتُ بُنَيَّتِي إِنْ لَمْ تَرَوْهَا
تُثِيرُ النَّقْعَ مِنْ كَنَفَيْ كَدَاءِ

4: میں اپنی پیاری بیٹی پر روؤں اگر تم کداء کی دونوں طرف سے ان گھوڑوں کو غبار اُڑاتا نہ دیکھو۔

5: يُبَارِينَ الْأَعِنَّةَ مُصْعِدَاتٍ
عَلَى أَكْتَافِهَا الْأَسَلُ الظِّمَاءُ

5: وہ (گھوڑے) اوپر چڑھتے ہوئے اپنی باگوں سے مقابلہ کرتے ہیں اور ان کے کندھوں پر پیاسے نیزے ہیں۔

6: تَظَلُّ جِيَادُنَا مُتَمَطِّرَاتٍ
تُلَطِّمُهُنَّ بِالْخُمُرِ النِّسَاءُ

6: ہمارے گھوڑے تیزی سے ایک دوسرے پر سبقت لیتے جائیں گے (اور تمہاری) عورتیں اپنی اوڑھنیوں سے ان کے منہ پر مار کر ہٹانے کی کوشش کریں گی۔

7: فَإِنْ أَعْرَضْتُمُو عَنَّا اعْتَمَرْنَا
وَكَانَ الْفَتْحُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ

7: پس اگر تم ہمارے راستہ سے ہٹ جاؤ تو ہم عمرہ کر لیں گے فتح ہو جائے گی اور پردہ ہٹ جائے گا۔

8: وَإِلَّا فَاصْبِرُوا لِضِرَابِ يَوْمٍ
يُعِزُّ اللَّهُ فِيهِ مَنْ يَشَاءُ

8: ورنہ پھر اس دن کی لڑائی کے لئے انتظار کرو جس دن اللہ جسے چاہے گا عزت دے گا۔

9: وَقَالَ اللَّهُ قَدْ أَرْسَلْتُ عَبْدًا
يَقُولُ الْحَقَّ لَيْسَ بِهِ خَفَاءُ

9: اللہ فرماتا ہے کہ میں نے ایسا بندہ بھیجا ہے وہ سچ کہتا ہے اس میں کوئی اخفا نہیں ہے۔

10: وَقَالَ اللَّهُ قَدْ يَسَّرْتُ جُنْدًا
هُمُ الْأَنْصَارُ عُرْضَتُهَا اللِّقَاءُ

10: اللہ فرماتا ہے کہ میں نے ایک لشکر تیار کیا ہے جو انصار ہیں ان کا مقصد (دشمن سے) مڈبھیڑ ہے۔

11: يُلَا قِي كُلَّ يَوْمٍ مِنْ مَعَدٍّ سِبَابٌ أَوْ قِتَالٌ أَوْ هِجَاءُ

11: اس کو ہر روز معد (قبیلہ) کی طرف سے گالی گلوچ یا لڑائی یا ہجو کا سامنا رہتا ہے۔

12: فَمَنْ يَهْجُو رَسُولَ اللَّهِ مِنْكُمْ وَيَمْدَحُهُ وَ يَنْصُرُهُ سَوَاءُ

12: پس جو تم میں سے رسول اللہ ﷺ کی ہجو کرے اور جو آپؐ کی تعریف و نصرت کرے برابر ہو سکتے ہیں؟

13: وَجِبْرِيلٌ رَسُولُ اللَّهِ فِينَا وَرُوحُ الْقُدْسِ لَيْسَ لَهُ كِفَاءُ

13: اور ہم میں جبریل اللہ کے رسول ہیں اور روح القدس ہے جس کا کوئی ہم پلہ نہیں ہے۔

[6395]

[35]81: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي هُرَيْرَةَ الدَّوْسِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابو ہریرہ دوسی رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4532{158}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي كَثِيرٍ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ أَدْعُو أُمِّي إِلَى الْإِسْلَامِ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فَدَعَوْتُهَا يَوْمًا فَأَسْمَعَتْنِي فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَكْرَهُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي كُنْتُ أَدْعُو أُمِّي إِلَى الْإِسْلَامِ فَتَأْبَى عَلَيَّ فَدَعَوْتُهَا الْيَوْمَ فَأَسْمَعَتْنِي فِيكَ مَا أَكْرَهُ فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يَهْدِيَ أُمَّ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ

4532: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی ماں کو اسلام کی طرف بلایا کرتا تھا وہ مشرکہ تھی چنانچہ ایک روز جب میں نے انہیں دعوت دی تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں مجھے وہ سنایا جسے میں ناپسند کرتا تھا۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں رو رہا تھا۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں اپنی ماں کو اسلام کی دعوت دیا کرتا ہوں لیکن وہ میری نہیں مانتی۔ چنانچہ آج میں نے انہیں دعوت دی تو انہوں نے مجھے آپؐ کے بارہ میں وہ سنایا جسے میں ناپسند کرتا ہوں۔ آپؐ اللہ سے دعا کریں کہ وہ ابو ہریرہ کی ماں کو ہدایت دے دے۔

4532 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابو هريرة الدوسى 4533، 4534

تخريج : بخارى كتاب العلم باب حفظ العلم 118، 119 كتاب البيوع باب ما جاء فى قول الله تعالىٰ فاذا قضيت الصلوة فانتشروا فى الارض 2047 الحرث والمزارعة باب ما جاء فى الغرس 2350 كتاب المنافقين باب سؤال المشركين 3648 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب الحجة من قال ان احكام النبى ﷺ كانت ظاهرة 7354 ترمذى كتاب المناقب باب مناقب ابى هريرة 3834، 3835

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ اهْدِ أُمَّ أَبِي هُرَيْرَةَ فَخَرَجْتُ مُسْتَبْشِرًا بِدَعْوَةِ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا جِئْتُ فَصِرْتُ إِلَى الْبَابِ فَإِذَا هُوَ مُجَافٌ فَسَمِعَتْ أُمِّي خَشْفَ قَدَمَيَّ فَقَالَتْ مَكَانَكَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ وَسَمِعْتُ خَضْخَضَةَ الْمَاءِ قَالَ فَاغْتَسَلَتْ وَلَبِسَتْ دِرْعَهَا وَعَجِلَتْ عَنْ خِمَارِهَا فَفَتَحَتِ الْبَابَ ثُمَّ قَالَتْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَرَجَعْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ وَأَنَا أَبْكِي مِنَ الْفَرَحِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَبْشِرْ قَدِ اسْتَجَابَ اللَّهُ دَعْوَتَكَ وَهَدَى أُمَّ أَبِي هُرَيْرَةَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَقَالَ خَيْرًا قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يُحَبِّبَنِي أَنَا وَأُمِّي إِلَى عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ وَيُحَبِّبَهُمْ إِلَيْنَا قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ حَبِّبْ عُبَيْدَكَ هَذَا يَعْنِي أَبَا هُرَيْرَةَ وَأُمَّهُ إِلَى عِبَادِكَ الْمُؤْمِنِينَ وَحَبِّبْ إِلَيْهِمُ الْمُؤْمِنِينَ فَمَا خُلِقَ مُؤْمِنٌ يَسْمَعُ بِي وَلَا يَرَانِي إِلَّا أَحَبَّنِي [6396]

اس پر رسول اللہ ﷺ نے دعا کی اے اللہ! ابو ہریرہ کی ماں کو ہدایت دے دے۔ میں رسول اللہ ﷺ کی دعا کی وجہ سے خوشی خوشی باہر نکلا۔ جب میں آیا اور دروازہ کے قریب ہوا تو وہ بند تھا جب میری ماں نے میرے قدموں کی چاپ سنی تو کہا اے ابو ہریرہ! اپنی جگہ پر رہو، اور میں نے پانی کی آواز سنی۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے غسل کیا اپنے کپڑے پہنے اور جلدی میں اپنی اوڑھنی (بھی) نہ لی اور انہوں نے دروازہ کھول دیا اور کہا اے ابو ہریرہ! میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتی ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسولؐ ہیں۔ وہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس گیا اور میں آپؐ کے پاس آیا تو میں خوشی سے رو رہا تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! آپؐ کو خوشخبری ہو، اللہ نے آپؐ کی دعا سن لی ہے اور ابو ہریرہ کی ماں کو ہدایت دے دی ہے۔ آپؐ نے اللہ کی حمد و ثناء کی اور آپؐ نے بہت اچھی اچھی باتیں فرمائیں۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! دعا کریں کہ اللہ اپنے مومن بندوں (کے دلوں) میں میری اور میری ماں کی محبت ڈال دے اور ہمارے دلوں میں ان کی محبت ڈال دے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے کہا اے اللہ! اپنے اس پیارے بندہ — یعنی ابو ہریرہؓ —

اور اس کی ماں کی محبت اپنے مومن بندوں کے دلوں میں ڈال دے اور ان کے دلوں میں مومنوں کی محبت ڈال دے۔ پس کوئی مومن پیدا نہیں کیا گیا جو میرے بارہ میں سنے اور مجھے نہ دیکھا ہو مگر وہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔

4533{159}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْأَعْرَجِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ إِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهُ الْمَوْعِدُ كُنْتُ رَجُلًا مِسْكِينًا أَخْدُمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِلْءِ بَطْنِي وَكَانَ الْمُهَاجِرُونَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ يَشْغَلُهُمُ الْقِيَامُ عَلَى أَمْوَالِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَبْسُطْ ثَوْبَهُ فَلَنْ يَنْسَى شَيْئًا

4533: حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا یقیناً تم سمجھتے ہو کہ ابو ہریرہؓ رسول اللہ ﷺ سے بہت زیادہ روایت کرتا ہے۔ اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے۔ میں تو ایک مسکین شخص تھا جو روکھی سوکھی کھا کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ مہاجرؓ بازاروں میں تجارت میں مشغول رہتے، انصارؓ کو ان کے اموال کی نگرانی روکے رکھتی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اپنا کپڑا پھیلائے گا وہ جو بات مجھ سے سنے گا ہرگز نہیں بھولے گا تو میں نے اپنا کپڑا پھیلا دیا یہانتک کہ آپؐ نے اپنی بات مکمل کر لی پھر میں نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا۔ پھر میں کوئی بات نہ بھولا جو میں نے حضورؐ سے سنی۔

ایک اور روایت میں مَنْ يَبْسُطُ ثَوْبَهُ اِلَى آخِرِه کے الفاظ نہیں ہیں۔

4533 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابو هريرة الدوسى 4532، 4534

تخريج : **بخارى** كتاب العلم باب حفظ العلم 118، 119 كتاب البيوع باب ما جاء فى قول الله تعالىٰ فاذا قضيت الصلوة فانتشروا فى الارض 2047 الحرث والمزارعة باب ما جاء فى الغرس 2350 كتاب المنافقين باب سؤال المشركين 3648 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب الحجة من قال ان احكام النبى ﷺ كانت ظاهرة 7354 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب ابى هريرة 3834، 3835

سَمِعَهُ مِنِّي فَبَسَطْتُ ثَوْبِي حَتَّى قَضَى حَدِيثَهُ ثُمَّ ضَمَمْتُهُ إِلَيَّ فَمَا نَسِيتُ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْهُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مَعْنٌ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ بِهَذَا الْحَدِيثِ غَيْرَ أَنَّ مَالِكًا انْتَهَى حَدِيثُهُ عِنْدَ انْقِضَاءِ قَوْلِ أَبِي هُرَيْرَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي حَدِيثِهِ الرِّوَايَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَبْسُطْ ثَوْبَهُ إِلَى آخِرِهِ[6398,6397]

4534{160} وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ أَلَا يُعْجِبُكَ أَبُو هُرَيْرَةَ جَاءَ فَجَلَسَ إِلَى جَنْبِ حُجْرَتِي يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْمِعُنِي ذَلِكَ وَكُنْتُ أُسَبِّحُ فَقَامَ قَبْلَ أَنْ أَقْضِيَ سُبْحَتِي وَلَوْ أَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيثَ كَسَرْدِكُمْ[6399]

4534: عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کیا تمہیں یہ بات عجیب نہیں لگتی کہ حضرت ابوہریرہؓ آئے اور میرے حجرہ کے پہلو میں بیٹھ کر نبی ﷺ کی احادیث بیان کرنے لگے وہ مجھے سُنا رہے تھے اور میں نماز پڑھ رہی تھی۔ وہ میری نماز مکمل کرنے سے پہلے ہی اٹھ کر چلے گئے۔ اگر مجھے موقعہ ملتا تو میں ضرور انہیں جواب دیتی کہ رسول اللہ ﷺ یوں تم لوگوں کی طرح مسلسل جلدی جلدی باتیں نہیں کیا کرتے تھے۔

4534 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابو هريرة الدوسى 4532، 4533

تخريج : بخارى كتاب العلم باب حفظ العلم 118، 119 كتاب البيوع باب ما جاء فى قول الله تعالىٰ فاذا قضيت الصلوة ... 2047 الحرث والمزارعة باب ما جاء فى الغرس 2350 كتاب المنافقين باب سؤال المشركين 3648 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب الحجة من قال ان احكام النبى ﷺ كانت ظاهرة 7354 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب ابى هريرة 3834، 3835

4535{...} قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ يَقُولُونَ إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَدْ أَكْثَرَ وَاللَّهُ الْمَوْعِدُ وَيَقُولُونَ مَا بَالُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ لَا يَتَحَدَّثُونَ مِثْلَ أَحَادِيثِهِ وَسَأُخْبِرُكُمْ عَنْ ذَلِكَ إِنَّ إِخْوَانِي مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ يَشْغَلُهُمْ عَمَلُ أَرَضِيهِمْ وَإِنَّ إِخْوَانِي مِنَ الْمُهَاجِرِينَ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ وَكُنْتُ أَلْزَمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِلْءِ بَطْنِي فَأَشْهَدُ إِذَا غَابُوا وَأَحْفَظُ إِذَا نَسُوا وَلَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا أَيُّكُمْ يَبْسُطُ ثَوْبَهُ فَيَأْخُذُ مِنْ حَدِيثِي هَذَا ثُمَّ يَجْمَعُهُ إِلَى صَدْرِهِ فَإِنَّهُ لَمْ يَنْسَ شَيْئًا سَمِعَهُ فَبَسَطْتُ بُرْدَةً عَلَيَّ حَتَّى فَرَغَ مِنْ حَدِيثِهِ ثُمَّ جَمَعْتُهَا إِلَى صَدْرِي فَمَا نَسِيتُ بَعْدَ ذَلِكَ الْيَوْمِ شَيْئًا حَدَّثَنِي بِهِ وَلَوْلَا آيَتَانِ أَنْزَلَهُمَا اللَّهُ فِي كِتَابِهِ مَا حَدَّثْتُ شَيْئًا أَبَدًا إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى إِلَى آخِرِ الْآيَتَيْنِ و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

4535: ابن مسیّب سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ ابوہریرہؓ بہت (حدیثیں) بیان کرتے ہیں— خدا کے حضور حاضر ہونا ہے— اور وہ کہتے ہیں کہ مہاجرین اور انصار کو کیا ہوا کہ وہ تو ابوہریرہؓ کی طرح احادیث بیان نہیں کرتے۔ میں تمہیں بتاتا ہوں۔ میرے انصارؓ بھائیوں کو زمینداری کا کام مصروف رکھتا تھا اور میرے مہاجرؓ بھائی بازاروں میں تجارت میں مصروف رہتے اور میں روکھی سوکھی کھا کر رسول اللہ ﷺ سے چمٹا رہتا۔ پس جب وہ غائب ہوجاتے تو میں حاضر ہوتا جب وہ بھول جاتے تو میں یاد رکھتا۔ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے اپنا کپڑا کون پھیلائے گا؟ اور پھر مجھ سے یہ بات سنے گا پھر اس کپڑے کو اپنے سینہ کے ساتھ اکٹھا کرے گا تو وہ اس میں سے کچھ نہ بھولے گا جو اس نے سنا ہوگا میں نے اپنی چادر پھیلا دی یہانتک کہ آپؐ اپنی بات کہہ کر فارغ ہوگئے پھر اسے اکٹھا اپنے سینہ سے لگایا پھر اس دن کے بعد میں کچھ نہیں بھولا جو آپؐ نے مجھے بتایا اور اگر یہ دو آیتیں نہ ہوتیں جو اللہ نے اپنی کتاب میں نازل فرمائیں تو میں کسی سے کوئی حدیث بیان نہ کرتا۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ ...☆ یقیناً وہ لوگ جو اسے

4535: تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب الجاسوس 3007 باب اذا اضطر الرجل الى النظر ... 3081 كتاب المغازى باب فضل من شهد بدرا 3983 باب غزوة الفتح 4274 كتاب التفسير باب لا تتخذوا عدوى وعدوكم اولياء 4890 كتاب الاستئذان باب من نظر فى كتاب من يحذر على المسلمين 6259 كتاب استتابة المرتدين باب ما جاء فى المتاولين 6939 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة الممتحنة 3305 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب فى حكم الجاسوس اذا كان مسلما 2650

☆ **سورة البقرة : 160**

الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّكُمْ تَقُولُونَ إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [6400,6399]

چھپاتے ہیں جو ہم نے واضح نشانات اور کامل ہدایت میں سے نازل کیا۔۔۔دونوں آیتوں کے آخر تک☆۔ ایک اور روایت میں (قَالَ يَقُولُونَ اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَدْ أَكْثَرَ کی بجائے) قَالَ اِنَّكُمْ تَقُولُونَ اِنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيْثَ عَنْ رَسُوْلِ اللَّهِ ﷺ کے الفاظ ہیں۔

[36]82: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَهْلِ بَدْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَقِصَّةِ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ

اصحاب بدر رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل اور حاطبؓ بن ابی بلتعہ کے واقعہ کا بیان

4536{161} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي رَافِعٍ وَهُوَ كَاتِبُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَهُوَ يَقُولُ بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ فَقَالَ ائْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا

4536: عبید اللہ بن ابو رافع جو حضرت علیؓ کے کاتب تھے بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں — مجھے اور زبیرؓ اور مقدادؓ کو — بھیجا اور فرمایا کہ روضہ خاخ جاؤ، وہاں ایک شتر سوار عورت ہے اس کے پاس ایک خط ہے اس سے وہ لے لو۔ چنانچہ ہم چل پڑے۔ ہمارے گھوڑے ہمیں لے کر سرپٹ دوڑے۔ ہم اس عورت کے پاس پہنچے تو ہم نے کہا کہ وہ خط نکالو۔ اس نے کہا کہ میرے پاس تو کوئی خط نہیں ہے۔ ہم نے کہا کہ تم ضرور خط نکالو گی یا تمہیں

☆ البقرة: 160

4536 : تخريج: بخاری کتاب الجهاد والسير باب الجاسوس... 3007 باب اذا اضطر الرجل الى... 3081 كتاب المغازى باب فضل من شهد بدرًا 3983 باب غزوة الفتح وما بعث هاطب بن ابى بلتعة الى اهل مكة ...4274 كتاب تفسير القرآن باب لا تتخذوا عدوى وعدوكم ...4890 كتاب الاستئذان باب من نظر فى كتاب من يحذر... 6259 كتاب استتابة المرتدين باب ما جاء فى متأولين 6939 ترمذی كتاب المناقب باب فيمن سب اصحاب النبى ﷺ 3864

كِتَابٌ فَخُذُوهُ مِنْهَا فَانْطَلَقْنَا تَعَادَى بِنَا خَيْلُنَا فَإِذَا نَحْنُ بِالْمَرْأَةِ فَقُلْنَا أَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَا مَعِي كِتَابٌ فَقُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَأَتَيْنَا بِهِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا فِيهِ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ إِلَى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَاطِبُ مَا هَذَا قَالَ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِي قُرَيْشٍ قَالَ سُفْيَانُ كَانَ حَلِيفًا لَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا أَكَانَ مِمَّنْ كَانَ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ يَحْمُونَ بِهَا أَهْلِيهِمْ فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِي ذَلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيهِمْ أَنْ أَتَّخِذَ فِيهِمْ يَدًا يَحْمُونَ بِهَا قَرَابَتِي وَلَمْ أَفْعَلْهُ كُفْرًا وَلَا ارْتِدَادًا عَنْ دِينِي وَلَا رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَقَالَ عُمَرُ دَعْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللَّهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ

اپنے کپڑے اتارنے پڑیں گے۔ اُس نے وہ اپنے بالوں کے جوڑے سے نکالا تو ہم اس (خط) کو لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس (خط) میں تھا ''حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مکہ میں کچھ مشرکوں کی طرف''۔ اس میں انہوں نے ان کو رسول اللہ ﷺ کے ایک اہم معاملہ کی مخبری کی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے حاطب یہ کیا؟ حاطب نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپ میرے بارہ میں جلدی نہ کیجئے۔ میں قریش میں باہر سے آ کر ملا ہوا آدمی تھا۔ سفیان (راوی) کہتے ہیں وہ ان کے حلیف تھے لیکن ان میں سے نہیں تھے۔ آپؐ کے ساتھ جو مہاجر ہیں ان کی (اہل مکہ سے) رشتہ داریاں ہیں جن کی وجہ سے وہ ان کے اہل کی حفاظت کرتے ہیں میں نے پسند کیا کہ کیونکہ میرا ان کے ساتھ نسبی تعلق نہیں ہے میں ان سے کوئی احسان کروں جس کے سبب وہ میرے قریبی عزیزوں کی حفاظت کریں اور یہ بات میں نے کفر اور اپنے دین سے ارتداد کی وجہ سے نہیں کی اور نہ ہی اسلام کے بعد کفر پر راضی ہونے کی وجہ سے۔ نبی ﷺ نے فرمایا اس نے سچ کہا حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ آپؐ نے فرمایا یہ بدر میں موجود تھا اور تمہیں کیا پتہ کہ اللہ نے اہل بدر پر نگاہ ڈالی اور فرمایا کہ تم جو چاہو عمل کرو میں تمہیں

لَكُمْ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ أَبِي بَكْرٍ وَزُهَيْرٍ ذِكْرُ الْآيَةِ وَجَعَلَهَا إِسْحَقُ فِي رِوَايَتِهِ مِنْ تِلَاوَةِ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ ح و حَدَّثَنَا رِفَاعَةُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللَّهِ كُلُّهُمْ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا مَرْثَدٍ الْغَنَوِيَّ وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَكُلُّنَا فَارِسٌ فَقَالَ انْطَلِقُوا حَتَّى تَأْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا امْرَأَةً مِنَ الْمُشْرِكِينَ مَعَهَا كِتَابٌ مِنْ حَاطِبٍ إِلَى الْمُشْرِكِينَ فَذَكَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ [6402,6401]

بخش چکا ہوں۔ پھر اللہ عز وجل نے یہ آیت نازل فرمائی یَـاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عُدُوِّیْ ... اے لوگو جو ایمان لائے ہو میرے دشمن اور اپنے دشمن کو دوست نہ بناؤ۔☆

ایک روایت میں آیت (یَـاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا ...) کا ذکر نہیں اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور ابومرثد غنوی اور حضرت زبیر بن عوامؓ کو بھیجا اور ہم گھڑسوار تھے اور فرمایا جاؤ یہاں تک کہ تم روضۂ خاخ پہنچ جاؤ۔ وہاں مشرکوں میں سے ایک عورت ہوگی جس کے پاس حاطبؓ کا مشرکوں کی طرف لکھا ہوا خط ہوگا۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

4537{162}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ جَاءَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4537: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حاطبؓ کا غلام رسول اللہ ﷺ کے پاس حاطبؓ کی شکایت کرتے ہوئے آیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! حاطب ضرور بالضرور آگ میں داخل ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ

☆سورة الممتحنة: 2

4537 : تخریج : ابن ماجه كتاب الزهد باب ذكر البعث 4281

يَشْكُو حَاطِبًا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبْتَ لَا يَدْخُلُهَا فَإِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ [6403]

نے فرمایا تم نے غلط کہا ہے وہ اس میں داخل نہیں ہوگا کیونکہ وہ بدر اور حدیبیہ میں شامل تھا۔

[37]83:بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ أَهْلِ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

درخت والوں یعنی بیعت رضوان والوں کے کچھ فضائل کا بیان

4538{163} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي أُمُّ مُبَشِّرٍ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عِنْدَ حَفْصَةَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ أَحَدٌ الَّذِينَ بَايَعُوا تَحْتَهَا قَالَتْ بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ فَانْتَهَرَهَا فَقَالَتْ حَفْصَةُ وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا [6404]

4538: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت امّ مبشرؓ نے بتایا کہ انہوں نے نبی ﷺ کو حضرت حفصہؓ کے ہاں فرماتے ہوئے سنا کہ انشاء اللہ درخت والوں میں سے کوئی بھی جنہوں نے اس کے نیچے بیعت کی تھی آگ میں داخل نہیں ہوگا۔ اس پر حضرت حفصہؓ نے کہا کیوں نہیں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے انہیں سمجھایا۔ حضرت حفصہؓ نے عرض کیا (قرآن میں ہے) اِنْ مِنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا تم (ظالموں) میں سے کوئی نہیں مگر وہ ضرور اس پر اُترنے والا ہے۔[1] اس پر نبی ﷺ نے فرمایا اللہ عزوجل نے فرمایا ہے ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا... پھر ہم ان کو بچالیں گے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا اور ہم ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے چھوڑ دیں گے۔[2]

1 : سورة مريم : 72۔ 2 : سورة مريم : 73

4538 : تخريج : بخاری كتاب الوضوء باب استعمال فضل وضوء الناس 188باب الغسل والوضوء 196كتاب المغازی باب غزوة الطائف 4328

[38]84: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي مُوسَى وَأَبِي عَامِرٍ الْأَشْعَرِيَّيْنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ اور حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہما کے فضائل میں سے کچھ کا بیان

4539{164}حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْأَشْعَرِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ جَمِيعًا عَنْ أَبِي أُسَامَةَ قَالَ أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ عَنْ جَدِّهِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَازِلٌ بِالْجِعْرَانَةِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ وَمَعَهُ بِلَالٌ فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ أَلَا تُنْجِزُ لِي يَا مُحَمَّدُ مَا وَعَدْتَنِي فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْشِرْ فَقَالَ لَهُ الْأَعْرَابِيُّ أَكْثَرْتَ عَلَيَّ مِنْ أَبْشِرْ فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي مُوسَى وَبِلَالٍ كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ فَقَالَ إِنَّ هَذَا قَدْ رَدَّ الْبُشْرَى فَاقْبَلَا أَنْتُمَا فَقَالَا قَبِلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ ثُمَّ دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيهِ وَمَجَّ فِيهِ ثُمَّ قَالَ اشْرَبَا مِنْهُ وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوهِكُمَا

4539: حضرت ابوموسیٰ ؓ سے روایت ہے کہ میں نبی ﷺ کے پاس تھا جبکہ آپ ؐ جعرانہ میں — جو مکّہ اور مدینہ کے درمیان ہے — قیام فرما تھے۔ حضرت بلال ؓ آپ کے ساتھ تھے ایک اعرابی شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ محمد ؐ! کیا آپ مجھ سے اپنا کیا ہوا وعدہ پورا نہ فرمائیں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تمہیں خوشخبری ہو، اس پر بدوی کہنے لگا آپ مجھے "ابشر" بڑی دفعہ کہہ چکے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ حضرت ابوموسیٰ ؓ اور حضرت بلال ؓ کی طرف متوجہ ہوئے جیسے کوئی ناراض ہو اور فرمایا کہ اس نے بشارت کو رد کر دیا ہے۔ پس تم دونوں (یہ بشارت) قبول کر لو ان دونوں نے عرض کیا یا رسول ؐ اللہ! ہم نے قبول کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ایک پیالہ منگوایا جس میں پانی تھا۔ اس میں سے اپنے دونوں ہاتھ اور چہرہ دھویا اور اس سے کلی کی۔ پھر فرمایا تم دونوں اس میں سے پی لو اور دونوں اپنے چہروں اور سینوں پر انڈیل

4539 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب نزع السهم من البدن 2884 كتاب المغازی باب غزوة اوطاس 4323 كتاب الدعوات باب الدعاء عند الوضوء 6383

وَنُحُورِكُمَا وَأَبْشِرَا فَأَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا مَا أَمَرَهُمَا بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَتْهُمَا أُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ أَفْضِلَا لِأُمِّكُمَا مِمَّا فِي إِنَائِكُمَا فَأَفْضَلَا لَهَا مِنْهُ طَائِفَةً [6405]

لو اور خوش ہو جاؤ چنانچہ ان دونوں نے وہ پیالہ لیا اور ویسے ہی کیا جیسے رسول اللہ ﷺ نے انہیں کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ تو پردے کے پیچھے سے حضرت ام سلمہؓ نے انہیں پکارا کہ جو تم دونوں کے برتن میں ہے اس میں سے کچھ اپنی ماں کے لئے بھی بچاؤ، تو ان دونوں نے ان کے لئے اس میں کچھ بچا دیا۔

4540{165}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ أَبُو عَامِرٍ الْأَشْعَرِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاللَّفْظُ لِأَبِي عَامِرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ بَعَثَ أَبَا عَامِرٍ عَلَى جَيْشٍ إِلَى أَوْطَاسٍ فَلَقِيَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقُتِلَ دُرَيْدٌ وَهَزَمَ اللَّهُ أَصْحَابَهُ فَقَالَ أَبُو مُوسَى وَبَعَثَنِي مَعَ أَبِي عَامِرٍ قَالَ فَرُمِيَ أَبُو عَامِرٍ فِي رُكْبَتِهِ رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي جُشَمٍ بِسَهْمٍ فَأَثْبَتَهُ فِي رُكْبَتِهِ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا عَمِّ مَنْ رَمَاكَ فَأَشَارَ أَبُو عَامِرٍ إِلَى أَبِي مُوسَى فَقَالَ إِنَّ ذَاكَ قَاتِلِي تَرَاهُ ذَلِكَ الَّذِي رَمَانِي قَالَ أَبُو مُوسَى فَقَصَدْتُ لَهُ فَاعْتَمَدْتُهُ فَلَحِقْتُهُ فَلَمَّا رَآنِي وَلَّى عَنِّي ذَاهِبًا فَاتَّبَعْتُهُ وَجَعَلْتُ أَقُولُ لَهُ أَلَا تَسْتَحْيِي أَلَسْتَ عَرَبِيًّا

4540: ابو بردہ کے والد بیان کرتے ہیں کہ جب نبی ﷺ حنین سے فارغ ہوئے تو حضرت ابو عامرؓ کو ایک دستہ پر امیر بنا کر اوطاس کی طرف بھیجا تو درید بن صمۃ سے ان کی مٹھ بھیڑ ہوگئی درید مارا گیا اور اللہ نے اس کے ساتھیوں کو بھی شکست دی۔ حضرت ابو موسیٰؓ کہتے ہیں کہ مجھے بھی حضورؐ نے حضرت ابو عامرؓ کے ساتھ بھیجا تھا وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو عامرؓ کے گھٹنے میں ایک تیر لگا جو بنی جشم کے ایک آدمی نے انہیں مارا تھا اور اسے ان کے گھٹنے میں پیوست کر دیا۔ میں ان کے پاس گیا اور کہا اے چچا آپ کو (تیر) کس نے مارا ہے؟ حضرت ابو عامرؓ نے ابو موسیٰ کو اشارہ کر کے بتایا کہ مجھ پر حملہ کرنے والا وہ شخص ہے جسے تم دیکھ رہے ہو اُس نے مجھ پر تیر مارا ہے۔ حضرت ابو موسیٰؓ کہتے ہیں میں نے اس کا قصد کیا اس کا پیچھا کیا اور اسے جا لیا جب اس نے مجھے دیکھا تو مجھ سے پیٹھ پھیر کر بھاگنے لگا۔ میں نے

4540 : تخریج : بخاری کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4232

أَلَا تَثْبُتُ فَكَفَّ فَالْتَقَيْتُ أَنَا وَهُوَ فَاخْتَلَفْنَا أَنَا وَهُوَ ضَرْبَتَيْنِ فَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ فَقَتَلْتُهُ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَبِي عَامِرٍ فَقُلْتُ إِنَّ اللَّهَ قَدْ قَتَلَ صَاحِبَكَ قَالَ فَانْزِعْ هَذَا السَّهْمَ فَنَزَعْتُهُ فَنَزَا مِنْهُ الْمَاءُ فَقَالَ يَا ابْنَ أَخِي انْطَلِقْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ وَقُلْ لَهُ يَقُولُ لَكَ أَبُو عَامِرٍ اسْتَغْفِرْ لِي قَالَ وَاسْتَعْمَلَنِي أَبُو عَامِرٍ عَلَى النَّاسِ وَمَكَثَ يَسِيرًا ثُمَّ إِنَّهُ مَاتَ فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي بَيْتٍ عَلَى سَرِيرٍ مُرْمَلٍ وَعَلَيْهِ فِرَاشٌ وَقَدْ أَثَّرَ رِمَالُ السَّرِيرِ بِظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنْبَيْهِ فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِنَا وَخَبَرِ أَبِي عَامِرٍ وَقُلْتُ لَهُ قَالَ قُلْ لَهُ يَسْتَغْفِرْ لِي فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِي عَامِرٍ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيرٍ مِنْ خَلْقِكَ أَوْ مِنَ النَّاسِ فَقُلْتُ

اس کا پیچھا کیا اور اسے کہہ رہا تھا کیا تمہیں شرم نہیں آتی؟ کیا تم عرب نہیں ہو؟ تم ٹھہرتے کیوں نہیں؟ چنانچہ وہ رک گیا پھر میرا اور اس کا آمنا سامنا ہوا۔ دونوں نے ایک دوسرے پر وار کیا پھر میں نے اس پر تلوار سے وار کیا اور اسے قتل کر دیا پھر میں حضرت ابو عامرؓ کے پاس واپس آیا اور کہا کہ اللہ نے آپ کے دشمن کو مار دیا ہے انہوں نے کہا اس تیر کو باہر نکالو۔ میں نے اسے کھینچا تو اس میں سے پانی پھوٹ کر بہنے لگا۔ اس پر انہوں نے کہا اے میرے بھتیجے! رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور میری طرف سے آپؐ کی خدمت میں سلام عرض کرو کہ ابو عامر آپؐ کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ آپؐ میرے لئے مغفرت کی دعا کریں۔ وہ کہتے ہیں حضرت ابو عامرؓ نے مجھے لوگوں کا امیر مقرر کر دیا۔ چنانچہ وہ کچھ دیر (زندہ) رہے۔ پھر وہ فوت ہو گئے۔ جب میں رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس گیا اور آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ گھر میں کھجور کی بُنی ہوئی چارپائی پر تھے اور اس پر کپڑا تھا اور چٹائی کے نشان آپؐ کی کمر پر اور دونوں پہلوؤں پر تھے۔ میں نے آپؐ کو اپنے اور ابو عامرؓ کے بارہ میں بتایا اور آپؐ سے عرض کیا کہ حضرت ابو عامرؓ نے کہا تھا کہ آپؐ کی خدمت میں عرض کرنا کہ حضورؐ میری مغفرت کی دعا کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے پانی منگوایا اس سے وضوء کیا پھر اپنے ہاتھ اُٹھائے یہاں تک کہ میں نے

وَلِي يَا رَسُولَ اللَّهِ فَاسْتَغْفِرْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ وَأَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلًا كَرِيمًا قَالَ أَبُو بُرْدَةَ إِحْدَاهُمَا لِأَبِي عَامِرٍ وَالْأُخْرَى لِأَبِي مُوسَى [6406]

آپؐ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی اور کہا اے اللہ! اس بندہ ابوعامر کو بخش دے۔ یا فرمایا پھر آپؐ نے کہا اے اللہ! اسے قیامت کے دن اپنی بہت سی مخلوق پر فوقیت دینا۔ حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! میرے لئے بھی استغفار کیجئے۔ نبی ﷺ نے کہا اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہ بخش دے اور بروز قیامت اسے معزز مقام میں داخل فرما۔ (راوی) ابوبردہ کہتے ہیں کہ دونوں (دعاؤں) میں سے ایک حضرت ابوعامرؓ اور دوسری حضرت ابوموسیٰؓ کے لئے ہے۔

[39]85: بَاب مِنْ فَضَائِلِ الْأَشْعَرِيِّينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

اشعریّین رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان

4541{166} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْرِفُ أَصْوَاتَ رُفْقَةِ الْأَشْعَرِيِّينَ بِالْقُرْآنِ حِينَ يَدْخُلُونَ بِاللَّيْلِ وَأَعْرِفُ مَنَازِلَهُمْ مِنْ أَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ وَإِنْ كُنْتُ لَمْ أَرَ مَنَازِلَهُمْ حِينَ نَزَلُوا بِالنَّهَارِ وَمِنْهُمْ حَكِيمٌ إِذَا لَقِيَ الْخَيْلَ أَوْ قَالَ الْعَدُوَّ قَالَ لَهُمْ إِنَّ أَصْحَابِي يَأْمُرُونَكُمْ أَنْ تَنْظُرُوهُمْ [6407]

4541: حضرت ابو موسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اشعری دوستوں کو جب وہ رات (اپنے خیموں میں) داخل ہوتے ہیں ان کے قرآن (پڑھنے) کی آواز سے پہچان لیتا ہوں اور میں ان کی رہائش گاہوں کو بھی رات کو، ان کے قرآن (پڑھنے) کی آوازوں سے پہچان لیتا ہوں اگرچہ میں نے ان کی رہائش گاہوں کو جب کہ وہ اتر رہے تھے نہ دیکھا ہو اور ان میں حکیم ہے جب وہ گھوڑ سواروں سے مقابلہ کرتا ہے یا آپؐ نے فرمایا۔ دشمن سے۔ تو ان سے کہتا ہے کہ میرے ساتھی تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم ان کا انتظار کرو۔

4541 : تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب الشرکة فی الطعام والنهد والعروض 2486

4542{167} حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْأَشْعَرِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ جَمِيعًا عَنْ أَبِي أُسَامَةَ قَالَ أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْأَشْعَرِيِّينَ إِذَا أَرْمَلُوا فِي الْغَزْوِ أَوْ قَلَّ طَعَامُ عِيَالِهِمْ بِالْمَدِينَةِ جَمَعُوا مَا كَانَ عِنْدَهُمْ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ اقْتَسَمُوهُ بَيْنَهُمْ فِي إِنَاءٍ وَاحِدٍ بِالسَّوِيَّةِ فَهُمْ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُمْ[6408]

4542: حضرت ابو موسیٰ ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب دوران جنگ اشعری لوگوں کا کھانا ختم ہو جاتا ہے یا مدینہ میں ان کے اہل و عیال کا کھانا کم پڑ جاتا ہے تو جو کچھ ان کے پاس ہوتا ہے وہ ایک کپڑے میں جمع کر لیتے ہیں پھر اسے آپس میں ایک برتن کے ذریعہ برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں لہٰذا وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں۔

[40]86: بَاب مِنْ فَضَائِلِ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4543{168} حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَعْقِرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا النَّضْرُ وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنَا أَبُو زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمُسْلِمُونَ لَا يَنْظُرُونَ إِلَى أَبِي سُفْيَانَ وَلَا يُقَاعِدُونَهُ فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ ثَلَاثٌ أَعْطِنِيهِنَّ قَالَ نَعَمْ

4543: ابوزمیل کہتے ہیں کہ مجھ سے حضرت ابن عباس ؓ نے بیان کیا کہ مسلمان ابو سفیان کو (احترام کی نظر سے) نہ دیکھتے تھے۔ نہ ہی اس کی مجلس میں بیٹھتے تھے۔ چنانچہ اس نے نبی ﷺ کی خدمت میں عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! مجھے تین باتوں کی اجازت مرحمت فرمایئے۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ اس نے کہا میرے پاس عرب کی حسین ترین اور خوبصورت ترین عورت ام حبیبہ بنت ابوسفیان ہے میں اسے آپؐ سے

4543 : تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمس لنوائب المسلمین 3136 کتاب مناقب الانصار باب ھجرۃ الحبشۃ 3876 کتاب المغازی باب غزوۃ خیبر 4230، 4231، 4233 **ترمذی** کتاب السیر باب ما جاء فی اھل الذمۃ....1559 **ابو داؤد** کتاب الجھاد باب فیمن جاھد بعد الغنیمۃ ... 2725

قَالَ عِنْدِي أَحْسَنُ الْعَرَبِ وَأَجْمَلُهُ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ أُزَوِّجُكَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَمُعَاوِيَةُ تَجْعَلُهُ كَاتِبًا بَيْنَ يَدَيْكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَتُؤَمِّرُنِي حَتَّى أُقَاتِلَ الْكُفَّارَ كَمَا كُنْتُ أُقَاتِلُ الْمُسْلِمِينَ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَبُو زُمَيْلٍ وَلَوْلَا أَنَّهُ طَلَبَ ذَلِكَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَعْطَاهُ ذَلِكَ لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُسْأَلُ شَيْئًا إِلَّا قَالَ نَعَمْ [6409]

بیاہ دیتا ہوں آپؐ نے فرمایا ہاں اس نے کہا کہ معاویہ کو اپنے کاتب کے طور پر رکھ لیں۔ آپؐ نے فرمایا ہاں اس نے کہا کہ آپؐ مجھے امیر بنائیں گے کہ میں کفار سے اس طرح جنگ کروں جس طرح میں مسلمانوں سے جنگ کرتا تھا۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ ابوزمیل کہتے ہیں کہ اگر وہ نبی ﷺ سے یہ طلب نہ کرتے تو آپؐ انہیں عطا نہ فرماتے کیونکہ آپؐ سے کوئی چیز نہیں مانگی گئی۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔

[38]84: بَاب مِنْ فَضَائِلِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَأَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ وَأَهْلِ سَفِينَتِهِمْ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

حضرت جعفر بن ابوطالبؓ اور اسماء بنت عمیسؓ اور ان کی کشتی والوں رضی اللہ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان

4544{169} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي بُرَيْدٌ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ بَلَغَنَا مَخْرَجُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِينَ إِلَيْهِ أَنَا وَأَخَوَانِ لِي أَنَا أَصْغَرُهُمَا أَحَدُهُمَا أَبُو بُرْدَةَ وَالْآخَرُ أَبُو رُهْمٍ

4544: حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ کی ہجرت کی خبر ملی اور ہم یمن میں تھے تو ہم آپؐ کی طرف، ہجرت کرتے ہوئے نکلے — میں اور میرے دو بھائی — میں ان دونوں سے چھوٹا تھا۔ ان میں سے ایک ابوبردہؓ تھے اور دوسرے ابورھمؓ تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ میری قوم کے پچاس[50] سے کچھ اوپر ترپن[53] یا باون[52] افراد تھے۔ حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں ہم ایک کشتی میں سوار ہو گئے۔ ہماری کشتی نے ہمیں نجاشی کے پاس حبشہ میں لا ڈالا۔ وہاں

إِمَّا قَالَ بِضْعًا وَإِمَّا قَالَ ثَلَاثَةً وَخَمْسِينَ أَوِ اثْنَيْنِ وَخَمْسِينَ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي قَالَ فَرَكِبْنَا سَفِينَةً فَأَلْقَتْنَا سَفِينَتُنَا إِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأَصْحَابَهُ عِنْدَهُ فَقَالَ جَعْفَرٌ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا هَاهُنَا وَأَمَرَنَا بِالْإِقَامَةِ فَأَقِيمُوا مَعَنَا فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتَّى قَدِمْنَا جَمِيعًا قَالَ فَوَافَقْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَأَسْهَمَ لَنَا أَوْ قَالَ أَعْطَانَا مِنْهَا وَمَا قَسَمَ لِأَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَيْبَرَ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا لِمَنْ شَهِدَ مَعَهُ إِلَّا لِأَصْحَابِ سَفِينَتِنَا مَعَ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ قَسَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ قَالَ فَكَانَ نَاسٌ مِنَ النَّاسِ يَقُولُونَ لَنَا يَعْنِي لِأَهْلِ السَّفِينَةِ نَحْنُ سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ قَالَ فَدَخَلَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ وَهِيَ مِمَّنْ قَدِمَ مَعَنَا عَلَى حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَةً وَقَدْ كَانَتْ هَاجَرَتْ إِلَى النَّجَاشِيِّ فِيمَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِ فَدَخَلَ عُمَرُ عَلَى حَفْصَةَ وَأَسْمَاءُ عِنْدَهَا فَقَالَ عُمَرُ حِينَ رَأَى أَسْمَاءَ مَنْ هَذِهِ قَالَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ قَالَ عُمَرُ

ہم حضرت جعفر بن ابو طالبؓ اور ان کے ساتھ ان کے ساتھیوں سے ملے۔ حضرت جعفرؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہاں بھیجا تھا اور (یہاں) قیام کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ پس تم لوگ بھی ہمارے ساتھ یہاں قیام کرو۔ حضرت ابو موسیٰؓ کہتے ہیں چنانچہ ہم ان کے پاس رہے یہانتک کہ ہم سب اکٹھے (مدینہ) گئے۔ وہ کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ سے ہماری ملاقات ہوئی تو آپؐ نے خیبر فتح کیا۔ آپؐ نے ہمیں (مال غنیمت سے) حصہ دیا یا اس میں سے ہمیں عطا کیا۔ اور کسی کو جو فتح خیبر سے غیر حاضر تھا اس میں سے کچھ نہ دیا سوائے اس کے جو آپؐ کے ساتھ حاضر تھا اور سوائے ہماری کشتی والے ساتھیوں کے جو جعفرؓ اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ تھے کو بھی ان حاضر اصحابؓ کے ساتھ حصہ دیا۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگوں میں سے بعض ہمیں یعنی کشتی والوں سے کہتے ہم تم سے ہجرت میں سبقت لے گئے۔ وہ (ابو موسیٰؓ) کہتے ہیں کہ اسماءؓ بنت عمیس جو ہمارے ساتھ آنے والوں میں سے تھیں اور وہ ان میں سے تھیں جو نبی ﷺ کی زوجہ حضرت حفصہؓ سے ملنے گئی تھیں اور وہ ان میں سے تھیں جنہوں نے نجاشی کی طرف ہجرت کی تھی۔ حضرت عمرؓ حضرت حفصہؓ کے پاس تشریف لائے اور حضرت اسماءؓ ان کے پاس تھیں جب حضرت عمرؓ نے حضرت اسماءؓ کو دیکھا تو پوچھا یہ کون ہے؟ انہوں

الْحَبَشِيَّةُ هَذِهِ الْبَحْرِيَّةُ هَذِهِ فَقَالَتْ أَسْمَاءُ نَعَمْ فَقَالَ عُمَرُ سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ فَنَحْنُ أَحَقُّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكُمْ فَغَضِبَتْ وَقَالَتْ كَلِمَةً كَذَبْتَ يَا عُمَرُ كَلَّا وَاللَّهِ كُنْتُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْعِمُ جَائِعَكُمْ وَيَعِظُ جَاهِلَكُمْ وَكُنَّا فِي دَارٍ أَوْ فِي أَرْضِ الْبُعَدَاءِ الْبُغَضَاءِ فِي الْحَبَشَةِ وَذَلِكَ فِي اللَّهِ وَفِي رَسُولِهِ وَايْمُ اللَّهِ لَا أَطْعَمُ طَعَامًا وَلَا أَشْرَبُ شَرَابًا حَتَّى أَذْكُرَ مَا قُلْتَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ كُنَّا نُؤْذَى وَنُخَافُ وَسَأَذْكُرُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسْأَلُهُ وَ وَاللَّهِ لَا أَكْذِبُ وَلَا أَزِيغُ وَلَا أَزِيدُ عَلَى ذَلِكَ قَالَ فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنَّ عُمَرَ قَالَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِأَحَقَّ بِي مِنْكُمْ وَلَهُ وَلِأَصْحَابِهِ هِجْرَةٌ وَاحِدَةٌ وَلَكُمْ أَنْتُمْ أَهْلَ السَّفِينَةِ هِجْرَتَانِ قَالَتْ فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ يَأْتُونِي أَرْسَالًا

نے کہا کہ اسماء بنت عمیسؓ۔ حضرت عمرؓ نے کہا یہ حبشیہ ہے، یہ بحری سفر کرنے والی ہے۔ حضرت اسماءؓ نے کہا جی ہاں۔ اس پر حضرت عمرؓ نے کہا ہم ہجرت میں تم لوگوں پر سبقت لے چکے ہیں اس لئے ہم تمہاری نسبت رسول اللہ ﷺ کے زیادہ حقدار ہیں۔ اس پر حضرت اسماءؓ کو غصہ آ گیا اور کہا یہ یہ بات نہیں:۔ اے عمرؓ! آپ نے ٹھیک نہیں کہا۔ خدا کی قسم آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ حضورؐ تمہارے بھوکے کو کھانا کھلاتے اور تمہارے نا دان کو وعظ فرماتے تھے اور ہم دور دراز رہنے والے دشمنوں کے علاقہ یا سرزمین میں تھے اور یہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی خاطر تھا اور خدا کی قسم میں اس وقت تک کچھ نہ کھاؤں گی نہ پیوں گی جب تک آپ نے جو کہا ہے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے نہ کرلوں اور ہمیں تکلیف بھی دی جاتی تھی اور ڈرایا بھی جاتا تھا۔ میں تو رسول اللہ ﷺ سے ضرور اس کا ذکر کروں گی اور آپؐ سے دریافت کروں گی۔ خدا کی قسم نہ تو میں جھوٹ بولوں گی اور نہ کوئی پیچ دار بات کروں گی اور نہ اس میں کوئی زیادہ کروں گی۔ وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) کہتے ہیں جب نبی ﷺ تشریف لائے تو انہوں (حضرت اسماءؓ) نے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! حضرت عمرؓ نے یہ یہ بات کہی ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ تمہاری نسبت میرے زیادہ حقدار نہیں ہیں ان کی اور ان کے

يَسْأَلُونِي عَنْ هَذَا الْحَدِيثِ مَا مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ هُمْ بِهِ أَفْرَحُ وَلَا أَعْظَمُ فِي أَنْفُسِهِمْ مِمَّا قَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو بُرْدَةَ فَقَالَتْ أَسْمَاءُ فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَإِنَّهُ لَيَسْتَعِيدُ هَذَا الْحَدِيثَ مِنِّي [6411,6410]

ساتھیوں کی ایک ہجرت ہے اور تمہارے لئے۔ تم اے کشتی والو۔ دو ہجرتیں ہیں۔ وہ (حضرت اسماءؓ) بیان کرتی ہیں میں نے حضرت ابوموسیٰؓ اور کشتی والوں کو دیکھا کہ وہ فوج در فوج میرے پاس آ کر اس حدیث کے بارہ میں پوچھتے تھے اور دنیا کی کوئی چیز ان کے لئے اس بات سے زیادہ باعث خوشی اور اس سے زیادہ بڑی نہیں تھی جو رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارہ میں فرمائی تھی۔ ابو بردہ کہتے ہیں کہ حضرت اسماءؓ نے کہا کہ میں نے حضرت ابوموسیٰؓ کو دیکھا کہ وہ مجھ سے یہ روایت بار بار سننے کی خواہش کرتے تھے۔

[42]88: بَاب مِنْ فَضَائِلِ سَلْمَانَ وَصُهَيْبٍ وَبِلَالٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمْ

حضرت سلمان اور حضرت صہیب اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان

4545{170}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ أَتَى عَلَى سَلْمَانَ وَصُهَيْبٍ وَبِلَالٍ فِي نَفَرٍ فَقَالُوا وَاللَّهِ مَا أَخَذَتْ سُيُوفُ اللَّهِ مِنْ عُنُقِ عَدُوِّ اللَّهِ مَأْخَذَهَا قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ أَتَقُولُونَ هَذَا

4545: عائذ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت سلمانؓ، حضرت صہیبؓ اور حضرت بلالؓ کے پاس جو ایک مجمع میں تھے ابوسفیان آئے تو اس پر ان لوگوں نے کہا اللہ کی قسم اللہ کی تلواریں اللہ کے دشمن کی گردن پر اپنی جگہ پر نہ پڑیں! راوی کہتے ہیں حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیا تم قریش کے معزز اور ان کے سردار کے بارہ میں ایسا کہتے ہو۔ تو وہ نبی ﷺ کی

4545 : تخریج : بخاری کتاب المغازی باب اذ ھمت طائفتان منکم ان تفشلا.....4051 کتاب التفسیر باب اذ ھمت طائفتان منکم ...4558

لِشَيْخِ قُرَيْشٍ وَسَيِّدِهِمْ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ لَعَلَّكَ أَغْضَبْتَهُمْ لَئِنْ كُنْتَ أَغْضَبْتَهُمْ لَقَدْ أَغْضَبْتَ رَبَّكَ فَأَتَاهُمْ أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ يَا إِخْوَتَاهْ أَغْضَبْتُكُمْ قَالُوا لَا يَغْفِرُ اللَّهُ لَكَ يَا أَخِي [6412]

خدمت میں حاضر ہوئے اور آپؐ کو یہ بات بتائی۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اے ابوبکرؓ! شاید تم نے انہیں ناراض کر دیا ہے۔ اگر تم نے انہیں ناراض کیا تو یقیناً تم نے اپنے رب کو ناراض کیا اس پر حضرت ابوبکرؓ ان کے پاس آئے اور کہا اے پیارے بھائیو! میں نے تمہیں ناراض کر دیا۔ انہوں نے کہا نہیں نہیں، اے بھائی! اللہ آپ کی مغفرت فرمائے۔

[43]89: بَاب مِنْ فَضَائِلِ الْأَنْصَارِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمْ

انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کچھ فضائل کا بیان

4546{171} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ قَالَا أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ فِينَا نَزَلَتْ إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا بَنُو سَلِمَةَ وَبَنُو حَارِثَةَ وَمَا نُحِبُّ أَنَّهَا لَمْ تَنْزِلْ لِقَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا [6413]

4546: حضرت جابرؓ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ یہ آیت اِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا جب تم میں سے دو گروہوں نے ارادہ کیا کہ وہ بزدلی دکھائیں حالانکہ اللہ دونوں کا ولی تھا۔☆ ہمارے بارہ (یعنی) بنوسلمہ اور بنوحارثہ کے بارہ میں نازل ہوئی اور ہم اللہ عزوجل کے اس قول وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا، کی وجہ سے یہ نہیں چاہتے تھے کہ یہ آیت نہ اتری ہوتی۔

4547{172} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ

4547: حضرت زید بن ارقمؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا کی اے اللہ! انصار کی مغفرت

4546 : تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله هم الذین یقولون لا تنفقوا...4906 ترمذی کتاب المناقب باب فی فضل الانصار وقریش 3902، 3909

☆ آلِ عمران:123

4547 : تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله هم الذین یقولون لا تنفقوا...4906 ترمذی کتاب المناقب باب فی فضل الانصار وقریش 3902، 3909

مَهْدِيٍّ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ وَأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ و حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[6415,6414]

فرمااورانصار کے بیٹوں اورانصار کے پوتوں کی بھی۔

4548{173}حَدَّثَنِي أَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَغْفَرَ لِلْأَنْصَارِ قَالَ وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَلِذَرَارِيِّ الْأَنْصَارِ وَلِمَوَالِي الْأَنْصَارِ لَا أَشُكُّ فِيهِ[6416]

4548:اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت انسؓ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے انصارؓ کے لئے مغفرت کی دعا کی۔راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ انہوں نے کہا آپؐ نے فرمایا کہ انصارؓ کی اولاد کے لئے اور انصارؓ کے غلاموں کے لئے۔مجھے اس بارہ میں کوئی شک نہیں ہے۔

4549{174}حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ عَبْدِالْعَزِيزِ وَهُوَ ابْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى صِبْيَانًا وَنِسَاءً مُقْبِلِينَ مِنْ عُرْسٍ فَقَامَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُمْثِلًا فَقَالَ اللَّهُمَّ

4549:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے بچوں اورعورتوں کوایک شادی سے آتے ہوئے دیکھا تو اللہ کے نبی ﷺ بڑے اہتمام سے کھڑے ہو گئے اور فرمایااللہ!۔تم مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب ہو،اللہ!۔تم مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب ہو۔آپؐ کی مُراد انصارؓ سے تھی۔

4548 : تخریج : بخاری کتاب المناقب باب قول النبی ﷺ للانصار انتم احب الناس الی 3785، 3786 کتاب النکاح باب ذهاب النساء والصبیان الی العرس 5180

4549 : تخریج : بخاری کتاب المناقب باب قول النبی ﷺ للانصار انتم احب الناس الی 3785 ، 3786 کتاب النکاح باب باب ذهاب النساء5180باب ما یجوز ان یخلو الرجل...5234 کتاب الایمان والنذور باب کیف کان یمین النبی ﷺ 6645

أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ اللَّهُمَّ أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ يَعْنِي الْأَنْصَارَ[6417]

4550{175}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنْ غُنْدَرٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَلَا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّكُمْ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[6419,6418]

4550: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک انصاری عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپؐ نے اس سے علیحدگی میں بات کی اور تین دفعہ فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم انصار لوگوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب ہو۔

4551{176}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ

4551: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انصارؓ میرے جان وجگر ہیں۔لوگوں کی تعداد بڑھتی جائے گی اور وہ (انصارؓ)

4550 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الجمعة باب یستقبل الامام القوم ... 927 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3628 باب مناقب الانصار باب قول النبی ﷺ اقبلوا من محسنهم و تجاوزواعن مسیئهم ...3799، 3800،3801 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی فضل الانصار و قریش 3907

4551 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فی خیر دور الانصار 4552،4253 ، 4554

تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار باب فضل دور الانصار 3789 ، 3790 ، 3791 باب منقبة سعد بن عبادة 3807 کتاب الطلاق باب اللعان 5300 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ خیر دور الانصار 6053 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی أی دور الانصار خیر 3910 ، 3913

سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْأَنْصَارَ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَإِنَّ النَّاسَ سَيَكْثُرُونَ وَيَقِلُّونَ فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَاعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ [6420]

کم ہوتے جائیں گے پس ان میں اچھے کام کرنے والے کو قبول کرو اور ان کے غلطی کرنے والے کو معاف کرو۔

[44]90:بَاب فِي خَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

انصار رضی اللہ عنہم کے گھروں کی بھلائی کا بیان

4552{177}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ ثُمَّ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنُو سَاعِدَةَ وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ فَقَالَ سَعْدٌ مَا أَرَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا فَقِيلَ قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلَى كَثِيرٍ حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعْتُ أَنَسًا

4552: حضرت ابو اسیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انصارؓ کے بہترین گھروں میں سے بنونجار پھر بنوعبدالاشہل پھر بنوالحارث بن خزرج پھر بنوساعدہ ہیں اور انصارؓ کے سب گھروں میں بھلائی ہے۔حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم پر انہیں فضیلت دی ہے۔اس پر کہا گیا کہ آپ کو (بھی تو) حضورؐ نے بہتوں پر فضیلت دی ہے۔

ایک اور روایت میں حضرت سعدؓ کے اس قول کا ذکر نہیں۔

4552 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فی خیر دور الانصار 4551، 4553، 4554

تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار باب فضل دور الانصار 3789، 3790، 3791 باب منقبة سعد بن عبادة 3807 کتاب الطلاق باب اللعان 5300 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ خیر دور الانصار 6053 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی أی دور الانصار خیر 3910، 3913

يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَابْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ لَا يَذْكُرُ فِي الْحَدِيثِ قَوْلَ سَعْدٍ [6423,6422,6421]

4553{178} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ وَاللَّفْظُ لِابْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا أُسَيْدٍ خَطِيبًا عِنْدَ ابْنِ عُتْبَةَ فَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ دَارُ بَنِي النَّجَّارِ وَدَارُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ وَدَارُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَدَارُ بَنِي سَاعِدَةَ وَاللَّهِ لَوْ كُنْتُ مُؤْثِرًا بِهَا أَحَدًا لَآثَرْتُ بِهَا عَشِيرَتِي [6424]

4553: حضرت ابواسیدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انصارؓ کے بہترین گھروں میں سے بنی نجار کا گھر بنی عبدالاشہل کا گھر بنی حارث بن خزرج کا گھر اور بنی ساعدہ کا گھر ہیں۔ خدا کی قسم اگر میں اس پر کسی کو ترجیح دیتا تو ضرور اپنے قبیلہ کو ترجیح دیتا۔

4553 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فی خیر دور الانصار 4551، 4552، 4554

تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار باب فضل دور الانصار 3789، 3790، 3791 باب منقبة سعد بن عبادة 3807 کتاب الطلاق باب اللعان 5300 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ خیر دور الانصار 6053 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی أی دور الانصار خیر 3910، 3913

4554{179}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ قَالَ شَهِدَ أَبُو سَلَمَةَ لَسَمِعَ أَبَا أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ يَشْهَدُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ ثُمَّ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنُو سَاعِدَةَ وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ قَالَ أَبُو أُسَيْدٍ أُتَّهَمُ أَنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ كَاذِبًا لَبَدَأْتُ بِقَوْمِي بَنِي سَاعِدَةَ وَبَلَغَ ذَلِكَ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فَوَجَدَ فِي نَفْسِهِ وَقَالَ خُلِّفْنَا فَكُنَّا آخِرَ الْأَرْبَعِ أَسْرِجُوا لِي حِمَارِي آتِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَلَّمَهُ ابْنُ أَخِيهِ سَهْلٌ فَقَالَ أَتَذْهَبُ لِتَرُدَّ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْلَمُ أَوَ لَيْسَ حَسْبُكَ أَنْ تَكُونَ رَابِعَ أَرْبَعٍ فَرَجَعَ وَقَالَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ وَأَمَرَ بِحِمَارِهِ فَحُلَّ عَنْهُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ حَدَّثَنِي أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا

4554: حضرت ابواسیدؓ انصاری گواہی دیتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انصارؓ کے بہترین گھر، بنی نجار پھر بنی عبد الاشہل پھر بنی حارث بن خزرج اور پھر بنی ساعدہ ہیں اور انصارؓ کے سب گھروں میں بھلائی ہے۔ راوی ابوسلمہ کہتے ہیں حضرت ابواُسیدؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے یہ روایت کرنے پر مجھے متہم کیا جاتا ہے۔ اگر میں غلط کہہ رہا تھا تو ضرور اپنی قوم بنی ساعدہ سے شروع کرتا۔ یہ بات حضرت سعد بن عبادہؓ تک پہنچی تو ان کی طبیعت پر گراں گزرا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پیچھے کر دیا گیا ہے یہانتک کہ ہم چار میں سے آخری ہو گئے میرے لئے میرے گدھے پر زین کسو۔ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جا رہا ہوں ان کے بھتیجے سہل نے ان سے بات کی اور کہا کیا آپ اس لئے جا رہے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی بات کی تردید کریں؟ حالانکہ رسول اللہ ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ کیا آپ کے لئے یہ کافی نہیں کہ آپ چار میں سے ایک ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ارادہ بدل دیا اور کہا اللہ اور اس کا رسولؐ زیادہ جانتے ہیں اور انہوں نے اپنے گدھے کی زین کھولنے کا حکم دیا اور وہ (زین) کھول دی گئی۔

4554 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فی خیر دور الانصار 4551، 4552، 4553

تخریج : **بخاری** کتاب مناقب الانصار باب فضل دور الانصار 3789، 3790، 3791 باب منقبة سعد بن عبادة 3807 کتاب الطلاق باب اللعان 5300 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ خیر دور الانصار 6053 **ترمذی** کتاب المناقب باب ما جاء فی أی دور الانصار خیر 3910، 3913

حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ خَيْرُ الْأَنْصَارِ أَوْ خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ فِي ذِكْرِ الدُّورِ وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ [6426,6425]

ایک اور روایت میں (خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ کی بجائے) خَيْرُ الْاَنْصَارِ أَوْ خَيْرُ دُورِ الْاَنْصَارِ کے الفاظ ہیں اور اس روایت میں حضرت سعد بن عبادہؓ کے واقعہ کا ذکر نہیں۔

4555{180} حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ سَمِعَا أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مَجْلِسٍ عَظِيمٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أُحَدِّثُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ قَالُوا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ قَالُوا ثُمَّ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ بَنُو النَّجَّارِ قَالُوا ثُمَّ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ قَالُوا ثُمَّ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ بَنُو سَاعِدَةَ قَالُوا ثُمَّ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ فِي كُلِّ دُورِ

4555: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کی ایک بڑی مجلس میں تھے اور آپؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں انصارؓ کے گھروں میں سے بہترین کے بارہ میں بتاؤں۔ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں یا رسولؐ اللہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بنوعبدالاشہل۔ انہوں نے عرض کیا پھر کون یا رسولؐ اللہ؟ آپؐ نے فرمایا پھر بنونجار۔ انہوں نے عرض کیا پھر کون یا رسولؐ اللہ؟ آپؐ نے فرمایا پھر بنوالحارث بن الخزرج۔ انہوں نے عرض کیا پھر کون یا رسولؐ اللہ؟ آپؐ نے فرمایا پھر بنوساعدہ انہوں نے عرض کیا پھر کون یا رسولؐ اللہ؟ آپؐ نے فرمایا پھر انصارؓ کے سب گھروں میں بھلائی ہے۔ اس پر حضرت سعد بن عبادہؓ غصہ میں کھڑے ہوئے اور عرض کیا کہ ہم چاروں کے آخر میں ہیں جب رسول اللہ ﷺ نے ان کے گھر کا نام لیا۔ حضرت سعدؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بات کرنے کا ارادہ کیا اس پر ان کی قوم کے آدمیوں

4555 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب فضل الخدمة فی الغزو 2888

الْأَنْصَارِ خَيْرٌ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مُغْضَبًا فَقَالَ أَنَحْنُ آخِرُ الْأَرْبَعِ حِينَ سَمَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَهُمْ فَأَرَادَ كَلَامَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رِجَالٌ مِنْ قَوْمِهِ اجْلِسْ أَلَا تَرْضَى أَنْ سَمَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَكُمْ فِي الْأَرْبَعِ الدُّورِ الَّتِي سَمَّى فَمَنْ تَرَكَ فَلَمْ يُسَمِّ أَكْثَرُ مِمَّنْ سَمَّى فَانْتَهَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ كَلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6427]

نے کہا کہ بیٹھ جاؤ کیا تم اس پر راضی نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان چار گھروں میں تمہارے گھر کا نام بھی لیا جن کا آپؐ نے ذکر فرمایا ہے۔تو جن کو آپؐ نے چھوڑ دیا اور نام نہیں لیا وہ ان سے زیادہ ہیں جن کا آپؐ نے نام لیا ہے۔اس پر حضرت سعدؓ بن عبادہ رسول اللہ ﷺ سے بات کرنے سے رک گئے۔

[45]91:بَاب فِي حُسْنِ صُحْبَةِ الْأَنْصَارِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

انصار رضی اللہ عنہم کے ساتھ حسنِ مصاحبت کا بیان

4556{181}حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عَرْعَرَةَ وَاللَّفْظُ لِلْجَهْضَمِيِّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ فِي سَفَرٍ فَكَانَ يَخْدُمُنِي فَقُلْتُ لَهُ لَا تَفْعَلْ فَقَالَ إِنِّي

4556: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت جریرؓ بن عبداللہ البَجَلِیّ کے ساتھ ایک سفر میں گیا۔وہ میری خدمت کرتے تھے میں نے ان سے کہا کہ ایسا نہ کیجئے۔انہوں نے کہا کہ میں نے انصارؓ کو رسول اللہ ﷺ کی ایسی خدمت کرتے دیکھا کہ میں نے قسم کھائی کہ جب بھی میں اُن میں سے کسی کے ساتھ ہوں گا تو اس کی خدمت کروں گا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت جریرؓ حضرت انسؓ

4556 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب دعاء النبی ﷺ لغفار و اسلم 4557 ، 4558 ، 4559 ، 4560

تخریج : بخاری کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ...3513 ، 3514 ترمذی کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ....3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

قَدْ رَأَيْتُ الْأَنْصَارَ تَصْنَعُ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا آلَيْتُ أَنْ لَا أَصْحَبَ أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا خَدَمْتُهُ زَادَ ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ فِي حَدِيثِهِمَا وَكَانَ جَرِيرٌ أَكْبَرَ مِنْ أَنَسٍ وَقَالَ ابْنُ بَشَّارٍ أَسَنَّ مِنْ أَنَسٍ [6428]

سے بڑے تھے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت جریرؓ حضرت انسؓ سے عمر میں زیادہ تھے۔

[46]92: بَاب دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغِفَارَ وَأَسْلَمَ

نبی ﷺ کی (قبیلہ) غفار اور اسلم کے لئے دعا کا بیان

4557{182} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ أَبُو ذَرٍّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ [6429]

4557: حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غِفار! اللہ ان کو بخش دے اور اسلم! اللہ ان کو سلامتی عطا فرمائے۔

4558{183} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا

4558: حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ اپنی قوم کے پاس جاؤ اور کہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اسلم! اللہ ان کو سلامتی عطا فرمائے اور غِفار! اللہ ان کو بخش دے۔

4557 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب دعاء النبی ﷺ لغفار و اسلم 4556 ، 4558 ، 4559 ، 4560

تخریج : **بخاری** کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ....3513 ، 3514 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ....3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

4558 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب دعاء النبی ﷺ لغفار و اسلم 4556 ، 4557 ، 4559 ، 4560

تخریج : **بخاری** کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ...3513 ، 3514 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ...3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

شُعْبَةُ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ائْتِ قَوْمَكَ فَقُلْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ وَغِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ [6431,6430]

4559{184}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالُوا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي عَاصِمٍ

4559: حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اسلم! اللہ ان کو سلامتی عطا فرمائے اور غفار! اللہ ان کو بخش دے۔

4559 :اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب دعاء النبی ﷺ لغفار و اسلم 4556 ، 4557 ، 4558 ، 4560

تخریج : بخاری کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ... 3513 ، 3514 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم .... 3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ كُلُّهُمْ قَالَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ وَغِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا [6432]

4560{185} وحَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ وَغِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا أَمَا إِنِّي لَمْ أَقُلْهَا وَلَكِنْ قَالَهَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ [6433]

4560: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اسلم! اللہ ان کو سلامتی عطا فرمائے اور غفار! اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور یہ میں نہیں کہہ رہا بلکہ اللہ عزّ وجل نے فرمایا ہے۔

4561{186} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ الْغِفَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ اللَّهُمَّ الْعَنْ بَنِي لَحْيَانَ وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَوُا اللَّهَ وَرَسُولَهُ غِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ [6433]

4561: خفاف بن ایماء غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک نماز میں کہا اے اللہ! بنی لحیان، رعل، ذکوان اور عُصَیّہ پر لعنت کر۔ انہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کی اور غفار کی مغفرت فرما اور اسلم کو سلامتی عطا فرما۔

4560 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب دعاء النبی ﷺ لغفار و اسلم 4556 ، 4557 ، 4558 ، 4559

تخریج : بخاری کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ....3513 ، 3514 ترمذی کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ...3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

4561 : تخریج : بخاری کتاب الاستسقاء باب دعاء النبی ﷺ اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف 1006 کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ...3513 ، 3514 ترمذی کتاب المناقب باب فی غفار ... 3941 باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3948

4562{187} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَالْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ كُلُّهُمْ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَفِي حَدِيثِ صَالِحٍ وَأُسَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَلِكَ عَلَى الْمِنْبَرِ و حَدَّثَنِيهِ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مِثْلَ حَدِيثِ هَؤُلَاءِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ [6437,6436]

4562: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غِفار! اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور اسلم! اللہ انہیں سلامتی عطا فرمائے۔ اور عُصَیّہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات منبر پر فرمائی۔

4562 :اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب... 4563

تخریج :بخاری کتاب المناقب باب مناقب قریش 3504 باب ذکر اسلم و غفار ...3512 ترمذی کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ... 3940

[47]93:بَاب مِنْ فَضَائِلِ غِفَارَ وَأَسْلَمَ وَجُهَيْنَةَ وَأَشْجَعَ وَمُزَيْنَةَ وَتَمِيمٍ وَدَوْسٍ وَطَيِّئٍ

قبیلہ غفار اور اسلم اور جہینہ اور اشجع اور مزینہ اور تمیم اور دوس اور طیّ کے کچھ فضائل کا بیان

4563 {188} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا أَبُو مَالِكٍ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَنْصَارُ وَمُزَيْنَةُ وَجُهَيْنَةُ وَغِفَارُ وَأَشْجَعُ وَمَنْ كَانَ مِنْ بَنِي عَبْدِ اللَّهِ مَوَالِيَّ دُونَ النَّاسِ وَاللَّهُ وَرَسُولُهُ مَوْلَاهُمْ[6438]

4563: حضرت ابو ایوبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انصار اور مزینہ اور جہینہ اور غفار اور اشجع اور وہ جو بنی عبد اللہ میں سے ہیں، دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں میرے مددگار ہیں اور اللہ اور اس کا رسولؐ ان کا مولیٰ ہیں۔

4564{189}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَمُزَيْنَةُ وَجُهَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ وَأَشْجَعُ مَوَالِيَّ لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُونَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

4564: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قریش اور انصار اور مزینہ اور اسلم اور غفار اور اشجع میرے مددگار ہیں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کے سوا ان کا کوئی مولیٰ نہیں۔

4563 :اطراف :مسلم کتاب فضائل الصحابة باب... 4562

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب مناقب قریش 3504 باب ذکر اسلم و غفار ....3512 ترمذی کتاب المناقب باب فی غفار و اسلم ...3940

4564 : اطراف : مسلم کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ...4565، 4566

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ...3515، 3516، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 ترمذی کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950، 3952

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّ فِي الْحَدِيثِ قَالَ سَعْدٌ فِي بَعْضِ هَذَا فِيمَا أَعْلَمُ [6440,6439]

4565{190} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ أَوْ جُهَيْنَةُ خَيْرٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ وَبَنِي عَامِرٍ وَالْحَلِيفَيْنِ أَسَدٍ وَغَطَفَانَ [6441]

4565: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اسلم اور غفار اور مزینہ اور وہ جو جہینہ سے ہیں یا (کہا) جہینہ، بنی تمیم اور بنی عامر اور دونوں حلیفوں اسد اور غطفان سے بہتر ہیں۔

4566{191} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَحَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ

4566: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے غفار اور اسلم اور مزینہ جس کا جہینہ سے تعلق ہے یا فرمایا جہینہ جس کا مزینہ سے تعلق ہے قیامت کے دن اللہ کے نزدیک اسد، طے اور غطفان سے بہتر ہوں گے۔

4565 : اطراف : مسلم کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ....4564 ، 4566

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار .... 3515 ، 3516 ، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 ترمذی کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950 ، 3952

4566 : اطراف : مسلم کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ....4564 ، 4565

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ... 3515 ، 3516 ، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 ترمذی کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950 ، 3952

صَالِحٍ عَنِ الْأَعْرَجِ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَغِفَارُ وَأَسْلَمُ وَمُزَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ أَوْ قَالَ جُهَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ مُزَيْنَةَ خَيْرٌ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أَسَدٍ وَطَيِّئٍ وَغَطَفَانَ [6442]

4567{192}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَيَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِيَانِ ابْنَ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَسْلَمُ وَغِفَارُ وَشَيْءٌ مِنْ مُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ أَوْ شَيْءٌ مِنْ جُهَيْنَةَ وَمُزَيْنَةَ خَيْرٌ عِنْدَ اللَّهِ قَالَ أَحْسِبُهُ قَالَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أَسَدٍ وَغَطَفَانَ وَهَوَازِنَ وَتَمِيمٍ [6443]

4567: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسلم اور غفار اور مزینہ میں سے کچھ یا فرمایا جہینہ اور مزینہ میں سے کچھ اللہ کے نزدیک زیادہ بہتر ہیں۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے — آپؐ نے فرمایا قیامت کے دن — اسد غطفان، ہوازن اور تمیم سے۔

4568{193} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرَةَ

4568: عبدالرحمان بن ابی بکرۃ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اقرع بن حابسؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اسلم غفار اور مزینہ میں سے حاجیوں کا مال چوری کرنے والوں نے آپؐ کی بیعت کر لی ہے اور میرا خیال ہے کہ جہینہ

4567 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ....4568 ، 4569

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار .... 3515 ، 3516 ، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950 ، 3952

4568 : **اطراف** : **مسلم** کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ...4567 ، 4569

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار .....3515 ، 3516 ، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950 ، 3952

يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّمَا بَايَعَكَ سُرَّاقُ الْحَجِيجِ مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَأَحْسِبُ جُهَيْنَةَ مُحَمَّدٌ الَّذِي شَكَّ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ وَأَحْسِبُ جُهَيْنَةُ خَيْرًا مِنْ بَنِي تَمِيمٍ وَبَنِي عَامِرٍ وَأَسَدٍ وَغَطَفَانَ أَخَابُوا وَخَسِرُوا فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُمْ لَأَخْيَرُ مِنْهُمْ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ ابْنِ أَبِي شَيْبَةَ مُحَمَّدٌ الَّذِي شَكَّ حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي سَيِّدُ بَنِي تَمِيمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ الضَّبِّيُّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ وَجُهَيْنَةُ وَلَمْ يَقُلْ أَحْسِبُ [6445,6444]

کے بارہ میں محمد (راوی) نے شک کا اظہار کیا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر غِفار اور مزینہ – راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے جہینہ – بہتر ہیں بنی تمیم اور بنی عامر اور اسد اور غطفان سے تو کیا یہ نا کام ہو گئے اور گھاٹے میں پڑ گئے تو اس (اقرع بن حابس) نے کہا ہاں۔ آپؐ نے فرمایا مجھے اس کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ ان سے بہت بہتر ہیں۔

ایک اور روایت میں (أَحْسِبُ جُهَيْنَةُ کی بجائے) جُهَيْنَةُ کے الفاظ ہیں اور أَحْسِبُ کے الفاظ نہیں ہیں اور ایک روایت میں مُحَمَّدُ الَّذِیْ شَکَّ کا ذکر نہیں۔

4569{194} حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ وَجُهَيْنَةُ خَيْرٌ مِنْ

4569: حضرت عبدالرحمان بن ابی بکرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسلم اور غفار اور مزینہ اور جہینہ بہتر ہیں بنی تمیم اور بنی عامر اور دو حلیفوں بنی اسد اور غطفان سے۔

4569 : اطراف : مسلم کتاب فضائل صحابة باب فضائل غفار و اسلم ...4567، 4568

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب ذکر اسلم و غفار ..3515، 3516، 3517 باب قصة زمزم و جهل العرب 3523 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6635 ترمذی کتاب المناقب باب فی ثقیف و بنی حنیفة 3950، 3952

بَنِي تَمِيمٍ وَمِنْ بَنِي عَامِرٍ وَالْحَلِيفَيْنِ بَنِي أَسَدٍ وَغَطَفَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ ح و حَدَّثَنِيهِ عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [6447,6446]

4570{195} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ جُهَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ خَيْرًا مِنْ بَنِي تَمِيمٍ وَبَنِي عَبْدِ اللَّهِ بْنِ غَطَفَانَ وَعَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ وَمَدَّ بِهَا صَوْتَهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَدْ خَابُوا وَخَسِرُوا قَالَ فَإِنَّهُمْ خَيْرٌ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ جُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ [6448]

4570: حضرت عبد الرحمان بن ابی بکرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا کیا خیال ہے کہ جہینہ اور اسلم اور غفار بہتر ہیں، بنی تمیم اور بنی عبداللہ بن غطفان اور عامر بن صعصعہ سے۔ یہ فرماتے ہوئے آپؐ نے اپنی آواز بلند فرمائی۔ اس پر انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! پھر تو وہ یقیناً خائب وخاسر ہوگئے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا وہ بہتر ہیں۔

ایک اور روایت میں مزینہ کا بھی ذکر ہے۔

4571{196} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ أَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِي إِنَّ أَوَّلَ صَدَقَةٍ بَيَّضَتْ وَجْهَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوُجُوهَ أَصْحَابِهِ صَدَقَةُ

4571: حضرت عدی بن حاتمؓ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطابؓ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے کہا سب سے پہلا صدقہ جس نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کو اور آپؐ کے اصحابؓ کے چہروں کو روشن کر دیا، طے (قبیلہ) کا صدقہ ہے جو تم نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔

4571 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب الدعآء للمشركين بالهدى...2937

طَيِّئٍ جِئْتَ بِهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6449]

4572{197} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَدِمَ الطُّفَيْلُ وَأَصْحَابُهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ دَوْسًا قَدْ كَفَرَتْ وَأَبَتْ فَادْعُ اللَّهَ عَلَيْهَا فَقِيلَ هَلَكَتْ دَوْسٌ فَقَالَ اللَّهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ [6450]

4572: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ طفیل اور اس کے ساتھی آئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! دَوس (قبیلہ) نے کفر کیا ہے اور انکار کیا ہے۔ آپؐ اس کے خلاف دعا کریں۔ تو کہا گیا دَوس ہلاک ہوگیا۔ آپؐ نے فرمایا اے اللہ! دَوس کو ہدایت دے اور ان کو لے آ۔

4573{198} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَا أَزَالُ أُحِبُّ بَنِي تَمِيمٍ مِنْ ثَلَاثٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِي عَلَى الدَّجَّالِ قَالَ وَجَاءَتْ صَدَقَاتُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِنَا قَالَ وَكَانَتْ سَبِيَّةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ عَائِشَةَ

4573: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ تین باتوں کی وجہ سے جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی میں ہمیشہ بنی تمیم سے محبت کرتا رہوں گا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ وہ (بنی تمیم) میری امت میں سے دجال پر سب سے زیادہ سخت ہیں۔ وہ (حضرت ابو ہریرہؓ) بیان کرتے ہیں کہ ان کے صدقات آئے تو نبی ﷺ نے فرمایا یہ ہماری قوم کے صدقات ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ان میں سے ایک قیدی عورت حضرت عائشہؓ کے پاس تھی تو

4572 : **تخریج** : **بخاری** کتاب العتق باب من ملک من العرب رقیقاً 2543

4573 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الفضائل من فضائل یوسف 69 43 کتاب البر والصلة والآداب باب زم ذی الوجهین وتحریم فعله 4700 ، 4701 ، 4702 باب الارواح جنود مجندة 4759 ، 4760

تخریج : **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واتخذا الله ابراهیم خلیلاً 3353 باب ام کنتم شهداء اذ حضر یعقوب الموت ..... 3374 باب قول الله تعالیٰ یا ایها الناس انا خلقنا کم ..... 3490 ، 3493 ، 3494 کتاب التفسیر باب قوله لقد کان فی یوسف و اخوته .... 4689 کتاب الادب باب ما قیل فی ذی الوجهین 6058 کتاب الاحکام باب ما یکره فی ثناء السلطان ..7179 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی ذی الوجهین 2025 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی ذی الوجهین 4872

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتِقِيهَا فَإِنَّهَا مِنْ وَلَدِ إِسْمَعِيلَ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَا أَزَالُ أُحِبُّ بَنِي تَمِيمٍ بَعْدَ ثَلَاثٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهَا فِيهِمْ فَذَكَرَ مِثْلَهُ و حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْمَازِنِيُّ إِمَامُ مَسْجِدِ دَاوُدَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ الشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ ثَلَاثُ خِصَالٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَنِي تَمِيمٍ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُمْ بَعْدُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِهَذَا الْمَعْنَى غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ هُمْ أَشَدُّ النَّاسِ قِتَالًا فِي الْمَلَاحِمِ وَلَمْ يَذْكُرِ الدَّجَّالَ [6453,6452,6451]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (اے عائشہؓ!) اسے آزاد کردو کہ یہ اسماعیلؑ کی اولاد ہے۔

ایک روایت میں (مِنْ ثَلَاثٍ کی بجائے) بَعْدَ ثَلَاثٍ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں ہے حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ تین خصائل جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا کہ بنی تمیم میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد میں ان سے ہمیشہ محبت کرتا رہوں گا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ وہ جنگوں میں سب سے زیادہ مضبوطی سے لڑنے والے ہیں اور دجال کا ذکر نہیں کیا۔

[49]95:بَاب خِيَارِ النَّاسِ

لوگوں میں سے بہترین کا بیان

4574{199} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4574: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگوں کو معدنیات☆ کے طور پر پاؤ گے۔ ان میں جو جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں اگر وہ (دین کی) سمجھ

4574 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل نساء قريش 4575، 4576

4603{229} حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ إِسْحَقَ الْحَضْرَمِيَّ أَخْبَرَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ عَنْ أَبِي نَوْفَلٍ رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى عَقَبَةِ الْمَدِينَةِ قَالَ فَجَعَلَتْ قُرَيْشٌ تَمُرُّ عَلَيْهِ وَالنَّاسُ حَتَّى مَرَّ عَلَيْهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ فَوَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا خُبَيْبٍ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا خُبَيْبٍ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا خُبَيْبٍ أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هَذَا أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هَذَا أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هَذَا أَمَا وَاللَّهِ إِنْ كُنْتَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا وَصُولًا لِلرَّحِمِ أَمَا وَاللَّهِ لَأُمَّةٌ أَنْتَ أَشَرُّهَا لَأُمَّةٌ خَيْرٌ ثُمَّ نَفَذَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ فَبَلَغَ الْحَجَّاجَ مَوْقِفُ عَبْدِ اللَّهِ وَقَوْلُهُ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَأُنْزِلَ عَنْ جِذْعِهِ فَأُلْقِيَ فِي قُبُورِ الْيَهُودِ ثُمَّ أَرْسَلَ

4603: ابو نوفل سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ (کی لاش) کو مدینہ کی ایک گھاٹی☆ پر دیکھا۔ وہ کہتے ہیں کہ قریش اور دوسرے لوگ ان کے پاس سے گذرنے لگے یہانتک کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اُن کے پاس سے گزرے تو ان کے پاس کھڑے ہوگئے پھر کہا ابوخبیب تجھ پر سلامتی ہو ابوخبیب تجھ پر سلامتی ہو ابوخبیب تجھ پر سلامتی ہو۔ سنو! خدا کی قسم میں تجھے اس سے منع کیا کرتا تھا۔ سنو، خدا کی قسم میں تجھے اس سے منع کیا کرتا تھا۔ سنو، خدا کی قسم میں تجھے اس سے منع کیا کرتا تھا اور سنو خدا کی قسم مجھے علم ہے کہ تم بہت روزے رکھنے والے بہت قیام کرنے والے بہت صلہ رحمی کرنے والے تھے اور خدا کی قسم اگر تم کسی امت کے بدترین شخص بھی ہوتے تو وہ امت بہترین ہوتی۔ پھر حضرت عبداللہ بن عمرؓ چلے گئے پھر حجاج تک حضرت عبداللہؓ کے کھڑے ہونے اور ان کے بات کرنے کی خبر پہنچی تو ان کی طرف آدمی بھیجے اور انہیں سولی پر سے اتار لیا گیا اور یہود کی

4603 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد باب حمل الزاد فی الغزو ... 2979 کتاب الاطعمة باب الخبز المرقق والاکل علی الخوان والسفرة 5388

☆ عقبة المدينة مکہ مکرمہ کی کوئی گھاٹی ہے جو مدینہ کی راہ میں ہے۔

إِلَى أُمِّهِ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ فَأَبَتْ أَنْ تَأْتِيَهُ فَأَعَادَ عَلَيْهَا الرَّسُولَ لَتَأْتِيَنِّي أَوْ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكِ مَنْ يَسْحَبُكِ بِقُرُونِكِ قَالَ فَأَبَتْ وَقَالَتْ وَاللَّهِ لَا آتِيكَ حَتَّى تَبْعَثَ إِلَيَّ مَنْ يَسْحَبُنِي بِقُرُونِي قَالَ فَقَالَ أَرُونِي سِبْتِيَّ فَأَخَذَ نَعْلَيْهِ ثُمَّ انْطَلَقَ يَتَوَذَّفُ حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهَا فَقَالَ كَيْفَ رَأَيْتِنِي صَنَعْتُ بِعَدُوِّ اللَّهِ قَالَتْ رَأَيْتُكَ أَفْسَدْتَ عَلَيْهِ دُنْيَاهُ وَأَفْسَدَ عَلَيْكَ آخِرَتَكَ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَقُولُ لَهُ يَا ابْنَ ذَاتِ النِّطَاقَيْنِ أَنَا وَاللَّهِ ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكُنْتُ أَرْفَعُ بِهِ طَعَامَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَعَامَ أَبِي بَكْرٍ مِنْ الدَّوَابِّ وَأَمَّا الْآخَرُ فَنِطَاقُ الْمَرْأَةِ الَّتِي لَا تَسْتَغْنِي عَنْهُ أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا أَنَّ فِي ثَقِيفٍ كَذَّابًا وَمُبِيرًا فَأَمَّا الْكَذَّابُ فَرَأَيْنَاهُ وَأَمَّا الْمُبِيرُ فَلَا إِخَالُكَ إِلَّا إِيَّاهُ قَالَ فَقَامَ عَنْهَا وَلَمْ يُرَاجِعْهَا [6496]

قبروں میں ڈال دیا گیا پھر اس نے ان کی والدہ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ کو بلا بھیجا لیکن انہوں نے اس کے پاس جانے سے انکار کر دیا اس نے پھر ان کے پاس وہی ایلچی بھیجا کہ تمہیں ضرور خود میرے پاس آنا پڑے گا ورنہ میں ضرور تمہارے پاس کسی کو بھیجوں گا جو تمہیں تمہارے بالوں سے گھسیٹے گا۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے انکار کیا اور کہا کہ اللہ کی قسم! میں ہرگز تمہارے پاس نہیں آؤں گی یہانتک کہ تم میرے پاس میرے بالوں سے گھسیٹنے والا نہ بھیجو۔ راوی کہتے ہیں پھر حجاج نے کہا کہ میری جوتیاں لاؤ پس اس نے اپنے جوتے پہنے اور اکڑتا ہوا تیز چلنے لگا یہانتک کہ ان کے پاس پہنچا اور کہا کہ تم نے مجھے دیکھ لیا کہ میں نے اللہ کے دشمن سے کیسا سلوک کیا حضرت اسماءؓ نے کہا کہ میں نے بھی تمہیں دیکھ لیا کہ تم نے اس کی دنیا بگاڑ دی اور اس نے تیری آخرت بگاڑ دی۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ تم اسے کہتے ہو اے ذات النطاقین (دو کمر بند والی) کے بیٹے! خدا کی قسم میں ذات النطاقین (دو کمر بند والی) ہوں، ایک کمر بند میں تو میں رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کا کھانا جانوروں سے بچانے کے لئے اٹھاتی تھی اور دوسرا عورت کا کمر بند ہے جس سے وہ مستغنی نہیں ہو سکتی۔ سنو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بتایا تھا کہ ثقیف میں ایک جھوٹا اور ایک ہلاک کرنے والا شخص ہوگا پس جھوٹے کو تو ہم نے دیکھ لیا جہاں تک ہلاک کرنے والے کا

تعلق ہے میرا خیال ہے وہ تم ہی ہو۔ راوی کہتے ہیں پھر حجاج آپؓ کے پاس سے کھڑا ہوا اور اس نے حضرت اسماءؓ کا کوئی جواب نہ دیا۔

[59]105: بَاب فَضْلِ فَارِسَ

اہل فارس کی فضیلت کا بیان

4604{230} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ جَعْفَرٍ الْجَزَرِيِّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ الدِّينُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَذَهَبَ بِهِ رَجُلٌ مِنْ فَارِسَ أَوْ قَالَ مِنْ أَبْنَاءِ فَارِسَ حَتَّى يَتَنَاوَلَهُ [6497]

4604: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر دین ثریا پر بھی ہوتا تو ضرور فارس میں سے یا فرمایا ابناء فارس میں سے ایک شخص اس تک پہنچتا یہاں تک کہ اسے حاصل کر لیتا۔[1]

4605{231} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ نَزَلَتْ

4605: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جب آپؐ پر سورۃ جمعہ نازل ہوئی۔ جب آپؐ نے وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ[2] پڑھی تو ایک شخص نے عرض کیا

4604 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضل فارس 4605

تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله وآخرین منهم لما یلحقوا بهم 4897 ، 4898 ترمذی کتاب التفسیر باب ومن سورة محمد 3261 باب ومن سورة الجمعة 3310 کتاب المناقب باب فی فضل العجم 3933

1:۔لَذَهَبَ بِهِ کے معنے شرح مسلم اکمال المعلّم مصنفہ وشتانی میں فیه جدّهم علی تحصیل الایمان یعنی اس میں ابناء فارس کے ایمان کے لئے جدوجہد کرنے کا ذکر ہے۔

2:۔ سورة الجمعة : 4

4605 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضل فارس 4604

تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله وآخرین منهم لما یلحقوا بهم 4897 ، 4898 ترمذی کتاب التفسیر باب ومن سورة محمد 3261 باب ومن سورة الجمعة 3310 کتاب المناقب باب فی فضل العجم 3933

عَلَيْهِ سُورَةُ الْجُمُعَةِ فَلَمَّا قَرَأَ وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ قَالَ رَجُلٌ مَنْ هَؤُلَاءِ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَلَمْ يُرَاجِعْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَأَلَهُ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا قَالَ وَفِينَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ قَالَ فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ لَوْ كَانَ الْإِيمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ هَؤُلَاءِ [6498]

یارسولؐ اللہ! یہ کون لوگ ہیں؟ نبی ﷺ نے اسے جواب نہ دیا یہانتک کہ اس نے ایک یا دو یا تین مرتبہ آپؐ سے پوچھا۔ وہ (حضرت ابو ہریرہؓ) بیان کرتے ہیں اور ہم میں سلمان فارسیؓ بھی تھے۔ نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ سلمانؓ فارسی پر رکھا اور فرمایا اگر ایمان ثریا پر بھی ہوتو ان میں سے کچھ جوانمرد اسے پالیں گے۔

[60]106: بَاب قَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ كَإِبِلٍ مِائَةٍ لَا تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً

باب: نبی ﷺ کا یہ فرمانا کہ لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں جن میں تو سواری نہیں پاتا

4606{232} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجِدُونَ النَّاسَ كَإِبِلٍ مِائَةٍ لَا يَجِدُ الرَّجُلُ فِيهَا رَاحِلَةً [6499]

4606: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگوں کو سو اونٹوں کی طرح پاؤ گے جن میں آدمی کوئی ایک سواری بھی نہیں پاتا☆۔

4606 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الرقاق باب رفع الامانة 6498 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل ابن آدم ....2872 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب من ترجی له السلامة من الفتن 3990

☆ اس کا مفہوم یہ بھی ہوسکتا ہے کہ 100 آدمیوں میں کام کا آدمی ایک آدھ ہوتا ہے۔

❁❁❁

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ

اعلیٰ درجہ کی نیکی اور صلہ رحمی اور آداب کی کتاب

[1]1: بَاب بِرِّ الْوَالِدَيْنِ وَأَنَّهُمَا أَحَقُّ بِهِ

والدین سے حسن سلوک کا بیان اور یہ کہ دونوں اس بات کے سب سے بڑھ کر حقدار ہیں

4607{1}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ جَمِيلِ بْنِ طَرِيفٍ الثَّقَفِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِي قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أَبُوكَ وَفِي حَدِيثِ قُتَيْبَةَ مَنْ أَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِي وَلَمْ يَذْكُرِ النَّاسَ [6500]

4607: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ سب لوگوں میں سب سے زیادہ میرے حسنِ معاشرت کا حقدار کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے عرض کیا کہ پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پھر عرض کیا کہ پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے کہا پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا تیرا باپ۔
ایک اور روایت میں ''اَلنَّاسَ'' کے الفاظ نہیں ہیں۔

4608{2} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ

4608: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! لوگوں میں سے سب

4607 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب بر الوالدين و انها احق به 4608
تخريج : بخاری کتاب الادب باب من احق الناس بحسن الصحبة 5971 ابن ماجه کتاب الوصايا باب النهى عن الامساک فی الحياة ... 2706 کتاب الادب باب بر الوالدين 3658

4608 : اطراف : مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب بر الوالدين و انها احق به 4607
تخريج : بخاری کتاب الادب باب من احق الناس بحسن الصحبة 5971 ابن ماجه کتاب الوصايا باب النهى عن الامساک فی الحياة ... 2706 کتاب الادب باب بر الوالدين 3658

عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ قَالَ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أَبُوكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ

سے زیادہ میرے حسنِ سلوک کا حقدار کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں پھر تیری ماں، پھر تیری ماں پھر تیرا باپ پھر جو تیرے قریب تر ہے۔ جو تیرے قریب تر ہے۔

{3}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ عُمَارَةَ وَابْنِ شُبْرُمَةَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ وَزَادَ فَقَالَ نَعَمْ وَأَبِيكَ لَتُنَبَّأَنَّ

ایک روایت ''جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ'' سے شروع ہوتی ہے اور اس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ (راوی نے کہا) ''نَعَمْ وَأَبِيكَ لَتُنَبَّأَنَّ''۔

{4}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ ح و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ خِرَاشٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فِي حَدِيثِ وُهَيْبٍ مَنْ أَبَرُّ وَفِي حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ أَيُّ النَّاسِ أَحَقُّ مِنِّي بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ

ایک روایت میں (مَنْ أَحَقُّ کی بجائے) مَنْ أَبَرُّ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں (مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ کی بجائے) أَيُّ النَّاسِ أَحَقُّ مِنِّيْ کے الفاظ ہیں۔

[6503,6502,6501]

4609{5} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيبٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

4609: حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آپؐ سے جہاد میں (شمولیت کی) اجازت لینے کے لئے حاضر ہوا تو

4609 : **اطراف** : **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب بر الوالدين و انها احق به 4610

تخريج : **بخاری** کتاب الادب باب لا يجاهد الا باذن الابوين 5972 کتاب الجهاد والسير باب الجهاد باذن الابوين 3004 **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ما جاء فيمن خرج فی الغزو وترک ابويه 1671 **نسائی** کتاب الجهاد الرخصة فی التخلف لمن له والدان 3103 **ابوداؤد** کتاب الجهاد باب فی الرجل يغزو ابواه كارهان 2528، 2529، 2530 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب الرجل يغزو ولهٗ ابوان 2781، 2782 الرخصة فی التخلف لمن له والده 3104

الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ الْقَطَّانَ عَنْ سُفْيَانَ وَشُعْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا حَبِيبٌ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ أَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيبٍ سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِهِ قَالَ مُسْلِمٌ أَبُو الْعَبَّاسِ اسْمُهُ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوخَ الْمَكِّيُّ {6} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي إِسْحَقَ ح و حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ جَمِيعًا عَنْ حَبِيبٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6506,6505,6504]

حضورؐ نے فرمایا کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ اس نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا پھر اُن دونوں (کی خدمت) کرنے کا جہاد کرو۔

4610{...}حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ

4610: حضرت عبداللہ بن عمر بن العاصؓ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کیا کہ میں

4610 : **اطراف** : **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب بر الوالدين و انها احق به 4609

تخريج : **بخاری** کتاب الادب باب لا يجاهد الا باذن الابوين 5972 کتاب الجهاد والسير باب الجهاد باذن الابوين 3004 **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ما جاء فيمن خرج فی الغزو وترک ابويه 1671 **نسائی** کتاب الجهاد الرخصة فی التخلف لمن له والدان 3103 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی الرجل يغزو ابواه كارهان 2528، 2529، 2530 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب الرجل يغزو وَلَهُ ابوان 2781، 2782 الرخصة فی التخلف لمن له والده 3104

الْحَارِثِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ أَنَّ نَاعِمًا مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ أَقْبَلَ رَجُلٌ إِلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ أَبْتَغِي الْأَجْرَ مِنَ اللَّهِ قَالَ فَهَلْ مِنْ وَالِدَيْكَ أَحَدٌ حَيٌّ قَالَ نَعَمْ بَلْ كِلَاهُمَا قَالَ فَتَبْتَغِي الْأَجْرَ مِنَ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَارْجِعْ إِلَى وَالِدَيْكَ فَأَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا [6507]

ہجرت اور جہاد پر آپؐ کی بیعت کرتا ہوں اس کا اجر اللہ سے چاہتے ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تمہارے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے عرض کیا جی ہاں بلکہ دونوں آپؐ نے فرمایا تم اللہ سے اجر چاہتے ہو؟ اس نے عرض کیا جی ہاں آپؐ نے فرمایا اپنے والدین کے پاس واپس جاؤ اور ان دونوں کے ساتھ حسنِ معاشرت کرو۔

[2]2: بَاب تَقْدِيمِ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ عَلَى التَّطَوُّعِ بِالصَّلَاةِ وَغَيْرِهَا

والدین سے حسنِ سلوک کو نفل نماز اور دوسرے (نفل کاموں) سے پہلے کرنے کا بیان

4611{7} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ كَانَ جُرَيْجٌ يَتَعَبَّدُ فِي صَوْمَعَةٍ فَجَاءَتْ أُمُّهُ قَالَ حُمَيْدٌ فَوَصَفَ لَنَا أَبُو رَافِعٍ صِفَةَ أَبِي هُرَيْرَةَ لِصِفَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّهُ حِينَ دَعَتْهُ كَيْفَ جَعَلَتْ كَفَّهَا فَوْقَ حَاجِبِهَا ثُمَّ رَفَعَتْ رَأْسَهَا إِلَيْهِ تَدْعُوهُ فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ أَنَا أُمُّكَ كَلِّمْنِي فَصَادَفَتْهُ

4611: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں جریج راہب خانہ میں عبادت کر رہا تھا کہ اس کی ماں آئی۔ حُمید کہتے ہیں کہ ابو رافع نے ہم سے حضرت ابو ہریرہؓ کی وہ کیفیّت بیان کی جو رسول اللہ ﷺ نے اس (جریج) کی ماں کی بیان کی تھی۔ جب اس نے اسے (جریج کو) پکارا کہ کس طرح اس نے اپنی ہتھیلی کو اپنے ابرو کے اوپر رکھا تھا۔ پھر اس نے اسے (جریج کو) بلاتے ہوئے اپنا سر اس کی طرف اُٹھایا اور کہا اے جُریج میں تیری ماں ہوں مجھ سے بات کر لیکن

4611 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تقديم بر الوالدين على التطوع 4612

تخريج : بخاری کتاب العمل فی الصلاة باب اذا دعت الام ولدها فی الصلاة 1206 کتاب المظالم باب اذا هدم حائطا فليبن مثله 2482 کتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واذكر فی الكتاب مريم ... 3436 باب حديث الغار 3466

يُصَلِّي فَقَالَ اللَّهُمَّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَاخْتَارَ صَلَاتَهُ فَرَجَعَتْ ثُمَّ عَادَتْ فِي الثَّانِيَةِ فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ أَنَا أُمُّكَ فَكَلِّمْنِي قَالَ اللَّهُمَّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَاخْتَارَ صَلَاتَهُ فَقَالَتِ اللَّهُمَّ إِنَّ هَذَا جُرَيْجٌ وَهُوَ ابْنِي وَإِنِّي كَلَّمْتُهُ فَأَبَى أَنْ يُكَلِّمَنِي اللَّهُمَّ فَلَا تُمِتْهُ حَتَّى تُرِيَهُ الْمُومِسَاتِ قَالَ وَلَوْ دَعَتْ عَلَيْهِ أَنْ يُفْتَنَ لَفُتِنَ قَالَ وَكَانَ رَاعِي ضَأْنٍ يَأْوِي إِلَى دَيْرِهِ قَالَ فَخَرَجَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْقَرْيَةِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا الرَّاعِي فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا فَقِيلَ لَهَا مَا هَذَا قَالَتْ مِنْ صَاحِبِ هَذَا الدَّيْرِ قَالَ فَجَاءُوا بِفُؤُوسِهِمْ وَمَسَاحِيهِمْ فَنَادَوْهُ فَصَادَفُوهُ يُصَلِّي فَلَمْ يُكَلِّمْهُمْ قَالَ فَأَخَذُوا يَهْدِمُونَ دَيْرَهُ فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ نَزَلَ إِلَيْهِمْ فَقَالُوا لَهُ سَلْ هَذِهِ قَالَ فَتَبَسَّمَ ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَ الصَّبِيِّ فَقَالَ مَنْ أَبُوكَ قَالَ أَبِي رَاعِي الضَّأْنِ فَلَمَّا سَمِعُوا ذَلِكَ مِنْهُ قَالُوا نَبْنِي مَا هَدَمْنَا مِنْ دَيْرِكَ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ قَالَ لَا وَلَكِنْ أَعِيدُوهُ تُرَابًا كَمَا كَانَ ثُمَّ عَلَاهُ [6508]

اس نے اسے نماز پڑھتے پایا اور اس نے کہا اے اللہ (ایک طرف) میری ماں ہے (دوسری طرف) میری نماز۔ اس نے اپنی نماز کو ترجیح دی۔ اس پر (اس کی ماں) لوٹ گئی پھر دوبارہ واپس آئی اور کہا اے جریج تیری ماں ہوں مجھ سے بات کر اس نے کہا اے اللہ (ایک طرف) میری ماں ہے (دوسری طرف) میری نماز۔ اس نے پھر اپنی نماز کو ترجیح دی۔ تب اس (کی ماں) نے کہا اے اللہ! یہ جریج ہے اور یہ میرا بیٹا ہے میں نے اس سے بات کرنی چاہی لیکن اس نے مجھ سے بات کرنے سے انکار کر دیا۔ اے اللہ اس کو نہ مارنا جب تک کہ تو اسے بدکار عورتیں نہ دکھا دے۔ راوی کہتے ہیں اگر وہ اس کے لئے بددعا کرتی کہ وہ کسی فتنہ میں ڈالا جائے تو وہ ضرور ڈالا جاتا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ ایک بھیڑوں کا چرواہا تھا جو اس (جریج) کے راہب خانہ میں آ کر ٹھہرا کرتا تھا بیان کرتے ہیں کہ بستی سے ایک عورت ادھر آ نکلی تو چرواہا اس پر جا پڑا جس کے نتیجہ میں وہ حاملہ ہوگئی اور ایک لڑکے کو جنم دیا اس سے کہا گیا کہ یہ کیا ہے؟ اس (عورت) نے کہا اس راہب خانے والے کا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں پھر وہ اپنی کلہاڑیاں اور کسیاں لے آئے اور اسے آواز دی اور اُسے (جریج کو) انہوں نے نماز پڑھتے ہوئے پایا اس لئے اس نے ان سے کوئی بات نہ کی وہ بیان کرتے ہیں کہ وہ (لوگ) جریج کے راہب خانہ کو گرانے لگے جب اس نے یہ

دیکھا تو وہ ان کے پاس نیچے آیا تو انہوں نے اس سے کہا کہ اس (عورت) سے پوچھو۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ اس پر وہ مسکرایا اور بچہ کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اس سے پوچھا تمہارا باپ کون ہے؟ اس (بچہ) نے کہا میرا باپ بھیڑوں کا چرواہا ہے۔ جب انہوں نے اس سے یہ سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے تیرے راہب خانہ کا جو حصہ گرایا ہے۔ ہم اسے سونے چاندی کا بنائے دیتے ہیں۔ اُس نے کہا نہیں بلکہ پہلے کی طرح مٹی کا بنادو پھر وہ اس راہب خانہ کے اوپر چلا گیا۔

4612{8} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ وَكَانَ جُرَيْجٌ رَجُلًا عَابِدًا فَاتَّخَذَ صَوْمَعَةً فَكَانَ فِيهَا فَأَتَتْهُ أُمُّهُ وَهُوَ يُصَلِّي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ يَا رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَأَقْبَلَ عَلَى صَلَاتِهِ فَانْصَرَفَتْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَتْهُ وَهُوَ يُصَلِّي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ يَا رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَأَقْبَلَ

4612: حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ پنگھوڑے میں صرف تین نے کلام کیا حضرت عیسیٰ ابن مریمؑ نے اور جریج والے نے اور جریج عبادت کرنے والا آدمی تھا اور وہ ایک راہب خانہ میں رہتا تھا وہ اس میں تھا کہ اس کی ماں اس کے پاس آئی جبکہ وہ نماز پڑھ رہا تھا۔ اور اس نے کہا اے جریج! تب اس نے کہا اے میرے رب (ایک طرف) میری ماں ہے (تو دوسری طرف) میری نماز۔ پھر وہ اپنی نماز کی طرف متوجہ رہا۔ وہ چلی گئی جب اگلا روز آیا وہ اس کے پاس آئی جبکہ وہ نماز پڑھ رہا تھا۔ اور اس نے کہا اے جریج! اس پر اس نے

4612 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تقديم بر الوالدين على التطوع 4611

تخريج : بخاری كتاب العمل فى الصلاة باب اذا دعت الام ولدها فى الصلاة 1206 كتاب المظالم باب اذا هدم حائطا فليبن مثله 2482 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم ... 3436 باب حديث الغار 3466

عَلَى صَلَاتِهِ فَانْصَرَفَتْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَتْهُ وَهُوَ يُصَلِّي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ أَيْ رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَأَقْبَلَ عَلَى صَلَاتِهِ فَقَالَتِ اللَّهُمَّ لَا تُمِتْهُ حَتَّى يَنْظُرَ إِلَى وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ فَتَذَاكَرَ بَنُو إِسْرَائِيلَ جُرَيْجًا وَعِبَادَتَهُ وَكَانَتِ امْرَأَةٌ بَغِيٌّ يُتَمَثَّلُ بِحُسْنِهَا فَقَالَتْ إِنْ شِئْتُمْ لَأَفْتِنَنَّهُ لَكُمْ قَالَ فَتَعَرَّضَتْ لَهُ فَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيْهَا فَأَتَتْ رَاعِيًا كَانَ يَأْوِي إِلَى صَوْمَعَتِهِ فَأَمْكَنَتْهُ مِنْ نَفْسِهَا فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَحَمَلَتْ فَلَمَّا وَلَدَتْ قَالَتْ هُوَ مِنْ جُرَيْجٍ فَأَتَوْهُ فَاسْتَنْزَلُوهُ وَهَدَمُوا صَوْمَعَتَهُ وَجَعَلُوا يَضْرِبُونَهُ فَقَالَ مَا شَأْنُكُمْ قَالُوا زَنَيْتَ بِهَذِهِ الْبَغِيِّ فَوَلَدَتْ مِنْكَ فَقَالَ أَيْنَ الصَّبِيُّ فَجَاءُوا بِهِ فَقَالَ دَعُونِي حَتَّى أُصَلِّيَ فَصَلَّى فَلَمَّا انْصَرَفَ أَتَى الصَّبِيَّ فَطَعَنَ فِي بَطْنِهِ وَقَالَ يَا غُلَامُ مَنْ أَبُوكَ قَالَ فُلَانٌ الرَّاعِي قَالَ فَأَقْبَلُوا عَلَى جُرَيْجٍ يُقَبِّلُونَهُ وَيَتَمَسَّحُونَ بِهِ وَقَالُوا نَبْنِي لَكَ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ لَا أَعِيدُوهَا مِنْ طِينٍ كَمَا كَانَتْ فَفَعَلُوا وَبَيْنَا صَبِيٌّ يَرْضَعُ مِنْ أُمِّهِ فَمَرَّ رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلَى دَابَّةٍ فَارِهَةٍ وَشَارَةٍ حَسَنَةٍ فَقَالَتْ أُمُّهُ اللَّهُمَّ اجْعَلْ ابْنِي

کہا اے میرے رب (ایک طرف) میری ماں ہے (تو ایک طرف) میری نماز۔ وہ اپنی نماز کی طرف متوجہ رہا۔ اس پر وہ چلی گئی پھر جب اگلا روز ہوا تو وہ اس کے پاس آئی جبکہ وہ نماز پڑھ رہا تھا اس نے کہا اے جریج! اس پر اس نے کہا اے میرے رب (ایک طرف) میری ماں ہے (تو دوسری طرف) میری نماز۔ اور وہ اپنی نماز کی طرف ہی متوجہ رہا۔ اس پر (اس کی ماں) نے کہا اے اللہ اس کو موت نہ دینا یہانتک کہ یہ بدکار عورتوں کے منہ نہ دیکھ لے۔ پھر بنی اسرائیل جریج اور اس کی عبادت کا تذکرہ کرنے لگے۔ اور ایک بدکار عورت تھی جس کی خوبصورتی کی مثال دی جاتی تھی اس نے کہا کہ اگر تم لوگ چاہو تو میں ضرور تمہارے لئے اسے آزمائش میں ڈال دوں۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ پھر اس نے جریج کو اپنا آپ پیش کیا۔ لیکن اس نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ کی۔ پھر وہ ایک چرواہے کے پاس آئی جو اس کے راہب خانہ میں ٹھہرا کرتا تھا۔ اس عورت نے اسے اپنے پر اختیار دیا۔ اس چرواہے نے اس سے صحبت کی اور وہ حاملہ ہوگئی۔ جب اس نے بچہ کو جنم دیا تو کہنے لگی کہ یہ جریج کا بچہ ہے۔ اس پر لوگ اس کے پاس آئے اور اسے نیچے آنے کے لئے کہا اور اس کے راہب خانہ کو منہدم کر دیا اور اسے مارنے لگے اس نے کہا کہ تمہیں ہوا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ تم نے اس بدکار سے بدکاری کی ہے۔ چنانچہ اس نے تجھ سے ایک بچہ کو جنم

مِثْلَ هَذَا فَتَرَكَ الثَّدْيَ وَأَقْبَلَ إِلَيْهِ فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَقَالَ اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى ثَدْيِهِ فَجَعَلَ يَرْتَضِعُ قَالَ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحْكِي ارْتِضَاعَهُ بِإِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ فِي فَمِهِ فَجَعَلَ يَمُصُّهَا قَالَ وَمَرُّوا بِجَارِيَةٍ وَهُمْ يَضْرِبُونَهَا وَيَقُولُونَ زَنَيْتِ سَرَقْتِ وَهِيَ تَقُولُ حَسْبِيَ اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ فَقَالَتْ أُمُّهُ اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْ ابْنِي مِثْلَهَا فَتَرَكَ الرَّضَاعَ وَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا فَهُنَاكَ تَرَاجَعَا الْحَدِيثَ فَقَالَتْ حَلْقَى مَرَّ رَجُلٌ حَسَنُ الْهَيْئَةِ فَقُلْتُ اللَّهُمَّ اجْعَلِ ابْنِي مِثْلَهُ فَقُلْتَ اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ وَمَرُّوا بِهَذِهِ الْأَمَةِ وَهُمْ يَضْرِبُونَهَا وَيَقُولُونَ زَنَيْتِ سَرَقْتِ فَقُلْتُ اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِي مِثْلَهَا فَقُلْتَ اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا قَالَ إِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ كَانَ جَبَّارًا فَقُلْتُ اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ وَإِنَّ هَذِهِ يَقُولُونَ لَهَا زَنَيْتِ وَلَمْ تَزْنِ وَسَرَقْتِ وَلَمْ تَسْرِقْ فَقُلْتُ اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا [6509]

دیا ہے۔اس نے کہا کہ وہ بچہ کہاں ہے؟ وہ اسے لے آئے اس نے کہا کہ مجھے ذرا نماز پڑھ لینے دو اس نے نماز پڑھی۔ جب وہ فارغ ہوا تو بچہ کے پاس آیا اور اس کے پیٹ میں انگلی چبھوئی اور کہا اے لڑکے تیرا باپ کون ہے؟ اس نے کہا کہ فلاں چرواہا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ پھر وہ (لوگ) جریج کی طرف متوجہ ہوئے اور اسے چومنے اور اس سے برکت حاصل کرنے لگے اور کہا کہ ہم تیرے لئے سونے کا راہب خانہ بنائے دیتے ہیں۔ اُس نے کہا نہیں، اسے اسی طرح مٹی کا بنا دو جیسے پہلے تھا چنانچہ انہوں نے بنا دیا۔

اس دوران میں کہ ایک بچہ اپنی ماں کا دودھ پی رہا تھا کہ ایک عمدہ خوبصورت جانور پر ایک آدمی گزرا تو اس کی ماں نے کہا کہ اللہ میرے بچہ کو اس جیسا بنا دے۔ اس پر اس (بچہ) نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور اس (شخص) کی طرف متوجہ ہوا اور اس کی طرف دیکھ کر کہا۔ اے اللہ مجھے اس جیسا نہ بنانا۔ پھر وہ دودھ پینے لگا۔ راوی کہتے ہیں کہ گویا میں رسول اللہ ﷺ کو اپنی شہادت کی انگلی اپنے منہ میں ڈالے اس کے دودھ پینے کی کیفیت کو بیان کرتے دیکھ رہا ہوں۔ آپؐ اسے چوسنے لگے وہ کہتے ہیں پھر کچھ لوگ ایک لونڈی کو لئے گذرے وہ اسے مار رہے تھے اور کہتے تھے کہ تو نے زنا کیا اور تو نے چوری کی ہے اور وہ کہتی اللہ میرے لئے کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز ہے تب اس کی ماں نے کہا اے اللہ

میرے بیٹے کو اس جیسا نہ بنانا اس پر اس (بچہ) نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور اس (عورت) کی طرف دیکھا اور کہا اے اللہ مجھے اس جیسا بنا دے۔ چنانچہ اس وقت دونوں (ماں بیٹے) میں اس بات پر تکرار ہوئی۔ اس (عورت) نے کہا تیرا بھلا ہو کہ ایک خوبصورت شکل وصورت کا آدمی گذرا تو میں نے کہا اے اللہ میرے بیٹے کو اس جیسا بنا دے تب تو نے کہا اے اللہ مجھے ایسا مت بنانا۔ پھر لوگ اس لونڈی کو لئے گذرے اور وہ اسے مار رہے تھے اور کہتے تھے کہ تو نے زنا کیا اور تو نے چوری کی ہے تو میں نے کہا اے اللہ میرے بیٹے کو اس (عورت) جیسا مت بنانا اس پر تو نے کہا کہ اے اللہ مجھے اس جیسا بنا دے۔ اس بچہ نے کہا کہ وہ شخص بہت ظالم تھا۔ تو میں نے کہا کہ اے اللہ مجھے اس جیسا نہ بنانا اور یہ عورت جس کے بارہ میں کہتے تھے کہ تو نے زنا کیا اور تو نے چوری کی ہے جبکہ نہ اس نے زنا کیا اور نہ اس نے چوری کی تھی تب میں نے کہا اے اللہ مجھے اس (عورت) جیسا بنا دے۔

[3]3:بَاب: رَغِمَ أَنْفُ مَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا عِنْدَ الْكِبَرِ فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ

باب: اس شخص کی ناک خاک آلود ہوئی جس نے اپنے والدین یا دونوں میں سے ایک کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا

4613{9}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ

4613: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ناک خاک آلود ہوئی پھر ناک خاک آلود

4613 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب رغم انف من ادرک ابویه او احدهما 4614

النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَغِمَ أَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ قِيلَ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ أَحَدَهُمَا أَوْ كِلَيْهِمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ [6510]

ہوئی پھر ناک خاک آلود ہوئی۔ عرض کیا گیا کس کی یارسولؐ اللہ؟ فرمایا جس نے اپنے والدین میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا۔

4614{10}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ أَنْفُهُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُهُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُهُ قِيلَ مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ أَحَدَهُمَا أَوْ كِلَيْهِمَا ثُمَّ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ حَدَّثَنِي سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ أَنْفُهُ ثَلَاثًا ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ [6512,6511]

4614: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ناک خاک آلود ہوئی پھر ناک خاک آلود ہوئی، پھر ناک خاک آلود ہوئی۔ عرض کیا گیا کس کی یارسولؐ اللہ؟ فرمایا جس نے اپنے والدین میں سے ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے میں پایا پھر جنت میں داخل نہ ہوا۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے تین مرتبہ رَغِمَ اَنْفُهُ فرمایا۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

[4]4:بَاب فَضْلِ صِلَةِ أَصْدِقَاءِ الْأَبِ وَالْأُمِّ وَنَحْوِهِمَا

ماں باپ وغیرہ کے دوستوں سے صلہ رحمی کی فضیلت کا بیان

4615{11}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنِ الْوَلِيدِ

4615: عبداللہ بن دینار حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کے بارہ میں بیان کرتے ہیں کہ ایک بادیہ نشین آدمی انہیں مکہ کے رستہ میں انہیں ملا تو حضرت عبد اللہؓ

4614 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب رغم انف من ادرک ابویه او احدهما 4613

4615 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب فضل صلة اصدقاء الاب الام ونحوهما 4616، 4617

تخریج : ترمذی کتاب البر والصلة باب ماجاء فی اکرام صدیق الوالد 1903 ابوداؤد کتاب الادب باب فی بر الوالدین 5143

بْنِ أَبِي الْوَلِيدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَعْرَابِ لَقِيَهُ بِطَرِيقِ مَكَّةَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللَّهِ وَحَمَلَهُ عَلَى حِمَارٍ كَانَ يَرْكَبُهُ وَأَعْطَاهُ عِمَامَةً كَانَتْ عَلَى رَأْسِهِ فَقَالَ ابْنُ دِينَارٍ فَقُلْنَا لَهُ أَصْلَحَكَ اللَّهُ إِنَّهُمُ الْأَعْرَابُ وَإِنَّهُمْ يَرْضَوْنَ بِالْيَسِيرِ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ إِنَّ أَبَا هَذَا كَانَ وُدًّا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَبَرَّ الْبِرِّ صِلَةُ الْوَلَدِ أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ [6513]

نے اسے سلام کہا اور اسے اس گدھے پر سوار کرلیا جس پر وہ خود سوار ہوا کرتے تھے اور اسے وہ عمامہ بھی دیا جو ان کے سر پر تھا۔ ابن دینار کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے کہا کہ اللہ آپ کا بھلا کرے، یہ بادیہ نشین لوگ ہیں اور تھوڑے پر بھی راضی ہو جاتے ہیں۔ اس پر حضرت عبداللہؓ نے کہا کہ اس کا باپ، حضرت عمر بن خطابؓ کو پیارا تھا اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یقیناً بیٹے کا اپنے باپ کے پیاروں سے حسن سلوک کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔

4616{12} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبَرُّ الْبِرِّ أَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ وُدَّ أَبِيهِ[6514]

4616: حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے پیاروں سے حسن سلوک کرے۔

4617{13} حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ جَمِيعًا

4617: عبداللہ بن دینار حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے بارہ میں روایت کرتے ہیں کہ جب بھی وہ مکہ کی طرف جاتے تو ان کے ساتھ ایک گدھا ہوتا جب وہ

4616 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب فضل صلة اصدقاء الاب الام ونحوهما 4615، 4617

تخریج : ترمذی کتاب البر والصلة باب ماجاء فی اکرام صدیق الوالد 1903 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی بر الوالدین 5143

4617 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب فضل صلة اصدقاء الاب الام ونحوهما 4615، 4616

تخریج : ترمذی کتاب البر والصلة باب ماجاء فی اکرام صدیق الوالد 1903 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی بر الوالدین 5143

عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ كَانَ لَهُ حِمَارٌ يَتَرَوَّحُ عَلَيْهِ إِذَا مَلَّ رُكُوبَ الرَّاحِلَةِ وَعِمَامَةٌ يَشُدُّ بِهَا رَأْسَهُ فَبَيْنَا هُوَ يَوْمًا عَلَى ذَلِكَ الْحِمَارِ إِذْ مَرَّ بِهِ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ أَلَسْتَ ابْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ قَالَ بَلَى فَأَعْطَاهُ الْحِمَارَ وَقَالَ ارْكَبْ هَذَا وَالْعِمَامَةَ قَالَ اشْدُدْ بِهَا رَأْسَكَ فَقَالَ لَهُ بَعْضُ أَصْحَابِهِ غَفَرَ اللَّهُ لَكَ أَعْطَيْتَ هَذَا الْأَعْرَابِيَّ حِمَارًا كُنْتَ تَرَوَّحُ عَلَيْهِ وَعِمَامَةً كُنْتَ تَشُدُّ بِهَا رَأْسَكَ فَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ مِنْ أَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ بَعْدَ أَنْ يُوَلِّيَ وَإِنَّ أَبَاهُ كَانَ صَدِيقًا لِعُمَرَ [6515]

اونٹ کی سواری سے تھک جاتے تو اس پر آرام محسوس کرتے اور ایک عمامہ ہوتا جسے وہ اپنے سر پر باندھتے ایک روز اس اثناء میں کہ وہ اسی گدھے پر (سوار) جارہے تھے کہ ان کے پاس سے ایک بدوی گذرا تو انہوں نے کہا کیا تم ابن فلاں بن فلاں نہیں ہو؟ اس نے کہا ہاں۔ اس پر آپؐ نے اسے وہ گدھا دے دیا اور کہا کہ اس پر سوار ہو جاؤ اور عمامہ بھی دیا اور کہا کہ اس کو اپنے سر پر باندھ لو اس پر ان کے ایک ساتھی نے کہا اللہ آپ کی مغفرت فرمائے۔ آپؐ نے اس بدوی کو گدھا دے دیا جس پر آپ آرام کی خاطر سواری کرتے تھے اور عمامہ بھی جسے آپ اپنے سر پر باندھتے تھے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آدمی کا اپنے باپ کے بعد اس کے باپ کے پیاروں سے حسن سلوک کرنا یقیناً سب سے بڑی نیکی ہے۔ اس (بدوی) کا باپ حضرت عمرؓ کا دوست تھا۔

[5]5: بَاب تَفْسِيرِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ

نیکی اور گناہ کی تشریح کا بیان

4618{14} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ

4618: حضرت نواس بن سمعانؓ انصاری بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ کے بارہ میں سوال کیا۔ آپؐ نے فرمایا نیکی

4618 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تفسير البر والاثم 4619

تخريج : ترمذی کتاب الزهد باب ماجاء فی البر والاثم 2389

عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ [6516]

خلق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے سینہ میں کھٹکے اور تو ناپسند کرے کہ لوگوں کو اس کا پتہ لگے۔

4619{15} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ نَوَّاسِ بْنِ سمْعَانَ قَالَ أَقَمْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ سَنَةً مَا يَمْنَعُنِي مِنَ الْهِجْرَةِ إِلَّا الْمَسْأَلَةُ كَانَ أَحَدُنَا إِذَا هَاجَرَ لَمْ يَسْأَلْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ قَالَ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ [6517]

4619: حضرت نواس بن سمعانؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس مدینہ میں ایک سال تک رہا۔ مجھے ہجرت (کرنے) سے صرف سوال کرنے (کی خواہش) نے روکے رکھا۔ اس بات نے روکے رکھا کہ جب ہم میں سے کوئی ہجرت کر لیتا تو رسول اللہ ﷺ سے کسی چیز کے بارہ میں سوال نہ کرتا۔ وہ (نواس) کہتے ہیں میں نے حضورؐ سے نیکی اور بدی کے بارہ میں سوال کیا اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نیکی حسنِ خلق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تو ناپسند کرے کہ لوگوں کو اس کا پتہ چلے۔

[6]6: بَاب صِلَةِ الرَّحِمِ وَتَحْرِيمِ قَطِيعَتِهَا

صلہ رحمی کرنے کا بیان اور قطع رحمی کی ممانعت

4620{16} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ جَمِيلِ بْنِ طَرِيفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيُّ

4620: حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا یہاں تک کہ جب

4619 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تفسير البر والاثم 4618
تخريج: ترمذی کتاب الزهد باب ماجاء فی البر والاثم 2389
4620 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم وتحريم قطيعطها 4621 =

وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَهُوَ ابْنُ أَبِي مُزَرِّدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ حَدَّثَنِي عَمِّي أَبُو الْحُبَابِ سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ خَلَقَ الْخَلْقَ حَتَّى إِذَا فَرَغَ مِنْهُمْ قَامَتِ الرَّحِمُ فَقَالَتْ هَذَا مَقَامُ الْعَائِذِ مِنَ الْقَطِيعَةِ قَالَ نَعَمْ أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلَى قَالَ فَذَاكِ لَكِ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ أُولَئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَى أَبْصَارَهُمْ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَى قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا [6518]

وہ اُن سے فارغ ہوا تو رِحم کھڑا ہوا اور کہنے لگا یہ مقام اس کا ہے جو قطع رحمی کرنے والے سے تیری پناہ چاہتا ہے۔ فرمایا ہاں! کیا تم خوش نہیں ہو کہ میں اس سے تعلق جوڑوں جو تجھ سے تعلق جوڑے اور اس سے قطع تعلق کروں جو تجھ سے قطع تعلق کرے اس (رِحم) نے کہا کیوں نہیں (اللہ نے) فرمایا یہ مقام تیرے لئے ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر چاہو تو (یہ آیت) پڑھ لو فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا☆ کیا تمہارے لئے ممکن ہے کہ اگر تم متولّی ہو جاؤ تو تم زمین میں فساد کرتے پھرو اور اپنے رحمی رشتوں کو کاٹ دو؟ (ہرگز نہیں) یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور انہیں بہرہ کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ پس کیا وہ قرآن پر تدبر نہیں کرتے یا دلوں پر ان کے تالے پڑے ہوئے ہیں۔

4621{17}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا

4621: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رِحم عرش سے تعلق رکھتا

= **تخریج : بخاری** کتاب الزهد باب وتقطع ارحامکم 4830 ، 4831 ، 4832 کتاب الادب باب من وصل وصله الله 5987 ، 5988 ، 5989 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلوا... 7502 **ابوداؤد** کتاب الزکاة باب فی صلة الرحم 1694

☆ **محمدؐ 23 تا 25**

4621 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم وتحریم قطیعطها 4620

تخریج : بخاری کتاب الزهد باب وتقطع ارحامکم 4830 ، 4831 ، 4832 کتاب الادب باب من وصل وصله الله 5987 ، 5988 ، 5989 کتاب التوحید باب قول الله تعالی یریدون ان یبدلوا کلام الله 7502

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي مُزَرِّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُولُ مَنْ وَصَلَنِي وَصَلَهُ اللَّهُ وَمَنْ قَطَعَنِي قَطَعَهُ اللَّهُ [6519]

ہے وہ کہتا ہے کہ جو مجھ سے تعلق جوڑے گا اللہ اس سے تعلق جوڑے گا اور جو مجھ سے قطع تعلق کرے گا اللہ اس سے قطع تعلق کرے گا۔

4622{18}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ سُفْيَانُ يَعْنِي قَاطِعَ رَحِمٍ [6520]

4622: محمد بن جبیر بن مطعمؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا قطع کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا ابن ابی عمر کہتے ہیں کہ سفیان کہتے تھے ''یعنی قطع رحمی کرنے والا''

4623{19}حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ

4623: محمد بن جبیر بن مطعمؓ بیان کرتے ہیں کہ ان کے والد نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

4622 : **اطراف**: **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم و تحريم قطيعها 4623

تخريج : **بخاری** کتاب الادب باب اثم القاطع 5984 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی صلة الرحم 1909 **ابو داؤد** کتاب الزکاة باب فی صلة الرحم 1696

4623 : **اطراف**: **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم و تحريم قطيعها 4622

تخريج : **بخاری** کتاب الادب باب اثم القاطع 5984 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی صلة الرحم 1909 **ابو داؤد** کتاب الزکاة باب فی صلة الرحم 1696

بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6522,6521]

4624{20} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ أَوْ يُنْسَأَ فِي أَثَرِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ [6523]

4624: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جسے پسند ہو کہ اس کے رزق میں فراخی دی جائے یا اس کی عمر لمبی کی جائے تو اسے چاہئے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔

4625{21} و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ وَيُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ [6524]

4625: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جسے پسند ہو کہ اس کا رزق بڑھایا جائے اور اس کی عمر دراز کی جائے اسے چاہئے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔

4626{22} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ

4626: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے ایسے قرابت دار ہیں کہ میں ان سے تعلق جوڑتا ہوں اور وہ مجھ

4624 : اطراف: **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم و تحريم قطيعها 4625

تخريج: **بخاری** کتاب البيوع باب من احب البسط فی الرزق 2067 کتاب الادب باب من بسط له فی الرزق بصلة الرحم 5985 5986 **ابو داؤد** کتاب الزکاة باب فی صلة الرحم 1693

4625 : اطراف: **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب صلة الرحم و تحريم قطيعها 4624

تخريج: **بخاری** کتاب البيوع باب من احب البسط فی الرزق 2067 کتاب الادب باب من بسط له فی الرزق بصلة الرحم 5985 5986 **ابو داؤد** کتاب الزکاة باب فی صلة الرحم 1693

سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي قَرَابَةً أَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُونِي وَأُحْسِنُ إِلَيْهِمْ وَيُسِيئُونَ إِلَيَّ وَأَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُونَ عَلَيَّ فَقَالَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ فَكَأَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللَّهِ ظَهِيرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلَى ذَلِكَ[6525]

سے قطع تعلقی کرتے ہیں میں ان سے اچھا سلوک کرتا ہوں اور وہ مجھ سے برا سلوک کرتے ہیں۔ میں ان سے حلم سے پیش آتا ہوں وہ مجھ سے جہالت سے پیش آتے ہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اگر تم ویسے ہی ہو جیسا کہ تم کہتے ہو۔ تو تم گویا ان پر گرم راکھ ڈالتے ہو۔ جب تک تم اس حال پر رہے اللہ کی طرف سے تمہارے ساتھ ان کے مقابل پر ایک مددگار رہے گا۔

[7]7: بَاب تَحْرِيمِ التَّحَاسُدِ وَالتَّبَاغُضِ وَالتَّدَابُرِ

ایک دوسرے سے حسد کرنے، بغض رکھنے اور بے رُخی کرنے کی حرمت کا بیان

4627{23}حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَحَاسَدُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ

4627: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے بے رُخی نہ کرو اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بنو اور کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زائد قطع تعلق کرے۔

ایک روایت میں ''لَاتَقَاطَعُوْا'' کے الفاظ ہیں (یعنی آپس میں قطع تعلقی نہ کرو۔)

ایک اور روایت میں وَلَا تَحَاسَدُوا وَلَا تَقَاطَعُوْا

4627: اطراف: **مسلم** کتاب البر والصلة والآداب باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر 4628 باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی 4629، 4630، 4631

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب لا یخطب علی خطبة اخیه 5143 کتاب الادب باب ماینهی عن التحاسد و التدابر 6064 6065 باب یایها الذین امنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ... 6066 باب الهجرة 6073، 6074، 6075، 6076، 6077 کتاب الفرائض باب تعلیم الفرائض 6724 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی الحسد 1935 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فیمن یهجر اخاه المسلم 4910، 4911، 4912، 4913، 4914

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ح و حَدَّثَنِيهِ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَلَا تَقَاطَعُوا حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ جَمِيعًا عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَمَّا رِوَايَةُ يَزِيدَ عَنْهُ فَكَرِوَايَةِ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ يَذْكُرُ الْخِصَالَ الْأَرْبَعَ جَمِيعًا وَأَمَّا حَدِيثُ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَلَا تَحَاسَدُوا وَلَا تَقَاطَعُوا وَلَا تَدَابَرُوا

[6529,6528,6527,6526]

وَلَا تَدَابَرُوا کے الفاظ ہیں۔

4628{24} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا

4628: حضرت انسؓ سے روایت ہے نبی ﷺ نے فرمایا تم ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے قطع رحمی نہ کرو اور

4628: اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر 4627 باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی 4629، 4630، 4631

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب لا یخطب علی خطبة اخیه 5143 کتاب الادب باب ماینهی عن التحاسد والتدابر 6064 6065 باب یایها الذین امنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ... 6066 باب الهجرة 6073، 6074، 6075، 6076، 6077 کتاب الفرائض باب تعلیم الفرائض 6724 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی الحسد 1935 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فیمن یهجر اخاه المسلم 4910، 4911، 4912، 4913، 4914

تَحَاسَدُوا وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَقَاطَعُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا وَحَدَّثَنِيهِ عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَزَادَ كَمَا أَمَرَكُمُ اللَّهُ [6531,6530]

اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ۔
ایک اور روایت میں كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ جیسے تمہیں اللہ نے حکم دیا ہے کے الفاظ ہیں۔

[8]8: بَاب تَحْرِيمِ الْهَجْرِ فَوْقَ ثَلَاثٍ بِلَا عُذْرٍ شَرْعِيٍّ

بغیر کسی شرعی عذر کے تین دن سے زائد قطع تعلقی کی ممانعت کا بیان

4629{25} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هَذَا وَيُعْرِضُ هَذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ ح و حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ

4629: حضرت ابوایوب انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین راتوں سے زائد قطع تعلق کرے کہ جب وہ دونوں ملیں تو یہ ادھر منہ پھیر لے اور وہ اُدھر منہ پھیر لے اور دونوں میں سے بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔
ایک اور روایت میں (فَيُعْرِضُ هَذَا وَ يُعْرِضُ هَذَا کی بجائے) فَيَصُدُّ هَذَا وَ يَصُدُّ هَذَا کے الفاظ ہیں معنے وہی ہیں۔

4629 : اطراف: مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تحريم التحاسد والتباغض والتدابر 4627 ، 4628 باب تحريم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی 4630 ،4631

تخريج: بخاری كتاب النكاح باب لا يخطب على خطبة اخيه 5143 كتاب الادب باب ماينهى عن التحاسد والتدابر 6064 6065 باب يايها الذين امنوا اجتنبوا كثيرا من الظن ... 6066 باب الهجرة 6073 ، 6074 ، 6075 ، 6076 ، 6077 كتاب الفرائض باب تعليم الفرائض 6724 **ترمذی** كتاب البر والصلة باب ماجاء فی الحسد 1935 **ابوداؤد** كتاب الادب باب فيمن يهجر اخاه المسلم 4910 ، 4911 ، 4912 ، 4913 ، 4914

الزُّبَيْدِيِّ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِ مَالِكٍ وَمِثْلِ حَدِيثِهِ إِلَّا قَوْلَهُ فَيُعْرِضُ هَذَا وَيُعْرِضُ هَذَا فَإِنَّهُمْ جَمِيعًا قَالُوا فِي حَدِيثِهِمْ غَيْرَ مَالِكٍ فَيَصُدُّ هَذَا وَيَصُدُّ هَذَا [6533,6532]

4630{26}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ وَهُوَ ابْنُ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ [6534]

4630: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی مومن کے لئے جائز نہیں کہ وہ تین دن سے زائد اپنے بھائی سے قطع تعلق کرے۔

4631{27}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

4631: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین (دن) کے بعد کوئی قطع تعلقی (جائز) نہیں ہے۔

4630 : اطراف : مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر 4627، 4628 باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی 4629، 4631

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب لا یخطب علی خطبة اخیه 5143 کتاب الادب باب ماینهی عن التحاسد والتدابر 6064 6065 باب یایها الذین امنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ... 6066 باب الهجرة 6073، 6074، 6075، 6076، 6077 کتاب الفرائض باب تعلیم الفرائض 6724 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی الحسد 1935 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فیمن یهجر اخاه المسلم 4910، 4911، 4912، 4913، 4914

4631 : اطراف : مسلم کتاب البر والصلة والآداب باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر 4627، 4628 باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی 4629، 4630

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب لا یخطب علی خطبة اخیه 5143 کتاب الادب باب ماینهی عن التحاسد والتدابر 6064 6065 باب یایها الذین امنوا اجتنبوا کثیرا من الظن .. 6066 باب الهجرة 6073، 6074، 6075، 6076، 6077 کتاب الفرائض باب تعلیم الفرائض 6724 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی الحسد 1935 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فیمن یهجر اخاه المسلم 4910، 4911، 4912، 4913، 4914

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ ثَلَاثٍ[6535]

[9]9:بَاب تَحْرِيمِ الظَّنِّ وَالتَّجَسُّسِ وَالتَّنَافُسِ وَالتَّنَاجُشِ وَنَحْوِهَا

بدظنّی، تجسّس، دنیاداری میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش اور دھوکہ دینے کے لئے قیمت بڑھانے کی ممانعت کا بیان

4632{28}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ وَلَا تَحَسَّسُوا وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا تَنَافَسُوا وَلَا تَحَاسَدُوا وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا [6536]

